کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 23 ربیع الاول 1446ھ 28 ستمبر 2024ء صفحات 08 | شمارہ 90

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے



مخصوص نشستوں کا فیصلہ مفروضوں پر مبنی، سپریم کورٹ تشریح کی آڑ میں آئین کو دوبارہ نہیں لکھ سکتی، الیکشن کمیشن

عدالت نے تفصیلی فیصلے میں اپنے 12 جولائی کے احکامات سے انحراف کیا، تفصیلی فیصلے میں عدالت نے 41 ارکان کو تحریک انصاف تک محدود کردیا، آزاد ارکان کی سیاسی جماعت میں شمولیت کی معیاد تین دن ہے

سپریم کورٹ نے ارکان کو 15 دن دے کر آئین کے الفاظ کو بدل دیا، آزاد ارکان نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کے بیان حلفی جمع کرائے، عدالتی فیصلے میں ارکان کے بیان حلفیوں کو مکمل نظرانداز کردیا گیا

بیرسٹر گوہر کے سرٹیفکیٹس درست بھی مان لیں تو پی ٹی آئی ارکان کی تعداد 39 نہیں بنتی، امیدواروں کی جانب سے سیکشن 66 کے تحت پارٹی وابستگی کے ڈیکلیریشن جمع نہیں کرائے گئے، رولز 94 انتخابی نشان والی سیاسی جماعت کے لیے ہے

تحریک انصاف کو مخصوص نشستوں کا ریلیف نہیں دیا جاسکتا، فل کورٹ کا فیصلہ ہے کہ دعویٰ نہ کرنے والے کو ریلیف نہیں دیا جاسکتا، الیکشن کمیشن نے 14 ستمبر کی وضاحت کو چیلنج، فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست دائر کردی

اسلام آباد (م ڈ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے کو مفروضوں پر مبنی قرار دیتے ہوئے 14 ستمبر کی وضاحت کو چیلنج کردیا اور فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست دائر کردی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے 8 ججوں نے مخصوص نشستوں کے حوالے سے وضاحتی حکم نامہ جاری کیا تھا جس الیکشن کمیشن نے اعتراضات کرتے ہوئے درخواست دائر کردی۔ آکٹریتی ججز کی 14 ستمبر کی وضاحت پر الیکشن کمیشن نے نظرثانی دائر کردی ہے، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ۔ عدالتی فیصلے پر تاخیر کا ذمہ دار الیکشن کمیشن نہیں نظرثانی درخواست میں کہا گیا ہے کہ 12 جولائی کے فیصلے کی وضاحت 25 جولائی کو دائر کی۔ درخواست میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ نے 14 ستمبر کو وضاحت کا آرڈر جاری کیا، عدالت نے تحریک انصاف کو جواب کے لیے کب نوٹس جاری کیا، تحریک انصاف کی دستاویز پر عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری نہیں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صدر آصف علی زرداری شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کے والد سے تعزیت و فاتحہ خوانی کررہے ہیں

معاشرے میں مایوسی پھیلانے والے عناصر شکست کھا چکے ہیں، آرمی چیف

مختلف شعبوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، قوم کو پاکستان کے روشن مستقبل پر مکمل یقین و اعتماد ہونا چاہیے، جنرل سید عاصم منیر

کراچی کور کے علاقے کا دورہ، آپریشنل تیاریوں، فوج کے زیر اہتمام اہم ترقیاتی اقدامات پر بریفنگ، انووسٹا انڈس آئی ٹی پارک کا افتتاح

کراچی (بیورو رپورٹ) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے وہ افراد جو معاشرے میں مایوسی پھیلانے کی ناکام کوششیں کررہے تھے، تمام سٹیک ہولڈرز کی اجتماعی کوششوں سے شکست کھا چکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں تاجر برادری کے رہنماؤں سے ملاقات میں کیا۔ آرمی چیف نے برادر، دوست ممالک خاص طور پر چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی معاشی بحالی میں مدد...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر تاجر برادری کے نمائندوں سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان کو پاکستان کا قابل دید سیاحتی مرکز بنائینگے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان سیاحتی لحاظ سے دنیا کا خوبصورت ترین اور جان دار خطہ ہے جہاں ہر مکتبہ فکر کے لوگ آباد ہیں، میر سرفراز بگٹی

سیاحت سے اقوام اور ثقافتوں کے مابین محبت اور امن کی شمعیں روشن کی جاسکتی ہیں، سیاحت سے امن کا فروغ ممکن ہے

صوبائی حکومت اس اہم شعبے پر بھرپور توجہ دیکر بلوچستان کے سیاحتی مقامات کو ترقی دینے کے لئے پرعزم ہے، یوم سیاحت پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سیاحت کے عالمی دن کے موقع پر صوبے میں سیاحت کے فروغ کا عزم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاحتی حوالے سے بلوچستان ایک جان دار خطہ ہے پاکستان کے تقریباً آدھے رقبے پر قائم یہ خطہ طویل دریاؤں، میدانی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

نیویارک، وزیر اعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

افغانستان دہشتگرد گروپوں کو پڑوسی ممالک میں کارروائیوں سے روکے، فتنہ الخوارج، مجید بریگیڈ، بی ایل اے اور دیگر دہشتگرد افغان سرزمین پر پنپ رہے ہیں

فلسطینی بچے زندہ دفن ہورہے ہیں، دنیا خاموش ہے

فلسطین و کشمیر سے ظلم کے خاتمے کیلئے نئے ورلڈ آرڈر کی گونج سنائی دے رہی ہے، وزیر اعظم کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب

غزہ میں معصوم بچوں، عورتوں اور نہتے شہریوں کے قتل پر خاموش نہیں رہا جاسکتا، اسرائیلی جارحیت کو طوالت دینے والوں کے ہاتھ بھی غزہ کے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں عالمی برادری کردار ادا کرے

موسمیاتی تبدیلیاں عالمی سطح پر اہم چیلنج ہیں دو سال قبل تباہ کن سیلاب سے پاکستان میں تیس ارب ڈالر کا نقصان ہوا عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں

مقبوضہ کشمیر میں بھارت آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی مذموم کوشش کررہا ہے، بھارتی جارحانہ عزائم سے خطے کے امن کو خطرات ہیں، پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گا

عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں موثر پالیسیوں کی بدولت پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے معاشی اشاریئے بہتر اور مہنگائی میں کمی ہوئی، بحرانی صورتحال میں معیشت سنبھالی

ہمیں ٹی ٹی پی کی صورت میں دہشتگردی کی ایک نئی لہر کا سامنا ہے لیکن ہم اس تحریک کو بھی ختم کردیں گے، عزم استحکام کے ذریعے امن واستحکام لائیں گے، افغان بہن بھائیوں کی تکلیف کا بھی احساس ہے

اسلاموفوبیا کے بڑھتے واقعات پریشان کن، بھارت میں اقلیتیں بالخصوص مسلمان، ہندو انتہاپسندوں کے نشانے پر ہیں، عالمی امن کیلئے انتہاپسندانہ رویوں کا خاتمہ کرنا ہوگا، اقوام متحدہ جنرل اسمبلی سے خطاب میاں شہباز شریف

نیویارک (م ڈ) وزیر اعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور کشمیر کا مسئلہ بھرپور انداز میں اٹھا دیا، غزہ پر اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ معصوم بچوں، عورتوں اور نہتے شہریوں کے قتل پر خاموش...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم کے بعد نیتن یاہو کا خطاب، پاکستانی وفد کا اجلاس سے واک آؤٹ

نیتن یاہو کے ڈائس پر آنے پر شہباز شریف بھی وفد کیساتھ باہر چلے گئے، دیگر ممالک کی جانب سے بھی احتجاج

پاکستان وہ واحد ملک ہے جس نے اقوام متحدہ میں اپنا احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے اجلاس کا واک آؤٹ کیا

نیویارک (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں وزیر اعظم شہباز شریف کی تقریر کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو تقریر کیلئے آئے وزیر اعظم اپنی تقریر ختم کر کے مقرر کردہ نشست پر پہنچے تو اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو خطاب کیلئے مدعو کیا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے نیلامی کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی گئی

قومی ایئر لائن کی نیلامی کیلئے پیشگی رقم 28 اکتوبر تک جمع کرائی جاسکتی ہے، نجکاری کمیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نجکاری کمیشن نے پی آئی اے کی نیلامی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق نجکاری کمیشن نے پی آئی اے کی نجکاری...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

قاضی فائز عیسیٰ جیسی حرکتیں کررہا ہے مجھے وہ ذہنی طور پر ٹھیک نہیں لگتا، عمران خان

ججز نے مخصوص نشستوں کے کیس کے فیصلے میں واضح کردیا چیف جسٹس نے پہلے فراڈ الیکشن کو تحفظ دیا اب پی ٹی آئی کی نشستیں چھیننا شروع ہوگیا

ن لیگ، پیپلز پارٹی فیملی جماعتیں، دونوں کے پارٹی الیکشن کو کوئی نہیں پوچھتا، پی ٹی آئی کے 3 پارٹی انتخابات کالعدم کردیئے گئے، صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی و سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے دنیا کے کسی چیف جسٹس نے ایسا نہیں کیا جو پاکستان کا چیف جسٹس کررہا ہے قاضی فائز عیسیٰ جیسی حرکتیں کررہا ہے مجھے وہ ذہنی طور پر تندرست نہیں لگتا، اڈیالہ جیل...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

فرائض میں غفلت پر متعدد افسران معطل، محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا آغاز

ضلعی افسران نے دانستہ غیر حاضر اساتذہ کی غفلت پر چشم پوشی اختیار کی

وزیر اعلیٰ کی بند اسکول کھولنے پر ضلع آواران کی ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کو شاباش

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا آغاز کردیا گیا ہے جس کے تحت عرصہ دراز سے غیر حاضر عادی اساتذہ کے خلاف عدم کارروائی پر ضلعی افسران کو جواب طلبی نوٹس جاری کئے گئے ہیں جبکہ متعدد افسران کو معطل بھی کیا گیا ہے محکمہ تعلیم کے حکام کے مطابق پانچ اضلاع کے ضلعی افسران تعلیم کو اظہار...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی اڈیالہ جیل میں قید کا ایک سال، اہم تفصیلات سامنے آگئیں

365 دنوں میں 180 جیل ٹرائل سماعتیں، پارٹی رہنماؤں اور وکلا سے 100 سے زائد ملاقاتیں

90 دن قید تنہائی میں گزارے، بانی پی ٹی آئی 365 دنوں میں کبھی بیمار نہیں ہوئے، تفصیلات

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اڈیالہ جیل میں ایک سال قید کی تفصیلات سامنے آگئیں، سابق وزیر اعظم عمران خان کے اڈیالہ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پابندی قومی سلامتی کی وجہ سے ہے، عطا تارڑ

علیحدگی پسند اور دہشتگرد گروپ سوشل ایپ کو ملک کیخلاف استعمال کررہے ہیں، آئی ایم ایف پروگرام تازہ ہوا کا جھونکا ہے

پی ٹی آئی کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں، 9 مئی مقدمات کا فیصلہ ہونے تک عمران خان سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، وزیر اطلاعات

نیویارک (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر پابندی غیر اعلانیہ نہیں، پابندی قومی سلامتی کی وجہ سے ہے، آزادی اظہار رائے روکنے کی کوشش نہیں، نیویارک میں امریکی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا سوشل میڈیا ایپ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کسی کی ایکسٹینشن نہیں ہونی چاہیے، ہم روکیں گے، اعظم سواتی

آئینی پیکج کا مقصد سیاہ عدالت قائم کرنا ہے، سلمان اکرم راجہ، شعیب شاہین، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رہنما تحریک انصاف اعظم سواتی نے کہا ہے کسی کی ایکسٹینشن نہیں ہونی چاہیے، ہم روکیں گے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ واضح آرڈر جاری کرے تاکہ نشستیں مل سکیں، بیرسٹر گوہر

الیکشن کمیشن کی 8 میٹنگز بدنیتی پر مبنی تھیں، عدالت پارٹی ارکان کے نوٹیفکیشن جاری کرائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے سپریم کورٹ سے درخواست ہے پارلیمان اور جمہوریت کے لیے اہم وقت ہے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے وفاقی وزیر سیفران و امور کشمیر انجینئر امیر مقام ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کئے جارہے ہیں، گورنر

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے عالمی یوم سیاحت کے حوالے سے بلوچستان کے مشہور و تاریخی سیاحتی مقام قائد اعظم ریذیڈنسی میں اپنے خصوصی ویڈیو پیغام میں کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی مقدمات میں نامزد پی ٹی آئی کارکنوں سمیت 18 ملزمان بری

پشاور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے مقدمات میں نامزد پی ٹی آئی کارکنوں سمیت 18 ملزموں کو بری کردیا، پشاور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج اقبال نے کیس پر سماعت...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سٹاک مارکیٹ میں مندی، سرمایہ کاروں کے 59 ارب ڈوب گئے

کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 365.83 پوائنٹس کی کمی سے بند

کراچی (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف قرض پروگرام کی سخت ترین شرائط کے ساتھ منظوری، رول اوور ویک اور پرافٹ ٹیکنگ کے باعث پاکستان سٹاک...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی پیکج اکتوبر کے پہلے ہفتے ایوان میں پیش ہونیکا قوی امکان ہے، عرفان صدیقی

فضل الرحمٰن کی حمایت کے بغیر آئینی ترامیم کا منظور ہونا ممکن نہیں، حکومتی اتحاد جے یو آئی کے سربراہ کیساتھ رابطے میں ہے

پارلیمنٹ نے غیرارادی طور پر 19 ویں ترمیم منظور کی جس نے عملی طور پر عدالتی تقرریوں میں پارلیمانی کمیٹی کے کردار کو مفلوج کردیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئینی پیکج پر اتفاق رائے نہ ہونے کے کئی ہفتوں بعد حکومت نے جلد ہی پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا ارادہ کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے منظور کرانے کیلئے مطلوبہ حمایت حاصل کرلیں گے، سینیٹ میں (ن) لیگ کے پارلیمانی لیڈر...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پاکستان تحریک انصاف کے زیراہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں پھر سے معمولی اضافہ

سالانہ بنیادوں پر شرح 12.80 فیصد، ماہانہ آمدن رکھنے والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں پھر سے معمولی اضافہ ہوگیا، حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں 0.05 فیصد اضافہ ہوا جبکہ حالیہ ہفتے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

11 اکتوبر سے کوئٹہ سے ٹرین سروس بحال کرنے کا فیصلہ

پشاور کیلئے جعفر ایکسپریس 11 اکتوبر کو صبح نو بجے روانہ کی جائے گی

26 اگست کو دوزان پل تباہ ہوا جس کی وجہ سے ٹرین سروس معطل تھی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نے 11 اکتوبر سے کوئٹہ سے ٹرین سروس بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا 26 اگست کو تخریب کاری کے نتیجے میں تباہ ہونے والے دوزان پل کی مرمت دس روز میں مکمل کرکے ٹرائل کیا جائے گا سی ای او ریلویز کی جانب سے ڈویژنل...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

آرٹیکل 63 اے نظرثانی کیس سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 5 رکنی بنچ پیر کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آرٹیکل 63 اے نظرثانی کیس سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر کردیا گیا، سپریم کورٹ 63 اے نظرثانی کیس کی سماعت پیر کو کرے گی، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 5 رکنی بنچ کیس کی سماعت کرے گا، بنچ میں جسٹس...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی ترامیم میں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ جیسے شخص کو سپورٹ نہیں کرسکتے، مولانا حیدری

اسٹیبلشمنٹ کی دلچسپی موجودہ ترامیم میں کتنی تھی حکومت کو پتہ ہے، ادارے کو اگر متنازع بنایا جائے تو اچھا تاثر نہیں جاتا

آئینی ترامیم پر اتنی جلدی تھی اتحاد میں شامل جماعتوں کو بھی اعتماد میں نہیں لیا گیا، جائزہ لینے کے بعد رائے دیں گے

اسلام آباد (شاکر رحمٰن) جے یو آئی (ف) کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے قاضی فائز عیسیٰ نے مبارک ثانی کیس میں جو فیصلہ دیا وہ جان بوجھ کر دیا جو قوم کے دباؤ پر واپس ہوا، آئینی ترامیم میں ایسے شخص کو کیسے سپورٹ کرسکتے ہیں؟ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی آج راولپنڈی میں احتجاج کریگی، گرفتاریاں، لیاقت باغ سیل، دفعہ 144 نافذ، رینجرز طلب

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور احتجاج کی قیادت کریں گے، امن وامان کی صورتحال قابو میں رکھنے کیلئے پولیس کی چھٹیاں اچانک منسوخ

ہر قسم کے سیاسی اجتماعات، دھرنے، جلسے، مظاہرے، احتجاج پر پابندی، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کی گئی، پنجاب حکومت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی آج راولپنڈی میں احتجاج کرے گی، گرفتاریاں، پولیس نے لیاقت باغ سیل کردیا، چھٹیاں منسوخ، پنجاب حکومت نے 2 دن کیلئے دفعہ 144 نافذ کرکے رینجرز کو طلب کرلیا، پارٹی ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور احتجاج کی قیادت کریں گے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

لیفٹیننٹ جنرل محمد علی کو سیکرٹری دفاع تعینات کردیا گیا

تعیناتی کی منظوری وزیر اعظم نے دی، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) لیفٹیننٹ جنرل محمد علی کو سیکرٹری دفاع تعینات کرکے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، تعیناتی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی اور انتظامیہ اغوا ہونے والے ٹرانسپورٹرز کی بازیابی کیلئے کاکڑ کے لواحقین سے مذاکرات کررہے ہیں



پاک فوج کا اعزازی کیپٹن بننا لمحہ فخریہ، عامر خان

یوم دفاع و شہدا پاکستان کی تقریب میں شرکت کا اعزاز حاصل ہوا

برطانوی نژاد پاکستانی باکسر عامر خان نے پاکستانی فوج کے اعزازی کیپٹن بننے پر خوشی کا اظہار کیا لندن میں دیئے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وفاقی حکومت کی مدد کی اشد ضرورت ہے، گورنر

تمام جماعتوں کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر ملکی اور قومی مفادات کو ترجیح دینی ہوگی، جعفر مندوخیل کی امیر مقام سے بات چیت

صوبہ بلوچستان اور یہاں کے علاقے خوبصورت قدرتی مناظر بین الاقوامی سیاحوں کیلئے نئے دلکش اور منافع بخش مراکز بن سکتے ہیں

بلوچستان کے مسائل و مشکلات کے دیرپا حل، موجودہ چیلنجز پر قابو پانے کیلئے وفاقی حکومت تعاون کرے گی، امیر مقام کی یقین دہانی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے وفاقی وزیر سیفران و امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی مائی کا لال بلوچستان کو پاکستان سے جدا نہیں کرسکتا، امیر مقام

بلوچستان کے باشندے اینٹی پاکستان مہم کا حصہ نہ بنیں نعرے لگانے والے نعرے لگاتے رہیں لیکن بلوچستان ترقی کرتا رہے گا

آئی ایم ایف کی 7 بلین ڈالر قسط سے پاکستان کی معیشت کو استحکام ملے گا، کچھ لوگ نہیں چاہتے تھے کہ پاکستان کو لون ملے

کوئٹہ (پ ر) وزیر مملکت امور کشمیر و گلگت اور سیفران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی جانب سے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کی نشست پی بی 8 پر 14 نومبر کو ضمنی انتخاب کا اعلان

2 تا 4 اکتوبر تک امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائیں گے، 5 اکتوبر کو ناموں کی اشاعت کی جائے گی

18 اکتوبر کو امیدواروں کی نظرثانی شدہ فہرست، 22 اکتوبر کو انتخابی نشان الاٹ کئے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سردار سرفراز ڈومکی کی وفات کے بعد خالی ہونے والی بلوچستان اسمبلی کی نشست پی بی 8 سبی میں 14 نومبر...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

گینگ آف تھری کیلئے آئینی ترامیم کی جارہی ہیں، علیمہ خان

مویشی منڈیوں میں جلسے کی اجازت دے کر انسانیت کی تذلیل کرتے ہیں

عمران خان نے تحریک شروع کردی، آغاز آج لیاقت باغ سے ہوگا، صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے گینگ آف تھری کیلئے آئینی ترامیم کی جارہی ہیں، ایکسٹینشن دینے کا مطلب چوروں کو تحفظ دینا ہے...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 97 میں دوبارہ گنتی کا کیس، ن لیگی رہنما کی نظرثانی درخواست خارج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے این اے 97 میں دونوں کی دوبارہ گنتی کے کیس میں ن لیگ کے رہنما علی گوہر بلوچ کی نظرثانی درخواست خارج کردی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں ہلاک دہشتگردوں سے افغان شناختی کارڈ برآمد

خارجیوں سے افغان عبوری حکومت کا جاری کردہ اسلحہ رکھنے کا اجازت نامہ بھی ملا، ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مقابلے میں ہلاک ہونے والے دہشتگردوں میں افغان باشندے بھی شامل تھے جس کے ثبوت بھی مل گئے، شمالی وزیرستان کے علاقے رزمک میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 8 دہشتگرد مارے...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ عادل خان بازئی کی ن لیگ میں شمولیت کی تردید

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے حمایت یافتہ رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی نے ن لیگ میں شمولیت کی تردید کردی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ ریفرنس، عدالت کو ہوسٹیج نہیں بنایا جاسکتا، جج ناصر جاوید

ملزمہ بشریٰ کے وکیل نے آخری گواہ پر جرح شروع کردی، مزید سماعت آج تک ملتوی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمران، بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں ملزمہ کے وکیل عثمان گل نے آخری گواہ پر جرح شروع کردی، اڈیالہ جیل میں 190 ملین...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کا ایک ہفتے میں شبلی فراز کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم

ایک ہفتے میں عملدرآمد نہیں ہوتا تو سیکرٹری داخلہ ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، جسٹس طارق جہانگیری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزارت داخلہ کو ایک ہفتے میں سینیٹر شبلی فراز کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم دے دیا جسٹس طارق محمود جہانگیری نے سینیٹر شبلی فراز کا نام عدالتی حکم کے باوجود ای سی ایل سے نہ نکالنے پر توہین عدالت کی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حماد اظہر سے شادی کی افواہوں پر خاتون اینکر نے بھی لب کشائی کردی

پیارے دوست کسی سے شادی نہیں کی، سوشل میڈیا پر خواہ مخواہ نشانہ بنایا جارہا ہے، شفاء یوسفزئی

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر اور اینکر پرسن شفاء یوسفزئی کی شادی کی خبریں گزشتہ روز سے سوشل میڈیا پر زیر گردش ہیں بعد شفاء یوسفزئی کی جانب سے تمام خبروں پر خاموشی توڑ دی گئی، شفاء یوسفزئی نے ٹویٹ میں کہا پیارے دوستو میں نے کسی سے شادی نہیں کی، سوشل میڈیا پر...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف انٹرا پارٹی کیس پر سماعت 2 اکتوبر کو ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف انٹرا پارٹی کیس پر سماعت 2 اکتوبر کو ہوگی، الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور رہنما تحریک انصاف رؤف حسن کو نوٹس جاری کردیئے تحریک انصاف کے وکلا...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف سے قرض کی پہلی قسط وصول، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ

عالمی مالیاتی فنڈ کی جانب سے ایک ارب 2 کروڑ 69 لاکھ ڈالر مل گئے، سٹیٹ بینک کی تصدیق

قرض کی پہلی قسط ملنے پر زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 10 ارب 50 کروڑ ڈالر کی سطح سے بلند ہوگئے

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک نے کہا ہے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی جانب سے 7 ارب ڈالر قرض کی پہلی قسط جاری کردی جو موصول ہوگئی، سٹیٹ بینک سے جاری بیان میں کہا گیا آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کے 37 ماہ کی ایکسٹینڈڈ فنڈ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے بابر خان موسیٰ خیل اور پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی ملاقات کررہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو بلوچستان انسٹیٹیوٹ فار نیفرو یورولوجی کوئٹہ کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

ایس ایس پی فہد خان کی تعیناتی سے ناجائز مقدمات کا سلسلہ ختم ہوگیا' صادق عمرانی

ایس ایس پی کیخلاف ایک منظم اور گمراہ کن پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے' صوبائی وزیر اریگیشن

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ ایس ایس پی نصیر آباد فہد خان کھوسہ ایک فرض شناس اور غیر جانبدار آفیسر ہیں ایسے افسران کی ہم ہر ممکن حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز نصیر آباد کے سینئر صحافی آغا نیاز مگسی سے ٹیلیفون پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اس سے قبل نصیر آباد میں لوگوں کے خلاف ناجائز مقدمات قائم کر کے ان پر عرصہ حیات تنگ کیا جاتا رہا ہے لیکن ایس ایس پی فہد خان کی تعیناتی سے ناجائز مقدمات کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے میر صادق عمرانی نے کہا کہ ایس ایس پی فہد کھوسہ نے اسمگلرز و جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا اور ان کی راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں اس لئے ایس ایس پی کے خلاف ایک منظم اور گمراہ کن پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے نصیر آباد کے باشعور عوام کو چاہئے کہ وہ اچھے افسران سے ہر ممکن تعاون کریں۔

قلعہ عبداللہ بتحصیل گلستان میں سیلاب سے منہدم مکانات دوبارہ تعمیر کی جائیں

سینیٹر کی ورلڈ بینک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر سے ملاقات' سیلاب سے متاثرہ مکانات کی تعمیر کیلئے درخواست

کوئٹہ (پ ر) سینیٹر شکور خان اچکزئی نے ورلڈ بینک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی جس میں بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور تعمیراتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی یاد رہے کہ ورلڈ بینک نے دو سال قبل بلوچستان میں آنے والے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کے لئے ایک پروجیکٹ کا آغاز کیا تھا جس کے تحت منہدم مکانات کی مرمت اور دوبارہ تعمیر کا کام جاری ہے ملاقات کے دوران سینیٹر شکور خان اچکزئی نے قلعہ عبداللہ اور تحصیل گلستان کے سیلاب زدہ علاقوں کی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے پروجیکٹ ڈائریکٹر سے درخواست کی کہ ان علاقوں میں بھی سروے کیا جائے اور ان مکانات کو شامل کیا جائے جو سیلاب میں تباہ ہو چکے ہیں لیکن ورلڈ بینک کے پروجیکٹ میں شامل نہیں کئے گئے انہوں نے زور دیا کہ جو مکانات ابھی تک اس پروجیکٹ سے محروم ہیں، ان کی بھی مرمت اور تعمیر کا عمل فوری طور پر شروع کیا جائے۔ ورلڈ بینک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر نے سینیٹر شکور خان اچکزئی کو یقین دلایا کہ ان علاقوں میں سروے کے لئے ایک ٹیم روانہ کی جائے گی تا کہ متاثرہ مکانات کا جائزہ لیا جا سکے۔

کوئٹہ، انٹیگرل واٹر مینجمنٹ انسٹیٹیوٹ کا ایک وفد نمائندہ وفد اپنے جامعہ بلوچستان کے دورے کے موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور، گرلز سکول چتکان میں ٹیچر کے تبادلے کیخلاف طالبات کا احتجاج

سینئر کا تبادلہ اور جونیئر ہیڈ مسٹریس کی تعیناتی کیخلاف طالبات نے ریلی نکالی

پنجگور (یو این اے) پنجگور گرلز ہائی سکول چتکان کے طالبات کا اپنے ٹیچر کے تبادلہ اور ایک جونیئر کو سکول میں تعیناتی کے خلاف احتجاجی ریلی۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چتکان کی طالبات کا اپنے سکول کی سینئر ہیڈ مسٹریس کے تبادلے اور ان کی جگہ میں ایک جونیئر ہیڈ مسٹریس کی تعیناتی کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی اور ریلی گرلز ہائی سکول سے ہوتی ہوئی ڈپٹی کمشنر کے آفس کے سامنے پہنچی جہاں بچیوں نے اپنی ہیڈ مسٹریس کے حق اور جونیئر ہیڈ مسٹریس کی تعیناتی کے خلاف سخت نعرے بازی کی۔ طالبات نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک سینئر اور قابل ہیڈ مسٹریس کا تبادلہ کسی بھی صورت قابل قبول نہیں اور جب تک ہمارے سکول کی ہیڈ کا تبادلہ منسوخ اور اسے دوبارہ تعینات نہیں کیا جاتا اس وقت تک ہمارا احتجاج جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ ہیڈ مسٹریس کے تبادلہ سے سکول کا نظام کافی حد تک متاثر ہوا ہے ہماری پڑھائی بھی متاثر ہے انہوں نے حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں سیاسی بنیادوں پر جونیئر ز کی تعیناتی کسی بھی صورت قبول نہیں۔

سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ظفر علی بخاری و دیگر افسران ژوب منشیات سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

قبائلی تنازعہ تصفیہ کی پاداش میں الزامات حقائق کے برعکس ہیں، اللہ بچایا

اوچھے ہتھکنڈوں سے کسی صورت مرعوب نہیں ہوں گے' حاجی عبدالرشید

کوئٹہ (آن لائن) سبی اور مستونگ سے تعلق رکھنے والے قبائلی معتبرین حاجی اللہ بچایا مسعود زئی، حاجی عبدالرشید نے کہا ہے کہ قبائلی تنازعے تصفیہ کرانے کی پاداش میں لگائے جانے والے الزامات حقائق کے برعکس ہیں اس کی مذمت کرتے ہیں اوچھے ہتھکنڈوں سے کسی صورت مرعوب نہیں ہوں گے ان خیالات کا انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر قبائلی معتبرین بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ہمیں تصفیہ کرنے کیلئے بلایا اور ہم تصفیہ کرنے گئے، دو ماہ بعد متعلقہ فریق نے مستونگ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حقائق کے برعکس الزام لگایا کہ ہم نے خواتین پر تشدد کی ہے اس میں کوئی صداقت نہیں ہے ہمیں بدنام کرنے کی سازش کی جارہی ہے تصفیہ کے ثبوت اور ویڈیوز بھی ہمارے پاس موجود ہیں حقائق چھپا کر من گھڑت افواہیں پھیلائی جارہی ہے جس کی ہم بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ایسی گھناؤنی حرکتوں سے کسی صورت مرعوب نہیں ہوں گے۔

ریلوے مزدور ایکشن کمیٹی کوئٹہ کا اجلاس، 7 اکتوبر کو احتجاج کا اعلان

ملازمین کی تنخواہوں میں تاخیر اور مالی امداد کی بندش پر شدید تشویش کا اظہار

کوئٹہ + سبی (آن لائن) ریلوے مزدور ایکشن کمیٹی کوئٹہ کے اجلاس کا دوسرا راؤنڈ آج لوکو شیڈ کوئٹہ میں زیر صدارت آرگنائزر رحیم کشکوری منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینئر ڈپٹی آرگنائزر کامریڈ اکرم گل۔ جونیئر ڈپٹی آرگنائزر علی حسن بلیدی۔ آرگنائزنگ سیکرٹری وڈیرہ خان بہادر کشکوری۔ سرپرست اعلیٰ حاجی امیر بخش سنگولی۔ ریلوے انقلابی یونین کے قائدین حاجی محمد اسحاق جمالی۔ میر قمبر خان سنگولی۔ کامریڈ غلام حیدر مگسی۔ ریلوے لیبر یونین کے عبدالرشید۔ شاد محمد۔ ریلوے سپر وائزر ایسوسی ایشن کے علی حسن ابڑو۔ محمد تیمور۔ پیپلز ریلوے ورکرز کے کامریڈ خدا بخش لانگو۔ عمیر گل آفریدی۔ میر عبداللہ خان افغاری۔ مزدور رہنماؤں محمد منیر سمیت مزدوروں کی بڑی تعداد میں شرکت کیا۔ اجلاس میں مزدور ایکشن کمیٹی کوئٹہ کے گزشتہ سات مہینوں کی جدوجہد کو کامیاب قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان کو تحریری طور پر ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی کوئٹہ کے جنرل کونسل اجلاس بلانے کی درخواست پر فوری عمل درآمد کراتے ہوئے جنرل کونسل اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا گیا۔

صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان ملاخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

ڈی سی قلات کی کھلی کچہری 30 ستمبر کو ہوگی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات لیفٹیننٹ ریٹائرڈ بلال شبیر کی سربراہی میں عوامی مسائل سے متعلق کھلی کچہری کا انعقاد 30 ستمبر 2024، بروز سوموار دن 12 بجے ضلعی کونسل ہال میں کیا گیا ہے لہٰذا علاقے کے معززین سیاسی سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری سے گزارش کی جاتی ہی کہ وہ اس کھلی کچہری میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔

منشیات علاقے کیلئے ناسور ہے، ڈی سی چمن راجہ اطہر عباس

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر لیفٹیننٹ (ر) راجہ اطہر عباس کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز بلوچ کی نگرانی میں رسالدار حاجی جہانگیر خان کاکڑ اور بائی پاس لیویز تھانے کی لیویز اہلکاروں نے شہر اور علاقے کے ممتاز علماء کرام سے ضلع بھر میں منشیات کی بڑھتی رجحان پر ملاقات کی اور ڈپٹی کمشنر کے پیغام کو پہنچایا کہ جمعہ کی نماز کے اپنے خطبات میں منشیات کی کاشت اور منشیات فروشی اور استعمال پر بات کریں اور یہ منشیات علاقے کیلئے ناسور ہے اور اب اس ناسور میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے منشیات سے چمن کا ہر تیسرا نوجوان اس سے مبتلا ہے منشیات سے معاشرہ پوری طرح متاثر ہو رہے ہیں اور مختلف جرائم اس سے جنم لے رہے ہیں لہٰذا علماء کرام کے علاوہ علاقے کی باثر شخصیات ٹیچر حضرات سول سوسائٹی اور سماجی شخصیات ضلعی انتظامیہ کے ساتھ علاقے سے منشیات کے خاتمے میں تعاون کریں۔

پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد کی کارروائی' روپوش گرفتار

اوستہ محمد (آن لائن) پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد کی کامیاب کارروائی' روپوش ملزم گرفتار انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج ایاز احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایس پی اوستہ محمد محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد خادم حسین مگسی کی زیر نگرانی سب انسپکٹر عبدالرؤف جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے دوران جنرل چیکنگ اسنیپ چیکنگ روپوش ملزم ظہیر احمد ولد دلمراد قوم لاشاری ساکن زور گڑھ اوستہ محمد کو گرفتار کر لیا پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

کوئٹہ، مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری سیف اللہ خالد، فیصل ندیم، حافظ امجد اسلام امجد و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صوبے میں سوشیو اکنامکس ڈویلپمنٹ پر پیشرفت جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبے میں سوشیو اکنامکس ڈویلپمنٹ پر پیشرفت جاری ہے بلوچستان سوشیو اکنامکس ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے تحت ژوب وانہ روڈ پر کام زور و شور سے جاری ہے اس روڈ کی تکمیل سے عوام کو آمد و رفت کی بہترین سہولت میسر ہوگی بلیک ٹاپ روڈ (ژوب سے وانہ) کی تعمیر کا فیز 1، 35 کلومیٹر پر محیط ہے جس پر تخمینہ لاگت 1 ارب 94 کروڑ روپے لگایا گیا ہے اور اس روڈ کی تکمیل جون 2026 میں ہوگی۔

کشمیریوں و فلسطینیوں کی جدوجہد میں ساتھ رہیں گے، مسلم لیگ نظریاتی

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی مسلم لیگ نظریاتی کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سیف اللہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ہر علاقے میں تعلیمی ادارے و صحت کے مراکز قائم کرنا ہمارا مشن ہے ہمارا نظریہ کلمہ طیبہ ہے ہم ہمیشہ کشمیریوں و فلسطینیوں کی جدوجہد میں ساتھ رہیں گے ہمارا مقصد سیاست کرنا نہیں بلکہ عوام کی خدمت کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مرکزی مسلم لیگ نظریاتی کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سیف اللہ کا مزید کہنا تھا کہ مرکزی مسلم لیگ نظریاتی سیاسی جماعت ہے ہم سمجھتے ہیں کہ نظریے کی بنیاد پر ہمیں یہ ملک حاصل ہوا ہے ملک میں اس وقت افراتفری پھیلی ہوئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے ٹیموں سے دوسرے روز بھی براہ راست ملاقات کر رہے ہیں

شارٹ لسٹڈ امیدواروں کے سرٹیفکیٹس کی تصدیق آج بھی جاری رہے گی' ڈی آر سی کوئٹہ

یہ عمل اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا جارہا ہے تاکہ امیدواروں کی تعلیمی پیشہ ورانہ تجربہ معیاری اور مستند ہو

کوئٹہ (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈی آر سی ٹیم کی زیر نگرانی ایس بی کے حالیہ ٹیسٹنگ سروس کے تحت اساتذہ کی خالی آسامیوں کیلئے شارٹ لسٹ امیدواروں کے اصل تعلیمی و پروفیشنل اسناد اور لوکل سرٹیفکیٹس کی تصدیق کا عمل شروع ہوگیا یہ سلسلہ آج بھی جاری رہے گا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عبدالوہاب مجید سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے مختلف شارٹ لسٹڈ امیدواروں کے اسناد کی تصدیق مکمل کی گئی، جبکہ بقایا امیدواروں کی دستاویزات کی تصدیق آج جاری رہے گی یہ عمل اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا جارہا ہے کہ امیدواروں کی تعلیمی قابلیت اور پیشہ ورانہ تجربہ معیاری اور مستند ہو

پولیو کو جڑ اکھاڑنے کیلئے ٹیمیں دن رات محنت کریں' ڈی سی کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) انسداد پولیو مہم میں بہتری اور پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد پولیو ٹیموں کے ساتھ دوسرے روز بھی ملاقات کی انہوں نے کہا کہ پولیو کو جڑ اکھاڑنے کیلئے پولیو ٹیمیں دن رات محنت کریں۔ ضلعی انتظامیہ 24 گھنٹے پولیو کی ٹیموں کی نگرانی کر رہی ہے۔ کوئٹہ کی تمام ٹیمیں جو کہ 1800 اہلکاران پر مشتمل ہے روزانہ کی بنیاد پر ان سے ملاقات کروں گا انہوں نے کہا کہ فیک فنگر مارکنگ کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔ جو بھی اہلکار فیک فنگر مارکنگ میں ملوث ہوگا انہیں ڈیوٹی سے فارغ کیا جائیگا۔ جبکہ فیک کوریج کی روک تھام کو یقینی بنانے کے لئے ہر حد تک جائیں گے جن ٹیموں کو مسائل درپیش ہیں چاہے سیکورٹی یا کسی اور حوالے سے ہوں تو ٹیم براہ راست مجھ سے ملکر مسائل پیش کر سکتی ہے اس حوالے سے ٹیموں کے ہر ممکن مسائل کو ضلعی انتظامیہ ترجیحی بنیادوں پر حل کر یگی انہوں نے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑ کر سکون کا سانس لیں گے پولیو وائرس کی روک تھام ہماری اولین ترجیح ہے۔

غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی میں غفلت' ڈی ای او قلعہ عبداللہ و موسیٰ خیل معطل

دونوں آفیسران کو انکوائری مکمل ہونے تک ایڈیشنل چارج تفویض' نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (خ ن) غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی میں احکامات میں غفلت برتنے پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز قلعہ عبداللہ اور موسیٰ خیل کو معطل کر دیا گیا سیکرٹری ثانوی تعلیم کے جاری کردہ احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلعہ عبداللہ احمد خان و ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر موسیٰ خیل جمال الدین کو بیڈا ایکٹ 2011، کے سیکشن 6 کے تحت غفلت برتنے اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی میں سیکرٹری ثانوی تعلیم کے واضح احکامات کی بجا آوری پر دونوں آفیسران کو معطل کر دیا گیا۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کی دادرسی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار محمد جاوید کی والدہ کو اس کے شوہر کے پرائم منسٹر اسسٹنس پیکج کے 62 لاکھ روپے دلوا دیے گئے۔

کوئٹہ، ہیومن ایڈوکیسی اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیراہتمام سکل ٹریننگ مکمل کرنے والی طالبات میں مہمان خصوصی صحافی رضاء الرحمان سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

ڈی ایم جمالی' پولیس کی کارروائی' منشیات فروش سمیت 3 ملزمان گرفتار

ڈی آئی جی ایاز بلوچ کے احکامات پر ڈی ایس پی غلام یاسین جمالی کی نگرانی میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

نصیر آباد (نامہ نگار) ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی غلام قادر رند کی کارروائیاں موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کا ایک ملزم گرفتار سی آئی اے کی مدد سے منشیات فروش گرفتار جبکہ لڑائی جھگڑے کے مقدمے میں مطلوب ایک ملزم بھی گرفتار کر لیا گیا ڈی آئی جی نصیر آباد محمد ایاز بلوچ کے احکامات اور ایس ایس پی فہد خان کھوسہ کی ہدایات پر ڈی ایس پی غلام یاسین جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی غلام قادر رند نے اپنی ٹیم محسن علی کھوسہ و رحمد مری رسول بخش جتوئی ظفر علی کھوسہ کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے شہر میں ڈکیتی کرنے والے ایک ملزم محمد وسیم کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا دوسری کارروائی میں انہوں نے لڑائی جھگڑے کے مقدمے میں مفرور ملزم حاجی خان کو بھی گرفتار کر لیا جبکہ تیسری کارروائی میں سی آئی اے انچارج محمد موسیٰ مری اور ان کی ٹیم کے ہمراہ ایس ایچ او غلام قادر رند نے کارروائی کرتے ہوئے ایک کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا تینوں کارروائیوں میں ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

ڈاکٹر عادل خلجی کی فاتحہ خوانی جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) ڈاکٹر عادل خلجی گزشتہ روز شہید ہو گئے تھے وہ سردار حمد اللہ کے صاحبزادے، ظہور احمد، افضل خان، فیصل خان کے بھائی، پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما، سردار روح اللہ خلجی، ڈاکٹر شفیق اللہ خلجی، مولوی فرید اللہ خلجی کے چچازاد بھائی، حاجی اسد اللہ، حاجی حبیب اللہ، معلم صاحب مرحوم حاجی محمد اللہ خلجی کے بھتیجے تھے جن کی فاتحہ خوانی سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک نمبر چار بی روڈ مسجد عائشہ میں جاری ہے۔ دریں اثناء آل بلوچستان کلرک اینڈ ٹیکنیکل ایمپلائز ایسوسی ایشن محکمہ تعلقات کے آفس سیکرٹری محمد اللہ خلجی نے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔

کوئٹہ، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے بھوک ہڑتالی کیمپ میں یونیورسٹی اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر سہیل انور بلوچ، پروفیسر ڈاکٹر کلیم بڑیچ و دیگر بیٹھے ہیں

پشتو اکیڈمی میں پشتون کلچر ڈے : ایک روزہ سیمینار کا مختصر احوال

رپورٹ: عادل اچکزئی

۲۳ ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کے موقع پر کوئٹہ میں پشتو اکیڈمی کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار جسے تین حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا دراصل پشتو ادب، ثقافت، تہذیب و تمدن او رعلمی و ادبی مباحث اور مشاعرے پر مشتمل مختلف تقاریب کا مجموعہ تھا جس کی مختصراً روداد یہاں پیش کرنا چاہتا

ہوں۔ سیمینار کا پہلا حصہ تقاریر اور لیکچرز پر مشتمل تھا۔ دوسرے حصے میں محفل مشاعرہ اور تیسرے حصے میں محفل موسیقی منعقد ہوئی جس میں معروف

گلوکاروں نے مختلف شعراء کا کلام پیش کیا۔ پہلے سیشن کی صدارت اکیڈمی کے بانی رکن معروف ادیب و شاعر سرور سودائی نے کی۔ جبکہ سیشن میں نظامت کے فرائض راقم الحروف (عادل اچکزئی) نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کے آغاز میں ادیب و شاعر محمد نعیم تاثیر نے عبدالکریم بریالئی، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا، سرور سودائی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے عیسیٰ روشان، ڈاکٹر حافظ رحمت نیازی، پروفیسر نقیب اللہ احساس اور نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے احمد جان کو ثقافتی پگڑیاں پہنائیں اولین مقرر نقیب اللہ احساس تھے جنہوں نے اپنی تقریر میں پشتو اکیڈمی، نئے ممبران کی رکنیت اور ان کے کردار، سالانہ گرانٹ میں اضافے اور پشتو اکیڈمی کیسے ایک ادبی اور سائنسی ادارے کے طور پر اپنا وجود قائم رکھ سکتی ہے اس حوالے سے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر حافظ رحمت نیازی نے پشتون معاشرے میں ادب اور سیاست کی ثقافتی قدر پر بات کی۔ عبدالکریم بریالئی نے پشتون ثقافت کے مختلف عناصر کا احاطہ کرتے ہوئے تفصیلی لیکچر دیا۔ بلوچی اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری عرفان جمالدینی، براہوئی ادبی سوسائٹی کے صدر عبدالقیوم بیدار، ہزارگی زبان کے معروف ادیب و دانشور محمد رضا وکیل نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ جس کے بعد صدر مجلس سرور سودائی نے اپنے صدارتی خطبے میں کلچر کی اہمیت و افادیت اور پشتو اکیڈمی کے ماضی حال اور مستقبل پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ سیمینار کے دوسرے سیشن کا آغاز مغرب کی نماز کے بعد ہوا۔ دوسرا سیشن محفل مشاعرے کا تھا جس میں نظامت کے فرائض محمد طاہر خوژمن ہوتک اور عبدالستار راہیاب نے سرانجام دیئے۔ اس سیشن کی صدارت پشین سے تعلق رکھنے والے ادیب و شاعر ڈاکٹر عبداللہ ناشاس نے کی مشاعرے میں عبدالقادر مفتون، اختر نیاز من، تاج گلفام، نذر محمد درمان، نعمت پشتون، سومر خاکسار، شاہین باچا، عباس شاہ مخلص، عبداللہ بیوند، اللہ جان ترابی، جالب ترین، محمد علی مہربان، عابد زیارتل، امین مسرور، عبدالقیوم مشکور، حسین عالم حسین، زبیر کینگی، محمد صادق صبا، عبدالوہاب غزنوی، سید محمد خوشحال، عابد، خوشحال نازولی، کمال خان اندیش، سیف اللہ سیتلی، عبدالمالک بہار، عزت اللہ افغان، نعیم شاکر، سلام بخاری، نسیم افغان، اللہ داد شمل، فدا محمد عیسیٰ، محمد عیسیٰ غریب یار، محمد حسین آزاد، محمد غوث ہمدرد، زیارکش مندوخیل، صدیق اللہ میان، نسیم اطہر، مسعود تنہا، ممتاز باچا، نور محمد آرین، عادل اچکزئی، سرور سودائی، عین الدین لہب، عبدالکریم بریالئی، محمد نواز قائل، سید نصیر شاہ، رحیم شاہ فولاد، عبدالغفار غاور، عبدالستار راہیاب، عبدالخالق اعزاز، طاہر خوژمن ہوتک، ڈاکٹر عبداللہ ناشاس نے اپنا کلام سنا کر حاضرین کو محظوظ کیا اور خوب داد سمیٹی۔ اس سیشن میں حاجی عبداللہ جان نورزئی نے تقریر کی۔ ازیں بعد تمام شرکاء کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا، جس کے بعد اس سیمینار کا تیسرا اور آخری سیشن شروع ہوا۔ یہ محفل موسیقی کے لئے مخصوص سیشن تھا جس میں مقامی فنکاروں اور ہنرمندوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

سینیٹر شکور خان اچکزئی ورلڈ بینک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ چیمبر آف سمال ٹریڈ اینڈ سمال انڈسٹری کے انتخابات برائے سال 2024-2026 مکمل ہوگئے۔

ان انتخابات کے مطابق صدر میر مراد بلوچ، سینئر نائب صدر تاج محمد بڑیچ نائب صدر عطاء اللہ مینگل منتخب ہوئے ہیں

صدر — میر مراد بلوچ | سینئر نائب صدر — تاج محمد بڑیچ | نائب صدر — عطاء اللہ مینگل

بجلی بندر ہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق سریاب گرڈ اسٹیشن پر بس کپلر اور پینل کے مرمتی کاموں کے لئے آج بروز ہفتہ سریاب گرڈ کے 11 KV سمنگلی ایکسپریس، اولڈ لیاقت بازار، چلتن، جان محمد روڈ، سریاب ون، سریاب ٹو، ولدار کاریز، انڈسٹریل، منی مارکیٹ، ہزارہ ٹاؤن، واسا، بی ایم سی (BMC)، کرانی ایکسپریس اور کالونی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بندر ہے گی اسی طرح 29 ستمبر کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن پر سالانہ ٹیسٹنگ اور ضروری مینٹیننس کے کام کئے جائیں گے جسکے باعث 11 KV اولڈ سمنگلی، پی ٹی وی، ملک پلانٹ، سورج گنج بازار، شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ، ایم ای ایس (MES 9)، کیسکو، عالم خان، مارکر فیکٹری، ایف سی ہسپتال، ملک اور کسٹم فیڈروں سے صبح 9 بجے سے 12 بجے دن تک بجلی بند ہوگی۔

ضلع آواران میں 12 سال سے بند سے دوبارہ فعال

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے ضلع آواران میں 12 سال بعد بند سکول دوبارہ فعال ڈپٹی کمشنر آواران انجینئر عائشہ زہری کے مطابق بلوچستان ضلع آواران میں واقع ایک سرکاری سول 12 سال سے بند تھا جس کو دوبارہ فعال ہو گیا۔

ہنر مند خواتین اور بچیاں بلوچستان کا اثاثہ ہیں' رضاء الرحمان

حکومت تکنیکی تعلیم و تربیت فراہم اور ان اداروں میں زیر تعلیم بچوں کی معاونت کرے' سمیرا ناز

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پریس کلب کے سابق صدر سینئر صحافی رضاء الرحمان نے کہا ہے کہ ہنر مند خواتین اور بچیاں بلوچستان کا اثاثہ ہیں، حکومت تکنیکی تعلیم و تربیت فراہم کرنے والے اداروں اور ان میں زیر تعلیم بچوں کی معاونت کرے، یہ بات انہوں نے ہیومن ایڈوکیسی اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیراہتمام دستکاری و دیگر شعبوں میں ہنر سیکھنے اور انگلش لینگویج کا کورس مکمل کرنے والی خواتین اور بچیوں میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، تقریب سے ہیومن ایڈوکیسی اینڈ ڈویلپمنٹ کی چیف ایگزیکٹو سمیرا ناز، پروگرام منیجر فیض اللہ درانی، سید سکندر زمان شاہ نے بھی خطاب کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صحافی رضاء الرحمان نے کہا کہ اکیسویں صدی میں ٹیکنالوجی کی جدت نے نئے شعبوں کو جنم دیا معاشرے میں ووکیشنل ایجوکیشن، پیشہ ورانہ و فنی تعلیم کی اہمیت بڑھ گئی۔

بحرانوں سے نجات کیلئے نیک راستے پر چلنے کی ضرورت ہے، مفتی قاری محمد اسماعیل

اسلامی اصولوں پر عمل پیرا ہو کر فرد کی زندگی میں سکون اور معاشرتی فلاح ممکن ہے، نماز جمعہ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) بحرانوں سے نکلنے کا واحد راستہ یہ ہے کہ ہم خود کو نیک راستے پر چلنے کی تلقین کریں اور دوسروں کو بھی اس راہ پر لائیں۔ جب ہر فرد اپنے اندر مثبت تبدیلی لائے گا اور دین کی تعلیمات پر عمل کرے گا، تبھی ہم معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ اسلامی اصولوں پر عمل پیرا ہونے سے فرد کی زندگی میں سکون آئے گا اور معاشرے میں خیر و برکت پھیلے گی۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے مفتی قاری محمد اسماعیل نے نماز جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی اور بے روزگاری کے مسائل صرف حکومتی اقدامات سے حل نہیں ہو سکتے ہر فرد کو اپنی اصلاح کرنی ہوگی اور دوسروں کو بھی نیک راہ پر چلنے کی ترغیب دینی ہوگی۔ جب ہم اپنے اعمال کو درست کریں گے تو ہمارے معاشرے میں انصاف، محبت اور اخوت کی فضا قائم ہوگی، جس سے جرائم اور بے روزگاری جیسے مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا۔

ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ کے انتخابات' ایوب مریانی صدر، اختر محمد کاکڑ سینئر نائب صدر منتخب

مقررہ تاریخ تک ایک ہی پینل نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے' الیکشن کمیشن

کوئٹہ (پ ر) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے ممبران حاجی مرزا خان خلجی، محمد طاہر اچکزئی اور حاجی محمد یوسف مریانی پر مشتمل الیکشن کمیشن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سالانہ انتخابات برائے سال 2024-26، کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق مقررہ تاریخ تک ایک ہی پینل نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے جس کے تحت محمد ایوب مریانی صدر، حاجی اختر محمد کاکڑ سینئر نائب صدر اور انجینئر میر وائس خان کاکڑ نائب صدر منتخب ہو گئے ہیں الیکشن کمیشن کے اراکین حاجی مرزا خان خلجی، طاہر خان اچکزئی اور حاجی محمد یوسف مریانی نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے نومنتخب صدر محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر محمد کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا بلامقابلہ انتخاب ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے اتحاد و اتفاق کی نشاندہی کرتا ہے ہمیں امید ہے کہ وہ صوبے کی بزنس کمیونٹی کو درپیش مشکلات و چیلنجز کے حل اور قانونی تجارت فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ، جامعہ مسجد و مدرسہ عمر بن الخطاب میں سالانہ جلسہ و دستار بندی میں مفتی شکیل احمد، مولانا حسنین معاویہ، بلال مجید اور حافظ القرآن میں حافظ جواد عمرانی، حافظ طلحہ، حافظ مزمل، حافظ حنظلہ، حافظ نور اللہ، حافظ حذیفہ، حافظ معاذ اللہ و دیگر حفاظ کرام شریک ہیں

محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ پالیسی کسی صورت قبول نہیں، جی ٹی اے آئینی

کنٹریکٹ پر اساتذہ کی تقرریوں سے بلوچستان کی تعلیم تباہ ہوگی، مجیب اللہ غرشین' قادر رئیسانی

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کی صوبائی کابینہ نے کنٹریکٹ پر اساتذہ کی آسامیوں کو پر کرنے کے حکومتی فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے انہیں محکمہ تعلیم کی تباہی کا ذمہ دار قرار دیا بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے موجود ہیں جس میں آئندہ تمام تقرریاں پبلک سروس کمیشن سے کی جائیں گی ان فیصلوں کے باوجود کنٹریکٹ پر اساتذہ کی بھرتی کا کوئی جواز نہیں محکمہ تعلیم کی کنٹریکٹ پالیسی 2024، دیگر اداروں کی طرح پرائیویٹائزیشن کی جانب پہلا قدم ہے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی مجیب اللہ غرشین، سیکرٹری جنرل خادم علی کاکڑ، چیئرمین قادر رئیسانی، چیف آرگنائزر سعید احمد ناصر، سینئر نائب صدر محمد کبیر ابڑو، منظور راہی بلوچ، عمران اللہ کاکڑ، محمد انور ساسولی، محمد نعیم کاکڑ، حاجی علی محمد مزارزئی، محمد ناصر مینگل، کلیم اللہ ریکی، شعیب محمد ترین، حاجی سعید احمد ناصر، وڈیرہ غلام فاروق عمرانی، عنایت اللہ کاکڑ، میڈیا کمیٹی کے ممبر گل محمد بابئی، ثناء اللہ بڑیچ، متین کاکڑ، قاسم اچکزئی نے مشترکہ جاری کردہ بیان میں کیا۔

چوری کے واقعات کے بعد اغواء کاری حکومت کی غفلت کا نتیجہ ہے' جمعیت

جمعیت کوئٹہ شہریوں کو اغواء کاروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی' حاجی بشیر احمد کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے نومنتخب سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ نے ممتاز ٹرانسپورٹر حبیب خان بازئی کے بیٹے سہیل خان بازئی کے اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے صوبائی حکومت اور ڈی آئی جی سے مطالبہ کیا ہے کہ سہیل خان بازئی کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شہریوں کو اغواء کاروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی انہوں نے کہا گزشتہ رات نامعلوم افراد نے مقامی سکول چشمہ اچوزئی کے سامنے سے سہیل خان کو اغواء کیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے چند عرصہ قبل اسی علاقے میں راہزنی کے واقعات کے حوالے سے پولیس انتظامیہ کو اپنی تشویش سے آگاہ کیا اس کے خلاف کارروائی نہ ہونے کے باعث اب اغواء کاری بھی شروع ہوئی ہے یہ صوبائی حکومت کی غفلت کا نتیجہ ہے۔

ایچ آر سی پی چیپٹر مکران کے زیراہتمام تربت میں مباحثے کا اہتمام

تربت (خ ن) انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان (HRCP) چیپٹر مکران کے زیراہتمام تربت میں "مکران میں خواتین کے مسائل" کے موضوع پر مباحثے کا اہتمام کیا گیا مباحثہ میں نامور ادیب و دانشور و انسانی حقوق کے رہنما پروفیسر غنی پرواز نے پروگرام کی صدارت کی، جبکہ مختلف مرد و خواتین شرکاء نے متعلقہ موضوع پر اظہار خیال کیا اور اپنی آراء پیش کیں

مشہور تبلیغی سیاسی و قبائلی رہنما، حاجی عبدالرحمان شاہیزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) مشہور تبلیغی سیاسی و قبائلی رہنما، حاجی عبدالرحمان شاہیزئی انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی لغوتی شاہیزئی کے بھتیجے جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا شیر عباس عرف ملا عبدالمنان حافظ محمد خان مظہری ملک نظر خان شاہیزئی ملا وکیل حافظ اسد اللہ عبدالرؤف حبیب الرحمان کے والد مولوی شادی خان حافظ مراد خان ناصر خان عالم خان کے چچا ملک حاجی عبدالستار شاہیزئی حاجی فضل الوہاب حاجی امیر خان غلام محمد ماسٹر عبدالسلام ماسٹر شیر دل خان کے چچازاد و جمال الدین ماسٹر نعمت اللہ ماسٹر افضل وزیر احمد محمد شیر اف ظاہر خان خوندی خان کے چچا تھے فاتحہ خوانی قلعہ سیف اللہ تور وسکی حاجی عبدالرحمان شاہیزئی کی رہائش گاہ پر جاری ہے۔

انٹری ٹیسٹ میں زیادہ ٹرن آؤٹ حصول میں طلباء کی بڑھتی ہوئی دلچسپی ہے' وی سی گوادر

زیرو سمسٹر کی کلاسز اکتوبر کے دوسرے ہفتے سے شروع ہوں گی' ڈاکٹر عبدالرزاق صابر

گوادر (خ ن) گوادر یونیورسٹی میں گزشتہ روز سمسٹر فال 2024، کے داخلہ ٹیسٹ کا کامیابی سے انعقاد کیا، جس میں ضلع گوادر اور گرد و نواح سے کافی تعداد میں خواہشمند طلباء نے حصہ لیا وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کامیاب ٹیسٹ منعقد کرنے پر ٹیسٹ آرگنائزنگ ٹیم کو سراہا وائس چانسلر نے اپنے بیان میں کہا کہ "انٹری ٹیسٹ میں زیادہ ٹرن آؤٹ گوادر یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم کے حصول میں طلباء کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے ہم معیاری تعلیم کی پیشکش کرنے اور مستقبل کے لیڈروں کی تشکیل کے لئے وقف ہیں۔ یونیورسٹی آف گوادر مینجمنٹ سائنسز، کامرس، اکنامکس، کیمسٹری، ایجوکیشن، کمپیوٹر سائنس اور انگلش سمیت مختلف شعبوں میں متنوع پروگرام کی پیشکش کرتی ہے، جو مکران کے مختلف حصوں اور اس سے باہر کے طلباء کو راغب کرتی ہے انٹری ٹیسٹ کے نتائج کا اعلان اگلے ہفتے متوقع ہے زیرو سمسٹر کی کلاسز اکتوبر کے دوسرے ہفتے سے شروع ہوں گی۔

حب' شہر میں ڈاکوؤں کی بڑھتی سرگرمیاں، پولیس سیاسی پروٹوکول میں مصروف

آئے روز چوری، ڈکیتی و چھینا جھپٹی کے واقعات عام ہو چکے ہیں، شہری

حب (یو این اے) حب شہر میں جرائم کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جہاں ڈاکو عوام کو دن دیہاڑے لوٹنے میں آزاد ہیں جبکہ پولیس سیاسی پروٹوکول میں مصروف دکھائی دیتی ہے تازہ ترین واقعہ حب سائٹ ایریا کی حدود میں پیش آیا، جہاں دو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے ایک شہری سے 6 لاکھ 87 ہزار روپے نقد اور ایک موبائل فون چھین کر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ صرف ایک مثال ہے، کیونکہ آئے روز چوری، ڈکیتی و چھینا جھپٹی کے واقعات حب شہر میں عام ہو چکے ہیں عوام خوف و ہراس کا شکار ہیں اور انہیں یوں محسوس ہوتا ہے کہ انہیں ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا جرائم پیشہ عناصر کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کے باوجود مقامی پولیس کا ردعمل غیر تسلی بخش ہے، جس کی بڑی وجہ سیاسی پروٹوکول میں ان کی مصروفیت بتائی جارہی ہے پولیس کی عدم توجہ کی وجہ سے شہری جان و مال کے تحفظ کے لئے شدید پریشانی کا شکار ہیں اور امن و امان کی بحالی کیلئے حکام بالا سے فوری کارروائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

ممتاز قبائلی رہنما و سابق قانون گو میر حاجی عبدالخالق جنگ انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) ممتاز قبائلی رہنما و سابق قانون گو میر حاجی عبدالخالق جنگ انتقال کر گئے وہ عبدالحق جنگ، مرحوم حاجی عبدالرؤف جنگ، سابق چیف ایڈیٹر بلوچستان اسمبلی میر الٰہی بخش جنگ، سابق ای ٹی او ایکسائز میر عبدالباقی جنگ، ماما اول خان جنگ کے بھائی، اور اے ایف سی فوڈ حاجی جہانزیب جنگ، ظہور احمد جنگ، اعجاز احمد جنگ، ادریس جنگ، مقبول احمد جنگ کے والد، پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر ثناء اللہ جنگ، ایکسائز انسپکٹر حاجی قسمت اللہ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر شمس جنگ فوڈ انسپکٹر عقیل جنگ کے چچا اور حاجی عبداللطیف جنگ کے کزن تھے مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی سردار منیر احمد روڈ نزد سیٹلائٹ ٹاؤن بجلی جنگ لونی کاریز میں جاری ہے۔

آغا شکیل احمد درانی اتوار اور پیر کے روز اپنی والدہ کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ لیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رکن و سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار آغا شکیل احمد درانی اپنی والدہ محترمہ کی وفات پر 29 اور 30 ستمبر کو دو دن تک کوئٹہ میں اپنی رہائشگاہ پر تعزیت لیں گے۔

ملازمین و پینشنرز کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری 4 اکتوبر کو ہوگی' اے جی

ملازمین و پینشنرز کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسے اقدامات سے استفادہ حاصل کریں' نصر اللہ جان

کوئٹہ (خ ن) اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے اپنے ایک اعلامیہ میں کہا ہے کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے کھلی کچہری بروز جمعہ 04 اکتوبر 2024، صبح 11 بجے اے جی بلوچستان کے دفتر میں منعقد کی جارہی ہے جس میں اے جی بلوچستان نصر اللہ جان ڈی ڈی اوز (DDOS) صوبائی سرکاری ملازمین اور پینشنرز کے مسائل کو سنیں گے اور ان کے حل کیلئے اسی وقت احکامات صادر فرمائیں گے اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے کہا ہے کہ ملازمین اور پینشنرز کو چاہئے کہ وہ کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسے اقدامات سے استفادہ حاصل کریں اور اپنے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے رابطہ کریں تا کہ ان کو بروقت حل کیا جا سکے۔

مہنگائی نے غریب طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی، حاجی داؤد

صاحب استطاعت افراد کی مدد سے مشکلات میں گھرے خاندانوں کو سہارا دیا جا سکتا ہے

کوئٹہ (پ ر) ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور مہنگائی چھینے ہوئے افراد کو مسائل سے نکالنے کیلئے صاحب حیثیت افراد کو افراد کی مدد کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ملک میں موجود معاشی مسائل اور بڑھتی ہوئی غربت نے لوگوں کے گھروں کے چولہے بجھا دیے ہیں، اور ایسے وقت میں صاحب استطاعت لوگوں کو ان افراد کی فلاح و بہبود میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے تاکہ ہر گھر میں کم از کم دو وقت کا کھانا میسر آسکے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی فلاحی تنظیم پاکستان (رجسٹرڈ) کے سیکرٹری خزانہ حاجی داؤد نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ملک میں حالیہ برسوں میں مہنگائی اور بے روزگاری میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ معاشی مشکلات کی وجہ سے لاکھوں افراد اپنے خاندانوں کی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں معاشرے کے صاحب ثروت افراد کو بھی آگے بڑھ کر مدد کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری کی اس لہر نے متوسط اور غریب طبقے کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ گھریلو اخراجات میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے، اور لوگ اپنے بچوں کی تعلیم، صحت اور روزمرہ کے دیگر اخراجات پورے کرنے سے قاصر ہیں۔ حاجی داؤد نے فلاحی اداروں کے کردار پر زور دیا۔

جمعیت طلباء نظریاتی کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ، حافظ عزیز الحق درویش پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ارباب اسد علی کاسی کے صاحبزادے ارباب صدام علی کاسی کی منگنی کے موقع پر پی پی رہنما میر اکرم سنجرانی دولہے کو ہار پہنا کر مبارکباد دے رہے ہیں

کوئٹہ، حاجی رشید علی، نواز اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ریلوے مزدور ایکشن کمیٹی کوئٹہ کے اجلاس کی صدارت آرگنائزر رحیم کشکوری کر رہے ہیں

تعلیمی اداروں میں مستقل بنیادوں پر والدین کیساتھ روابطے کے کلچر کو فروغ دیا جائے، راحیلہ درانی

محکمہ تعلیم بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی کے تحت دور جدید کو تقاضوں کو دیکھتے ہوئے تعلیمی اداروں کی اصلاحات سے متعلق تجاویز کی حوصلہ افزائی کرے گی، نوجوانوں کو اچھی طرح سے تعلیم دینی چاہیے

موجودہ حالات کے پیش نظر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے تعلیمی اداروں میں حفاظتی اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے، صوبائی وزیر تعلیم کی زیر صدارت بلوچستان کے مختلف کالجز کے پرنسپلز کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی کو اجلاس کے دوران بلوچستان کے مختلف کالجز کے پرنسپلز نے درپیش مشکلات سے آگاہ کیا اور مزید بہتری لانے کیلئے تجاویز دی۔ اس موقع پر انہوں نے کالجز کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراوی اور کہا ہے محکمہ تعلیم بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی کے تحت دور جدید کو تقاضوں کو دیکھتے ہوئے تعلیمی اداروں کی اصلاحات سے متعلق تجاویز کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ صوبائی وزیر نے کالجز پرنسپل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اپنے اداروں میں غیر نصابی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس دور میں ہمارے بچے والدین اور اساتذہ سے دور ہوگئے ہیں جس کی نگرانی لازمی ہے۔ محترمہ راحیلہ حمید درانی نے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم دینے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے پرنسپلز کی کاوشوں کو سراہا۔ کہا کہ ہمیں اپنے نوجوانوں کو اچھی طرح سے تعلیم دینی چاہیے۔ مزید کہا کہ ہمیں مطابقت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے اپنے کورس اور نصاب کا جائزہ لینا چاہیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں مستقل بنیادوں پر والدین کے ساتھ روابط کے کلچر کو فروغ دیا جائے تاکہ انتظامیہ، طلبہ اور والدین کے درمیان خلا کا خاتمہ ممکن ہو۔ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کی منفی سرگرمیوں اور نفسیاتی اثرات کی نگرانی ممکن بنادے۔ تمام پرنسپلز طلبہ کے ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ حب الوطنی کے شعار کو اپنے تعلیمی اداروں کے سرگرمیوں کا مستقل بنیادوں پر حصہ بنا دے اور حب الوطنی جیسے موضوعات پر مختلف نوعیت کے مقابلوں کا انعقاد یقینی بنادے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

سعودی عرب، شہریوں کو ان گھر کی دہلیز پر نئی سہولت دینے کا اعلان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے محکمہ صحت کی جانب سے شہریوں کو ان گھر کی دہلیز پر نئی سہولت دینے کا اعلان کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مملکت کی وزارت صحت نے موسمی وبائی زکام کی ویکسینیشن کے لیے ہوم سروس شروع کرنے کا اعلان کیا ہے، ستار ایپلی کیشن کے ذریعے شہری انفلوئنزا کے لیے ہوم ویکسینیشن سروس کی درخواست دے سکتے ہیں، درخواست کے بعد صارفین کی ترجیحی جگہ اور دیے گئے وقت پر وزارت صحت کی ٹیم پہنچے گی اور ان کی ویکسینیشن کا عمل انجام ہوے گی۔

پنجگور میں کولڈ اسٹوریج کے قیام سے کھجور کی صنعت کو مزید فروغ ملے گا، زاہد احمد

معیاری کولڈ اسٹوریج نہ ہونے کی وجہ سے کاشتکار کھجور کو زیادہ عرصہ تک محفوظ نہیں رکھ سکتے تھے، ڈپٹی کمشنر

مکران ڈیٹس ٹریڈرز اینڈ کولڈ اسٹوریج یورپی یونین کے مالی سپورٹ پروگرام کے کے تعاون سے قائم کیا گیا ہے

پنجگور (خ ن) ڈپٹی کمشنر زاہد احمد لانگو تین کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے مکران ڈیٹس ٹریڈرز اینڈ کولڈ اسٹوریج کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں گراسپ کے مرکزی ذمہ داران سہیل خان بنگش، ایس پی او کے میراب بلوچ، مجاہد علازئی کولڈ اسٹوریج کے مالک حاجی صغیر احمد اور کھجور کی کاروبار سے تعلق رکھنے والے کاروباری شخصیات، زمینداران اور زندگی کے دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے معززین شہر نے شرکت تقریب میں بتایا گیا کہ مکران ڈیٹس ٹریڈرز اینڈ کولڈ اسٹوریج یورپی یونین کے مالی سپورٹ گراسپ اور اس سے جڑے آئی ٹی سی، ایس پی او، حکومت بلوچستان اور پی پی اے ایف کی تعاون سے تین کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہوگیا ہے تقریب میں اہلیان پنجگور نے یورپی یونین، گراسپ اور دیگر آرگنائزیشن کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اہلیان پنجگور کو اپنے کھجور کی فصلات کو موسمی تبدیلی سے بچانے اور انہیں حفاظت سے رکھنے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا اور مارکیٹ میں کھجور کو باحفاظت رکھنے میں وہ شدید مشکلات سے دوچار تھے لیکن یورپی یونین کے تعاون اور گراسپ کی جدوجہد سے مکران ڈیٹس ٹریڈرز اینڈ کولڈ اسٹوریج کے نام سے کولڈ اسٹوریج کا افتتاح ایک خواب تھا جو حقیقت میں تبدیل ہوا ہم یورپی یونین اور گراسپ سمیت ایس پی او، حکومت بلوچستان، آئی ٹی سی، پی پی اے ایف کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن کی کاوشوں سے اہلیان پنجگور کے مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس ناممکن کو ممکن بنا کر آج باقاعدہ اس کا افتتاح ہوا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور زاہد احمد لانگو نے کہا کہ اس کولڈ اسٹوریج کے قیام سے کھجور کی کاروبار اور اس کے کاشتکاروں کے صنعت مزید فروغ ملے گا۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں 20 سے زائد کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد

غیر رجسٹرڈ و ناقص مشروبات کی بڑی مقدار سمیت زائد المعیاد و ممنوعہ مصنوعات کی بڑی مقدار ضبط کرلی گئیں

دوران انسپکشن متعدد مراکز سے زائد المعیاد و خوردنی مصنوعات اور پابندی عائد اشیاء ضبط کرکے بعدازاں تلف کردی گئیں

کوئٹہ (خ ن) ذاتی فائدے کیلئے عوام کی صحت سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی تابڑ توڑ کارروائیاں جاری ہیں۔ اس ضمن میں اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ، پنجگور، مسلم باغ، حب اور لورالائی میں 20 سے زائد کھانے پینے کے مراکز پر مالکان پر جرمانے عائد کرتے ہوئے غیر رجسٹرڈ و ناقص مشروبات کی بڑی مقدار سمیت زائد المعیاد و ممنوعہ مصنوعات کی بڑی مقدار ضبط کرلی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے مغربی بائی پاس میں غیر معیاری کولڈ ڈرنکس کی سپلائی کی بڑی کوشش ناکام بنادی گئی علاقے میں واقع ایک کولڈ ڈرنک کارخانہ سے غیر معیاری و غیر قانونی مشروبات (JuiceMango) کی تقریباً 1200 بوتلیں پکڑی گئیں، کارخانہ سے ناقص کولڈ ڈرنکس و لیبلنگ کا سامان ضبط کرکے فیکٹری مالک پر بھاری جرمانہ عائد کردیا گیا۔ غیر قانونی کولڈ ڈرنکس کی تیاری و سپلائی پر فیکٹری مالک کو وارننگ نوٹس جاری کرتے ہوئے کولڈ ڈرنکس کی تیاری و سپلائی سے قبل رجسٹریشن سمیت تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کی تنبیہہ کی گئی۔

آج راولپنڈی میں فیصلہ کن عوامی مظاہرہ ہوگا' سید صادق آغا

عمران خان نے حقیقی آزادی سے دستبردار نہ ہوکر اور سر نہ جھکا کر ملک و قوم کی خاطر جیل کو اپنا مقدر بنالیا

پی ٹی آئی کو یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں رہی کہ وہ ملک کی سب سے بڑی جماعت اور عوامی طاقت ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق صوبائی سینئر نائب صدر معروف قبائلی شخصیت "سید صادق آغا" نے آج 28 ستمبر بروز ہفتہ راولپنڈی میں ہونے والے جلسے کو فیصلہ کن مہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور کی تاریخی جلسہ عام کے بعد اب راولپنڈی میں ہونے والا جلسہ فیصلہ کن عوامی طاقت کا مظاہرہ ہوگا۔ اور یہ احتجاج عدلیہ کی آزادی، آئین اور قانون کی بالادستی تک جاری رہے گا انہوں نے کہا۔ کہ تحریک انصاف کو اب یہ ثابت کرنے کی ضرورت بھی نہیں رہی۔ کہ وہی پاکستان کی سب سے بڑی نا قابل تسخیر سیاسی جماعت سیاسی جماعت ہے۔ جس کے قائد چیئرمین عمران خان نے ملک و قوم کی خاطر تمام تر آسائشوں، مراعات، پیشکش وغیرہ کو ترک کرکے جیل کو ہی اپنا مسکن بنالیا ہے۔ اگر وہ حقیقی آزادی سے دستبردار ہوکر، معاشی صورتحال، کرپشن جاری رہنے پر اتفاق کرکے اور عوام کے حقوق سے دستبردار ہوجاتے۔ تو منٹوں میں ان کو نہ صرف جیل سے نجات مل جاتی۔ بلکہ وزیر اعظم سے بڑا پروٹوکول ملے گا۔ مگر عمران خان نے نہ پہلے اصولوں پر سمجھوتہ کیا نہ ابھی کریں گے۔ کیونکہ انہیں صرف اور صرف ملک و قوم عزیز ہے۔

وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے تبادلہ خیال کررہے ہیں

ایف آئی اے کو ایف بی آئی کی طرز پر متحرک ادارہ بنائینگے، وزیر داخلہ

پاکستان کی پولیس و پیرا ملٹری فورسز کی استعداد کار بڑھانے میں آئی این ایل غیر معمولی تعاون فراہم کررہا ہے۔ اس سلسلے میں کئی اہم منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے

فرنٹیئر کانسٹیبلری پورے پاکستان میں ریزرو پولیس کا کردار ادا کررہی ہے، اس فورس کو بھی جدید بنیادوں پر استوار کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے، محسن نقوی کی امریکی وفد سے بات چیت

اسلام آباد: (زاہد احمد خان) - وفاقی وزیر داخلہ وانسداد منشیات محسن نقوی سے امریکہ کی بیورو آف انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لاء انفورسمنٹ افیئرز (آئی این ایل) کے وفد نے وزارت داخلہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والے وفد میں امریکہ کی نائب سفیر نیٹلی بیکر، کنٹری ڈائریکٹر آئی این ایل ائن نیلسن، پولیس ایڈوائزر ایڈ پریسٹن اور پولیس پروگرام سپیشلسٹ فیصل گل شامل تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کی پولیس و پیرا ملٹری فورسز کی استعداد کار بڑھانے میں آئی این ایل غیر معمولی تعاون فراہم کررہا ہے۔ اس سلسلے میں کئی اہم منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے۔ ہم چاہتے ہیں اس تعاون کو مزید آگے بڑھایا جائے اور پائیدار بنیادوں پر استوار کیا جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ماسٹر پلان کے ذریعے سب سے پہلے انتہائی اہمیت کے حامل منصوبوں پر توجہ مرکوز کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے پاکستان کا انتہائی اہم تحقیقاتی ادارہ ہے، چاہتے ہیں کہ ایف آئی اے کو آئی این ایل کے تعاون سے ایف بی آئی کی طرز پر متحرک ادارہ بنایا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان میں جرائم کی سرکوبی کیلئے یہ منصوبہ ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل پولیس اکیڈمی کی تنظیم نو انتہائی ضروری ہے، تاکہ اس کو ایک عالمی معیار کی اکیڈمی بنایا جاسکے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری پورے پاکستان میں ریزرو پولیس کا کردار ادا کررہی ہے، اس فورس کو بھی جدید بنیادوں پر استوار کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام امور میں ہمارے لئے سب سے اہم امریکہ کے تجربے سے استفادہ کرنا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ انسداد منشیات کے ضمن میں بھی ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ امریکی وفد نے وشنگٹن ڈی کے حالیہ واقعات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا۔

طلباء اور طالبات کے تعلیمی معیار پر اساتذہ کرام خصوصی توجہ برقرار رکھیں، جہانزیب شیخ

اساتذہ کا مقام بہت افضل ہے اپنے معیار اور رتبے کا خیال رکھتے ہوئے بچوں کی پڑھائی اور تربیت میں کوئی کسر نہ رکھیں، ڈپٹی کمشنر سبی

بہتر تعلیمی ماحول اور اعلیٰ تعلیم ہماری اولین ترجیح ہے ملک کے معماروں کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے، سکولوں کے دورے کے موقع پر گفتگو

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ نے کہا ہے کہ قوم اور ملک کی ترقی جدید علوم سے ممکن ہے اور ان علوم کا حصول اساتذہ کی بہتر استعداد کار اور محنت میں مضمر ہے چونکہ اساتذہ کا مقام سب سے افضل ہے لہذا اپنے معیار اور رتبے کا خیال رکھتے ہوئے بچوں کی پڑھائی اور تربیت میں کوئی کمی یا کسر باقی نہ رہنے دی جائے طلباء اور طالبات کے تعلیمی معیار پر اساتذہ کرام خصوصی توجہ برقرار رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ریلوے کالونی اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ریلوے کالونی کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر اسکولوں کے پرنسپل صاحبان بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر سبی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ریلوے کالونی کی عمارت کی صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کو دیکھ کر بہت متاثر ہوئے انہوں نے کلاس رومز اور تعلیمی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور مختلف کلاس رومز میں جا کر طلباء اور طالبات سے ان کے مضامین کے متعلق سوالات بھی کیے ڈپٹی کمشنر سبی نے کہا کہ بچوں کے تعلیمی معیار پر اساتذہ کرام خصوصی توجہ برقرار رکھیں والدین اور اساتذہ کرام کی محنت سے بچے کامیابی کی منازل طے کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بہتر تعلیمی ماحول اور اعلیٰ تعلیم ہماری اولین ترجیح ہے ملک کے ان معماروں کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے اگر اساتذہ اپنے فرائض پوری طرح نبھائیں تو انشاءاللہ ہمارا مستقبل روشن ہوگا۔

تربت، گورنمنٹ عطا شاد بوائز ڈگری کالج میں علم و ادب پبلشرز کے تعاون سے عطا شاد بک اسٹال کے زیر اہتمام تین روزہ کتب میلہ میں شائقین کتابوں کا معائنہ کررہے ہیں

طلبا کو فراہم کردہ سہولیات ختم کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے، عبدالستار بلوچ

ہاسٹل کی سہولت ختم کرنے سے طلبا مہنگے ہوٹلز اور کرایے کے مکانات میں رہائش کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی پاکستان ضلع سبی کے صدر ملک عبدالستار بلوچ نے کہا ہے کہ تعلیمی ادارے میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں طلبا کو فراہم کردہ سہولیات ختم کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے بوائز اسٹوڈنٹس کے رہائش کیلئے ہاسٹل کی سہولت ختم کرنے سے طلبا مہنگے ہوٹلز اور کرایے کے مکانات میں رہائش کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں نااہل افسران رہائشی سہولت ختم کرنے کے باوجود طلباء سے ہاسٹل کی مد میں فیس کٹوتی جاری ہے جو اندھیر نگری چوپٹ راج کی واضح دلیل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کے طلبا ہاسٹل کی سہولت ختم ہونے پر خود کو اپڈیٹ کریں گر طالبات کیلئے رہائش نہ ہونا سوالیہ نشان ہے جبکہ طالبات کے ہاسٹل کیلئے فنڈز بھی مختص کرکے انہیں جیبوں کی نظر کیا جارہا ہے ادارے میں ہونے والی بے ضابطگیوں پر ارباب اقتدار کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے متعلقہ اداروں کا غیر سنجیدہ رویہ کئی سوالات کھڑے کررہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ 2019 کے اکتوبر کے وسط سے مین کیمپس کی تعمیر کی سنگ بنیاد رکھی گئی مگر نااہل ٹھیکیداروں سمیت دیگر افسران کی ملی بھگت سے چاردیواری کے علاوہ کوئی کام نہ ہوسکا جبکہ ڈیرہ مراد جمالی لسبیلہ کیمپس کی برانچ منتقل ہوکر تعلیمی سرگرمیاں شروع ہوچکی ہیں انہوں نے تعلیمی اداروں میں ہونے والی بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا فوری نوٹس لیکر شفاف احتساب یقینی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کی پانچ سالہ آڈٹ رپورٹ میڈیا اور عوام کے سامنے لائی جائے

جمعیت علما اسلام تحصیل ناناصاحب مجلس عاملہ کا اجلاس اہم فیصلے کرلئے گئے

خانوزئی (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل ناناصاحب مجلس عاملہ اجلاس زیر صدارت تحصیل امیر مولانا عبدالباقی دمڑ منعقد ہوا مختلف ایجنڈے زیر غور ہم فیصلے کئے گئے ہے اجلاس میں مجلس عاملہ کی ارکان اکثریت شریک تھے اجلاس میں اہم فیصلہ جس میں درج ذیل فیصلے کئے گئے پہلا مجلس شوری کی تشکیل دوسرا تحصیل مبلغ کا تقرر، مفتی محمود استاد الحدیث جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ نیلا گنبد سرکی روڈ کوئٹہ اور ناظم عمومی تحصیل ناناصاحب ضلع پشین اتفاق رائے سے تحصیل مبلغ مقرر ہوئے۔ تیسرا اردو ملازئی کے روڈ کی تعمیر کی نگرانی کیلئے کمیٹی بنانے پر اتفاق ہوگیا چھوتا مجلس عاملہ اور نمائندہ اجلاسوں کی تاریخ اور اوقات کار کے بارے میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر تیسرے جمع مبارک کو عاملہ اور اگلے تیسرے جمعہ کو مجلس عاملہ اور نمائندہ اجلاس منعقد ہوں گے

دنیا بھر میں ہر تین میں سے ایک بچہ بصارت کی کمزوری کا شکار

نیویارک (م ڈ) ایک طویل تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ دنیا بھر میں ہر تین میں سے ایک بچہ بصارت کی کمزوری کا شکار ہے، یعنی ان کی نظر کمزور ہے جب کہ ایشیا سب سے متاثر خطہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیکنالوجی میں سب سے آگے رہنے والے یا وہ ممالک جہاں بچے انتہائی چھوٹی عمر میں پڑھنا شروع کرتے ہیں، وہاں بچوں میں نظر کی کمزوری ان ممالک سے زیادہ پائی گئی جہاں بچے بڑی عمر میں پڑھنا شروع کرتے ہیں۔ دنیا کے 6 براعظم کے 50 سے زائد ممالک کے 50 لاکھ سے زائد بچوں پر کی گئی تحقیق سے معلوم ہوا کہ جاپان، سنگاپور، کوریا، ہانگ کانگ اور چین جیسے ممالک میں بچے نظر کی کمزوری کا زیادہ شکار ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 6 براعظموں میں سب سے زیادہ ایشیا میں بچوں کی نظر زیادہ کمزور پائی گئی جب کہ جاپان میں بچوں میں بصارت کی کمزوری کی شرح سب سے زیادہ 85 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح جنوبی کوریا میں 73 فیصد، چین اور روس میں ترتیب وار چالیس فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سنگاپور اور ہانگ کانگ جیسے خطوں میں بھی بچوں کی نظر زیادہ کمزور پائی گئی، کیوں کہ وہاں بچے کم عمری میں اسکول جانے سمیت اسکرینز کا استعمال بڑھا دیتے ہیں

اسرائیل کو 8 ارب 70 کروڑ ڈالر کی امریکی امداد کا انکشاف

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ امریکا اسرائیل کو 8 ارب 70 کروڑ ڈالر کی فوجی امداد دے رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزارت دفاع نے کہا کہ پینٹاگون میں اسرائیلی اور امریکی دفاعی حکام کی ملاقات ہوئی۔ اسرائیلی وزارت دفاع کے مطابق امریکا اسرائیل کو 8 ارب 70 کروڑ ڈالر کی فوجی امداد دے رہا ہے، امریکی امداد خطے میں فوجی برتری کی اسرائیلی فوجی کوششوں کیلئے ہوگی۔ وزارت دفاع کا مزید کہنا تھا کہ جنگی ضروریات کی خریداری کیلئے ساڑھے تین ارب ڈالر اسرائیل کو مل چکے، 5 ارب 20 کروڑ ڈالر آئرن ڈوم سمیت اسرائیلی فضائی دفاعی نظام کے لیے مختص ہیں۔ اسرائیلی وزارت دفاع کے مطابق امریکی امداد اسرائیل، امریکا مضبوط اور پائیدار اسٹریٹجک پارٹنرشپ کا مظہر ہے اور یہ اسرائیل کی سلامتی کیلئے امریکا کے فولادی عزم کو ظاہر کرتی ہے۔

حکومت پاکستان
(وزارت داخلہ)
نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا)
ریجنل ہیڈ آفس، لاہور

اطلاع عام

مندرجہ ذیل افراد کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اس اشتہار کی اشاعت کے پندرہ (15) یوم کے اندر اندر اپنے متعلقہ نادرا دفتر آفس میں تمام ضروری دستاویزات کے ہمراہ حاضر ہوں۔ بصورت دیگر نادرا اتھارٹی نہ صرف آپ بلکہ آپ کے اہل وعیال کے جملہ افراد کیخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لانے کی مجاز ہوگی۔

نمبر شمار	نام مع ولدیت	پتہ
	ضلع کوئٹہ	
1	فاطمہ اللہ داد ولد شاہ محمد	شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
2	بنوجہ ولد محمد نعیم	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
3	طارق ولد ظریف خان	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
4	اللہ داد ولد ظریف خان	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
5	گل بی بی ولد حسن جان	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
6	بی بی نازیہ ولد طارق	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
7	محمود خان ولد طارق	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
8	فضل الرحمن ولد طارق	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
9	بخت محمد ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
10	بی بی عائشہ ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
11	حضرت علی ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
12	لائبہ بی بی ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
13	اکبر ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
14	اقصیٰ ولد اللہ داد	محلہ شاہ مردان مسجد نواں کلی، کوئٹہ
15	گل ناز ولد گل خان	نواں کلی، محلہ محمود آباد، کوئٹہ
	جنوبی وزیرستان	
16	نیاز محمد ولد عبدالحمید	کوٹ باز، ڈاک خانہ تنائی، گل کچ بازار کلائی، تحصیل توئی خلہ، ضلع ساؤتھ وزیرستان
17	طاہرہ بی بی ولد عبدالحمید	کوٹ باز، ڈاک خانہ تنائی، گل کچ بازار کلائی، تحصیل توئی خلہ، ضلع ساؤتھ وزیرستان
18	دینار ولد عبدالحمید	کوٹ باز، ڈاک خانہ تنائی، گل کچ بازار کلائی، تحصیل توئی خلہ، ضلع ساؤتھ وزیرستان

نادرا ویب سائٹ www.nadra.gov.pk پر ایسے تمام افراد کی فہرست موجود ہے۔
PID(I)2263/24

یونیورسٹی آف گوادر میں امیدوار داخلہ ٹیسٹ دے رہے ہیں

چاکر خان رند یونیورسٹی کے افسران ملازمین کے مسائل حل کرنے سے قاصر، شبیر احمد نوری

جامعہ ہذا میں کھڑی مہنگی گاڑیوں میں ڈیزل کی بجائے ریت بھر کر انہیں ناکارہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحفظ مساجد و مدارس اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ شبیر احمد نوری مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے نااہل افسران ملازمین کے مسائل حل کرنے سے قاصر ہوچکے ہیں ملازمین کی جانب سے تحریری درخواستیں دینے کے باوجود انکی تنخواہوں کی بندش اور ناجائز کٹوتی کا سلسلہ تاحال جاری ہے کوئی پوچھنے والا نہیں اندھیر نگری چوپٹ راج لگا ہوا ہے گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان وزیر تعلیم، سیکرٹری تعلیم و دیگر ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے متعلقہ ذمہ داران ملازمین کو درپیش مسائل کے فوری حل کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں انہوں نے کہا کہ ایک طرف جہاں میر چاکر خان رند یونیورسٹی جیسے تعلیمی ادارے میں گروپ بندی کے تحت ملازمین کو کام کرنے سے روکا جارہا ہے جو تعصب، نفرت اور قبائلیت کی بنا پر ایک دوسرے کے خلاف اقدامات اور سازشیں کرکے ملازمین کو نوکریاں چھوڑنے پر مجبور کیا جارہا ہے جو ارباب اقتدار کیلئے لمحہ فکریہ ہے تو دوسری جانب جامعہ کے ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے انجن میں ریت ڈال کر انہیں ناکارہ کرنے کی حرکتیں سازشی عناصر کی طرف سے کی جارہی ہیں سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گاڑیوں میں ریت ڈالنے والے ملزمان تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے مگر یہ رویہ باعث تشویش ہے کہ جامعہ ہذا میں کھڑی مہنگی گاڑیوں میں ڈیزل کی بجائے ریت بھر کر انہیں ناکارہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب طلبا کو گھروں سے یونیورسٹی تک پہنچانے والی بڑی بس میں بھی موبائل نہ ڈالنے کے باعث شہر کے داخلی حصے میں یونیورسٹی بس بند ہوگئی بھی اور اسکا انجن سیز ہوگیا تھا

نااہل افسران میر چاکر خان رند یونیورسٹی کو بند کرنے کی سازش کررہے ہیں، مفتی وزیر

کام کرنے والوں کو تنخواہوں سے محروم کرکے انہیں کام سے روکنا دوغلی پالیسی ہے

کوئٹہ (یو این اے) سنی اتحاد کونسل کے مرکزی رہنما مفتی وزیر القادری مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے وفد نے ملاقات کی اور انہیں جامعہ ہذا میں درپیش مسائل سے مفصل گاہ کیا اس موقع پر علامہ مفتی وزیر القادری مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ نااہل افسران میر چاکر خان رند یونیورسٹی کو بند کرنے کی سازش کررہے ہیں دوہرا انتظامی نظام ملازمین کیلئے وبال جان اور گروپ بندی مسائل کی اصل جڑ ہے من پسند افراد کی تنخواہوں کی ادائیگی اور کام کرتے والوں کو تنخواہوں سے محروم کرکے انہیں کام سے روکنا دوغلی پالیسی ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے مین کیمپس میر چاکر خان رند یونیورسٹی کی صرف چار دیواری تعمیر کی گئی جبکہ ٹیکنیکل کالج پر فضول میں پیسہ ضائع کرکے کرپشن کی نظر کردیا گیا سات ڈیپارٹمنٹس کی بجائے پانچ شعبہ جات کے طلبا کو بھی کمروں کی کمی کے باعث کلاسز لینے میں دشواریاں درپیش تھیں گراں میں اضافہ نااہل افسران کی بے ضابطگیوں کا دروازہ کھولنے کی جا چکی تھی انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کو متحرک و فعال بنانا تمام اسٹیک ہولڈرز کی ذمہ داری ہے یہ کوئی گھر، بنگلہ یا محل نہیں کہ فرد واحد کی ناانصافیاں اور زیادتیاں جاری رہیں اور سب خاموش تماشائی بنے بیٹھے رہیں اگر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے مسائل حل نہ کیے تو ملازمین کے ہمراہ سخت احتجاج ریکارڈ کرائیں گے جس میں تمام سیاسی و عوامی حلقے شامل ہونگے۔

ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ کے بلامقابلہ منتخب ہونیوالے عہدیداران

صدر محمد ایوب مریانی | سینئر نائب صدر اختر محمد کاکڑ | نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ

مرکزی انتخابات 29 ستمبر کو پشاور میں ہونگے، اسلم غوری

صوبہ بلوچستان سے سنیئر مولانا عبدالواسع امیر اور مولانا محمود شاہ سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں

پشاور، کوئٹہ (اے این این) جے یو آئی مرکزی ترجمان محمد اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی مرکزی انتخابات 29 ستمبر کو پشاور میں ہونگے انتخابات میں ملک بھر سے مرکزی کونسل کے ممبر شریک ہونگے انتخابات میں مرکزی امیر اور سیکرٹری جنرل کا چناو ہوگا صوبہ کے پی، بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے انتخابات مکمل ہوچکے ہیں صوبہ سندھ گلگت بلتستان اور اسلام آباد کے انتخابات مکمل ہوگئے ہیں صوبہ کے پی سے سنیئر مولانا عطاالرحمان امیر اور مولانا عطاالحق درویش سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں صوبہ بلوچستان سے سنیئر مولانا عبدالواسع امیر اور مولانا محمود شاہ سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں صوبہ پنجاب سے مولانا محمود میاں امیر جبکہ حافظ نصیر احرار سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں صوبہ سندھ سے مولانا عبدالقیوم ہالیجوی امیر اور مولانا راشد سومرو سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں اسلام آباد سے مفتی اویس عزیز امیر اور مفتی عبداللہ سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں گلگت سے مولانا ولی الرحمان امیر جبکہ بشیر احمد قریشی سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے

طالبان حکومت برکس اقتصادی فورم میں شمولیت کی خواہاں

اپنے تعلقات کو وسعت بخشنے اور برکس کے اقتصادی فورمز میں شرکت کے خواہشمند ہیں، حکومتی ترجمان

کابل (م ڈ) افغان حکومت کے ترجمان نے کہا ہے کہ افغانستان کی طالبان حکومت برکس اقتصادی فورم میں شمولیت کی خواہشمند ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ پر مشتمل ابھرتی ہوئی معیشتوں کی سربراہی کانفرنس برکس کا انعقاد اس سال 22 سے 24 اکتوبر تک روسی شہر کازان میں ہوگا۔ افغان حکومت کے نائب ترجمان حمداللہ فطرت نے کہا کہ بڑے وسائل کے حامل ممالک اور دنیا کی سب سے بڑی معیشتیں بالخصوص روس، بھارت اور چین برکس فورم سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال ہمارے ان کے ساتھ اچھے اقتصادی تعلقات اور تجارتی روابط ہیں، ہم اپنے تعلقات کو وسعت بخشنے اور برکس کے اقتصادی فورمز میں شرکت کے خواہشمند ہیں۔ افغانستان میں اقتدار میں آئے تین سال سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود ابھی تک طالبان حکام کو کسی بھی ملک نے سرکاری طور پر تسلیم نہیں کیا ہے

لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا منصوبہ عوام دشمنی ہے مسترد کرتے ہیں، افغان قومی موومنٹ

بی ایریا میں امن کو برقرار رکھنے اور 94 فیصد تک جرائم کے خاتمے پر لیویز فورس کی کارکردگی قابل تحسین ہے

لیویز فورس صوبے کے تمام اضلاع میں پوری مستعدی اور بھرپور صلاحیت سے ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے صوبائی پریس ریلیز میں صوبائی حکومت کی جانب سے مختلف اضلاع جن میں چمن، قلعہ عبداللہ خان، زیارت اور ضلع شیرانی کے بی ایریا کو اے ایریا یعنی لیویز ایریا کو پولیس ایریا میں تبدیل کرنے کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے بی ایریا میں امن کو برقرار رکھنے اور 94 فیصد تک جرائم کے خاتمے پر لیویز فورس کی کارکردگی قابل تحسین قرار دیتے ہوئے بی ایریا کو ختم کرکے اے ایریا میں ضم کرنے کے فیصلے کی سختی سے مخالفت کرتے ہوئے اس فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کی گئی ہے لیویز فورس صوبے کے تمام اضلاع میں پوری مستعدی اور بھرپور صلاحیت سے ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہے ایسے میں حکومت کی بدنیتی پر مبنی منصوبہ اور ارادہ کہ لیویز کو پولیس میں ضم کیا جائے کے فیصلے کو یکسر مسترد اور عوام دشمن قرار دیں گے۔ بی ایریاز جو لیویز کے زیر کنٹرول ہیں وہ اے ایریاز سے زیادہ محفوظ ہیں کیونکہ عوام پولیس کے بنسبت لیویز سے زیادہ باہمی تعاون کررہی ہے اور حالیہ دہشت گردی کے لہر میں لیویز اہم کردار ادا کررہی ہے گزشتہ امراء ادوار میں کئ بار بی ایریاز کا خاتمہ کرکے اے ایریا میں شامل کرنے کے ناکام تجربے کیئے گئے تھے اس غیر جمہوری سازش کو ہر وقت جمہوری سیاسی قوتوں نے مسترد کرکے ناکام بنادیا گیا ہے بیان میں بی ایریا کے خاتمے کے فیصلے سے دست برداری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے فیصلوں سے عوام کی اعتماد کو ٹھیس پہنچے گا اے کیو ایم سمیت صوبے کے تمام سیاسی جمہوری پارٹیاں لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے کو قبول نہیں کرے گی اور جو بھی قوتیں بی ایریاز کے خاتمے کی کوشش کرے گی اے کیو ایم انکے سامنے عوامی قوت کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کے رہے گی

دکی، ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ لیویز سپاہی عبید شہید کے والد کو کمپنسیشن چیک دے رہے ہیں

سفارشی بنیاد پر اداروں کی تباہی و بربادی کا باعث بن رہی ہے، شبیر احمد

فارم 47 کی مصنوعی حکومت عوامی مسائل حل کرنے سے یکسر قاصر ہوچکی ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی نصیر آباد کے ضلعی رہنما میر شبیر احمد ابڑو نے کہا ہے کہ نیب، اینٹی کرپشن و دیگر تحقیقاتی ادارے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کی 2019 تا 2024 آڈٹ رپورٹ عوام کے سامنے لائیں کرپشن کا گڑھ بننے والی یونیورسٹی کے اعلیٰ افسران لاکھ پتی بن گئے مگر طلبا تاحال اسکالر شپس سے بھی محروم ہیں یونیورسٹی ملازمین کو گزشتہ چار ماہ کی تنخواہوں میں سے ایک کی ادائیگی میں بھی ناجائز کٹوتی کا شکار ہیں اعلیٰ حکام مسائل پر آگاہ ہونے کے باوجود خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی مصنوعی حکومت عوامی مسائل حل کرنے سے یکسر قاصر ہوچکی ہے میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں کی ناجائز کٹوتی اور بلاجواز بندش پر کسی کے کان میں جوں تک نہیں رینگتی جنکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے نااہل افسران میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے من مانیوں کا نوٹس نہ لینا عوامی مسائل پر کبوتر کی طرح آنکھیں بند کرنے کے مترادف ہے جو باعث افسوس اور سوالیہ نشان ہے انہوں نے مزید کہا کہ سفارشی بنیاد پر نااہل افسران کی تعیناتی اداروں کی تباہی و بربادی کا باعث بن رہی ہے پالیسیاں مرتب کرنے والے اداروں کو تباہی کی جانب دھکیلنے والوں کا احتساب یقینی بنائیں چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے باعث لوٹ مار کا بازار سرعام گرم ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہر جگہ اندھیر نگری چوپٹ راج قائم ہوچکا ہے انہوں نے نیب، اینٹی کرپشن و دیگر تحقیقاتی اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کی 2019 تا 2024 آڈٹ رپورٹ منظر عام پر لائی جائے اور ملازمین کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا فوری ازالہ کیا جائے۔

بھارت میں بچوں کے ساتھ زیادتی کے ملزم کو پہلی مرتبہ سزائے موت سنادی گئی

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی ریاست اروناچل پردیش کی ایک خصوصی عدالت نے سرکاری رہائشی اسکول کے ہاسٹل وارڈن کو 21 طلبا پر جنسی زیادتی کے جرم میں سزائے موت سنادی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ کیس نومبر 2022 میں اس وقت سامنے آیا تھا جب ایک بچے کے والد نے شی یومی ضلع کے مونی گونگ پولیس اسٹیشن میں ہاسٹل وارڈن کے خلاف بچوں کے ساتھ زیادتی کے الزام میں شکایت درج کروائی تھی۔ یہ بھارت میں پہلا موقع ہے کہ بچوں کے تحفظ کے قانون کے تحت کسی مجرم کو سزائے موت دی گئی ہے، جبکہ واقعے میں متاثرین کی موت بھی نہیں ہوئی تھی۔

امریکا، دنیا کے پہلے تھری ڈی پرنٹ کے ذریعے ہوٹل کی تعمیر

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ریاست ٹیکساس کے صحرا میں دنیا کے پہلے تھری ڈی پرنٹ کے ذریعے ہوٹل کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہوٹل تعمیر کرنے والا پرنٹر 46 فٹ چوڑا اور تقریباً 5 ٹن وزنی ہے۔ 40 ایکڑ رقبے پر محیط اس ہوٹل میں تھری ڈی پرنٹ کی مدد سے 43 نئے یونٹس اور 18 رہائشی مکانات بنائے جارہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ تھری ڈی ٹیکنالوجی مستقبل میں مستری سمیت دیگر تعمیراتی ماہرین کی جگہ لے سکتی ہے۔

نیتن یاہو کا ایک بار پھر جنگ بندی کا مطالبہ ماننے سے انکار

حزب اللہ کو پوری قوت سے نشانہ بناتے رہیں گے، میڈیا سے گفتگو

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے امریکا، اتحادی اور عرب ممالک کا لبنان جنگ بندی مطالبہ ماننے سے صاف انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لبنان پر حملے جاری رہیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعہ کو میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے امریکا، اتحادی اور عرب ممالک کا لبنان جنگ بندی مطالبہ ماننے سے صاف انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لبنان پر حملے جاری رہیں گے، ان کا کہنا تھا کہ حزب اللہ کو پوری قوت سے نشانہ بناتے رہیں گے، جنگ بندی نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ لبنان اور اسرائیل میں جاری جنگ کو روکنے کیلئے امریکا اور فرانس کی جانب سے 21 روزہ جنگ بندی کی تجویز سامنے آئی ہے

عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں کا حصہ ہے، ڈی سی نصیر آباد

کھلی کچہری کے انعقاد کا بھی مقصد یہی ہے کہ ہم عوام سے ان کی دہلیز پر تمام مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کریں

غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، مفاد عامہ کے برخلاف کسی بھی عمل کو برداشت نہیں کیا جائے گا

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری منجو شوری میں منعقد ہوئی لوگوں کے جم غفیر نے کھلی کچہری میں شرکت کرکے اپنے مسائل کے متعلق ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کو تحریری اور زبانی طور پر آگاہی فراہم کی کئی مسائل کو ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے موقع پر ہی حل کرنے کے احکامات جاری کیے عوام کی جانب سے ڈپٹی کمشنری نگرانی میں تمام افسران کی موجودگی کو بے حد سراہا گیا عوام کے جم غفیر نے ڈپٹی کمشنر کی کارکردگی کو سراہتے خوشی کا اظہار کیا کھلی کچہری میں سائلین کے لیے ضلعی انتظامیہ نصیرآباد کی جانب سے بہترین انتظامات کیے گئے تھے تمام شرکا کو ٹھنڈے میٹھے پانی کی فراہمی سمیت سایہ دار جگہ کا بھی انتظام کیا گیا تھا تاکہ انہیں مشکلات سے دوچار نہ ہونا پڑے کھلی کچہری میں کرنل ملک محمد صدیق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالحمید کھوسہ اسسٹنٹ کمشنر علی شاہ عباسی ایس ایس پی نصیرآباد لیفٹیننٹ ریٹائرڈ فہد خان کھوسہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالرحمن کاکڑ اکبر علی لاشاری حفیظ الرحمن ہاشمی محمد وسیم تھہیم عمران حیدر ترین سمیت دیگر آفیسران احمد نواز جنگ عبدالحمید ابڑو ڈاکٹر محمد حسن ڈی ایچ او عطااللہ منگلزئی ڈاکٹر شوکت علی کھوسہ ڈاکٹر زاہد عمرانی فیصل اقبال کھوسہ تسمیر عمرانی عبدالرزاق میونسپل ایڈمنسٹریٹر منظور شیرازی نعیم علی سمیت دیگر ضلعی افسران شریک تھے کھلی کچہری کے موقع پر سائلین کی جانب سے طبی سہولیات کی فراہمی، زرعی اراضی کے مسائل، تمام تحصیلوں میں ادویات کے کوٹے میں اضافہ، امن وامان، سیلابی صورتحال سے لوگوں کو محفوظ رکھنے، بجلی کی فراہمی، کینالز پر پلوں کی تعمیرات، ترقیاتی امور میں تیزی لانے، ربی کنال کے شگافوں کو پر کرنے، منجو شوری میں بینک سسٹم کی سہولیات کی فراہمی، مسافر خانے میں آلودگی کے لیے جنڈ پمپس کی فراہمی سمیت لائیو اسٹاک و دیگر شعبوں میں عوام کو درپیش مسائل کے متعلق تحریری اور زبانی طور پر آگاہی فراہم کی گئی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل سے کسی صورت چشم پوشی نہیں کی جاسکتی

چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد ڈاکٹر عظیم الدین زاہد کو شیلڈ دے رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر۔پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 28 ستمبر 2024ء

پائیدار اہداف کا حصول، وزیراعظم شہباز شریف کا دوٹوک عزم

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف مختلف عالمی رہنماؤں اور اہم اداروں کے سربراہان اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران تواتر سے اس عزم کا اظہار واعادہ کر رہے ہیں کہ چیلنجز کے باوجود حکومت معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے کوشاں ہے اور اس ضمن میں وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وزیراعظم نے گزشتہ روز دوران ملاقات ممتاز پاکستانی امریکن بینکرز کو دعوت دی کہ وہ آگے بڑھیں اور پاکستان میں سرمایہ کاری کریں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے کلی معیشت کے استحکام کے ماحول کو برقرار رکھا جائے گا انہوں نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے مستحکم میکرواکنامک ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں معاشی اعشاریوں میں بہتری آئی ہے اور بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں بشمول فچ اور موڈیز کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے وفد کو ایک پائیدار مالیاتی فریم ورک کے قیام کے بارے میں بھی بتایا جو حکومت کو بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹوں میں گرین سسٹین ایبلٹی بانڈ کے اجراء میں معاون ثابت ہوگا علاوہ ازیں گزشتہ روز وزیراعظم نے برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر، یورپی کمیشن کے صدر ارسلان ڈیر لیین سے ملاقات کے موقع پر بھی اس عزم کا اعادہ کیا کہ پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف اور برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے پاک برطانیہ تعلقات کو مزید فروغ دینے اور مختلف شعبوں بالخصوص تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ پر اتفاق کیا اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی معیشت کی ترقی کے لئے حکومت کے اقدامات بالخصوص ایف بی آر کی اصلاحات اور ٹیکس بیس میں اضافے، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے پاکستان کو درپیش مسائل، پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیوں اور ملک میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کو اجاگر کیا وزیراعظم نے پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ ہے جس کے تدارک کیلئے عالمی برادری کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے برطانیہ کے تیسرے بڑے ملک کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اور منصوبوں پر روشنی ڈالی یورپی کمیشن کی صدر سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی کنونشنز کو مکمل طور پر نافذ کرنے کے لئے پرعزم ہے انہوں نے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے کے لئے مسلسل بات چیت اور تعاون کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے یورپی یونین کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔اسی طرح عالمی بینک کے صدر سے بھی وزیراعظم نے ملاقات کی وزیراعظم نے عالمی بینک کی جانب سے حکومت پاکستان کے ساتھ اقتصادی اصلاحات، غربت میں کمی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی سمیت پاکستان کے معاشی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے تعاون کو سراہا۔وزیراعظم نے عالمی بینک کے صدر کو حکومت کے پالیسی، انتظامی اور تنظیمی اصلاحات کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے بتایا۔انہوں نے بتایا کہ حکومت نے توانائی، مالیات اور محصولات کے شعبوں میں اصلاحات نافذ کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان معاشی اصلاحات کی تکمیل کے لئے عالمی بینک کی جانب سے تعاون کا خیر مقدم کرے گا۔انہوں نے آبی نظام، توانائی اور انسانی ترقی سمیت پاکستان کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے جدید مالیاتی حل تلاش کرنے پر زور دیا۔وزیراعظم اور عالمی بینک کے صدر نے وژن دو ہزار پچیس اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کے مطابق پاکستان کے ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے اپنے عزم کا اعادہ کیا وزیراعظم نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر برطانوی وزیراعظم، یورپی کمیشن کے صدر، آئی ایم ایف کی سربراہ اور دیگر عالمی رہنماؤں سے جو ملاقاتیں کیں ان کے دوران وزیراعظم نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان کا لب لباب اگر دیکھیں تو یہی ہے کہ پاکستان نہ صرف خطے اور پوری دنیا میں امن کا خواہاں ہے بلکہ امن کے لئے ہونے والی ہر کوشش اور پیشرفت کا حامی اور عملی حصہ رہا ہے علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت ملک میں تجارتی و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے پوری طرح کوشاں ہے اور سرمایہ کاری کے فروغ کو یقینی بنانے کے لئے حکومت خصوصیت کے ساتھ اقدامات اٹھا رہی ہے امید واثق ہے کہ یہ اقدامات نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔وزیراعظم نے سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطحی مباحثے "لیڈر فار پیس" سے خطاب کرتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ دنیا کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے، روس یوکرین جنگ کے خاتمے، فلسطین و کشمیر میں جاری مظالم روکنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اگر جنگیں نہ روکی گئیں تو مستقبل تاریک ہوگا، فلسطین میں نسل کشی پر اسرائیلی قیادت کا احتساب کیا جائے اور اسرائیل پر تجارت اور اسلحہ سمیت دیگر پابندیاں لگانے کا وقت ہے،ہمیں اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی اور مشرق وسطیٰ میں تنازع کے پھیلاؤ سے روکنا چاہئے بیروت پر بمباری انتہائی قابل مذمت ہے۔سلامتی کونسل یوکرین میں جنگ بندی اور پرامن حل کیلئے غیر جانبدارانہ منصوبہ بنائے سلامتی کونسل دیرینہ تنازع جموں وکشمیر کو مزید نظر انداز نہیں کرسکتی، جموں وکشمیر کے مسئلہ سے عالمی امن وسلامتی کو مستقل خطرات لاحق ہیں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو افغانستان سے بالخصوص فتنہ الخوارج کی دہشت گردی کے خطرات کے دوبارہ ابھرنے کے معاملے سے نمٹنے پر موثر توجہ دینی چاہئے۔ نئے ہتھیاروں اور مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی پر کنٹرول ہونا چاہئے کیونکہ یہ انتہائی خطرناک ہیں وزیراعظم شہباز شریف نے جو نکات اٹھائے ہیں وہ غور طلب ہیں اور عین حقیقت کے مطابق ہیں عالمی برادری کا فرض عین ہے کہ وہ ان معاملات پر نہ صرف غور وفکر کرے بلکہ اپنی ذمہ داریوں کی بجاآوری بھی یقینی بنائے تبھی دنیا کو امن وسکون کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے رہ گئی ملکی معیشت کی بات تو کوئی مانے یا نہ مانے عین حقیقت یہی ہے کہ انتہائی نامساعد اور مشکل حالات کے باوجود وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے دوٹوک اقدامات اٹھا کر معیشت کو درست سمت دی ہے اب پائیدار اہداف کا انحصار پالیسیوں میں تسلسل پر ہے امید ہے کہ جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور پائیدار ومعاشی و ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے اپوزیشن وحکومت کی تخصیص کے بغیر تمام سیاسی جماعتیں اور سبھی اسٹیک ہولڈرز اپنا فعال متحرک اور مثبت وتعمیری کردار ادا کریں گے اور اس حوالے سے مزید کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

ریاست کا "جگا" بننے کا فیصلہ

برملا — نصرت جاوید



نہایت دیانتداری سے بدھ کی رات سونے سے قبل ارادہ یہ باندھا تھا کہ جمعرات کی صبح اٹھ کر جو کالم لکھنا ہے اس کے ذریعے قوم کو "مبارکباد" دوں گا کہ عالمی معیشت کا نگہبان ادارہ۔ آئی ایم ایف۔ ایک بار پھر پاکستان کی معیشت کو سہارا دینے کے لئے رضامند ہوگیا ہے۔ مختلف اقساط میں ہمیں آئندہ تین برسوں کے دوران مجموعی طور پر 7 ارب ڈالر کی خطیر رقم ملے گی۔ اس رقم کو مگر "امداد" پکارا جائے گا کیونکہ اس کی شرح سود 5 فی صد کے لگ بھگ ہوگی۔ وسیع تر تناظر میں سود کی یہ رقم نہ ہونے کے برابر ہے۔ احتیاطاً یہ بھی لکھ دینا چاہیے کہ غالباً لفظ "سود" کا استعمال "اسلامی جمہوریہ پاکستان" میں مناسب نہیں۔ مجھے "سروس چارج" کی اصطلاح استعمال کرنا چاہیے تھی۔ اس کا اردو ترجمہ "معاوضہ خدمت" ہوسکتا ہے۔ آئی ایم ایف سے "امدادی پیکیج" منظور ہوجانے کے بعد ہمیں دنیا کے دیگر ممالک، عالمی بینک اور مالیاتی ادارے بھی نسبتاً آسان شرائط پر قرض فراہم کرنے کو رضا مند ہوجایا کریں گے۔

ذہنی طور پر البتہ اب تیار ہوجائیں کہ آئی ایم ایف سے طے ہوئی رقم کی مختلف اقساط میں ادائیگی یقینی بنانے کے لئے مجھے اور آپ کو اپنی محدود سے محدود ہوتی آمدنی میں سے حکومت کو براہ راست اور بالواسطہ حوالوں سے بے شمار ٹیکس ادا کرنا ہوں گے۔ حکمرانوں نے اس کے لئے آپ کو بروقت آگاہ کرنا شروع کردیا ہے۔ بدھ کے روز میڈیا پر یہ خبر نمایاں انداز میں اجاگر ہوتی رہی کہ "نان فائلر" نامی شے اب وطن عزیز میں ناپید ہوجائے گی۔ جو لوگ ٹیکس ادا نہیں کرتے۔ اپنی آمدنی کا کھاتہ حکومت کے روبرو نہیں رکھتے وہ غیر ملکی سفر نہیں کرسکیں گے۔ وہ نئی کاریں اور جائیدادیں خریدنے کے قابل بھی نہیں رہیں گے۔ ہماری ریاست کو کسی زمانے میں ہمارے بدخواہ دہشت گردی کی انتہا کے دنوں میں "سافٹ" یعنی نرم ریاست کہا کرتے تھے۔ ریاست نے مگر اب "جگا" بننے کا فیصلہ کرلیا ہے اور وہ ٹیکس کے حصول میں کوئی رعایت دکھانے کو آمادہ نہیں۔ ٹیکس ادا کرنے کے عوض میرے اور آپ کے شہری حقوق کا تحفظ ہوگا یا نہیں اس کے بارے میں یقین دلانے سے اگرچہ گریز برتا جارہا ہے۔ ویسے ہمیں بطور رعایا ایسے سوالات اٹھانے کی عادت بھی نہیں رہی۔ جانے کتنی صدیوں سے کولہو میں جتے بیل کی مانند دائروں میں سفر (انگریزی والا بھی) کاٹ رہے ہیں۔

ریاست کو "خود مختار" اور خوش حال بنانے کے لئے اس کے شہریوں کو مناسب ٹیکس باقاعدگی سے ادا کرنا لازمی ہے۔ میں تقریباً 24 برس سے اپنی محدود آمدنی کے باوجود ہر برس ٹیکس ریٹرن جمع کروارہا ہوں۔ اپنی آمدنی چھپانا میرے لئے ممکن ہی نہیں۔ صحافت میری کمائی کا واحد ذریعہ ہے۔ جن صحافتی اداروں کے لئے کام کرتا ہوں وہ بذریعہ چیک معاوضہ میرے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرواتے ہیں۔ میرے بینک میں چیک بھجوانے سے قبل اس پر واجب الادا ٹیکس کاٹ لیا جاتا ہے۔

"لفافے" ملنے کا الزام کئی برسوں سے لگ رہا ہے۔ لفافوں کی بدولت ملی مبینہ رقم مگر میری روزمرہ زندگی میں کہیں استعمال ہوتی نظر نہیں آرہی۔ سادہ زندگی گزارتا ہوں۔ کنجوس ہرگز نہیں مگر سفید پوشی کا بھرم برقرار رکھنا مشکل سے مشکل تر ہورہا ہے۔

عمر کے اس حصے میں داخل ہوچکا ہوں جہاں مجھے ریٹائر ہوجانا چاہیے۔ کام کئے بغیر مگر زندہ نہیں رہ پاؤں گا۔ دریں اثناء اگر بیمار ہوجاؤں تو ڈاکٹر کی فیس پلے سے ادا کرنا ہوگی۔ ہمارے ہاں ریٹائر ہوئے لوگوں کے لئے کوئی ایک سہولت بھی موجود نہیں ہے۔ جن ممالک میں ٹیکس باقاعدگی سے جمع ہوتے ہیں وہ ریٹائر ہوئے افراد کو بے شمار سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر برطانیہ اور یورپ کے کئی ممالک میں 60 برس سے زائد عمر کے شہری بسوں اور ٹرینوں میں تقریباً مفت یا آدھی ٹکٹ پر سفر کرتے ہیں۔ ان کا علاج معالجہ بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ہمارے ہاں یہ تصور مفقود ہے۔ مذکورہ بالا سوالات مگر سنجیدگی اور مستقل مزاجی سے ہمارے ریگولر میڈیا میں اٹھائے نہیں جاتے۔ رواں صدی کا آغاز ہوا تو سوشل میڈیا آگیا۔ ہمیں بتایا گیا کہ اس کی بدولت "لفافہ صحافت" کا خاتمہ ہوجائے گا۔ ہر وہ شخص جس کے ہاتھ میں موبائل ہے اب دنیا کو "سچ" دکھا اور بتاسکتا ہے۔ ان دنوں مگر "سچ" شاذ ہی چند یوٹیوب چینلوں کے ذریعے سنجیدہ معاملات پر دیکھنے اور سننے کو مل پاتا ہے۔ انٹرنیٹ کے تقریباً تمام پلیٹ فارم اجتماعی طور پر "نفرت" پھیلانے میں مصروف نظر آتے ہیں۔

سوشل میڈیا پر چھائے "ذہن سازوں" کی بدولت اب ہمارے پڑھے لکھے لوگوں کی اکثریت یہ طے کر بیٹھی ہے کہ ملک میں جمہوریت، خوشحالی، تحفظ حقوق انسانی اور استحکام فقط اسی صورت میسر ہوسکتا ہے جب عدلیہ حقیقی معنوں میں آزاد ہوجائے گی۔ اس کی آزادی کو یقینی بنانے کے لئے لازمی ہے کہ موجودہ چیف جسٹس اپنی مدت ملازمت ختم ہونے کے بعد ریٹائر ہوجائیں۔ ان کی جگہ روایت کے مطابق سینئر ترین جج صاحب چیف جسٹس کا منصب سنبھالیں۔ کسی بھی عزت مآب جج سے مسیحائی کی توقع مجھ بدنصیب کو لاحق نہیں رہی۔ اسی ضمن میں جو تھوڑی بہت خام خیالی ذہن میں آئی تھی وہ افتخار چودھری کی حمایت میں چلائی تحریک کی "کامیابی" کے بعد ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئی۔ اس کے باوجود دیانت داری سے یہ چاہتا ہوں کہ موجودہ چیف جسٹس بروقت ریٹائر ہوں اور ان کی جگہ لینے کے لئے جو عزت مآب جج اصولی اور روایت کے مطابق حق دار ہیں اس منصب پر فائز ہوں۔

حکومت حکمران کے چند حالیہ اقدامات سے خوش نہیں۔ مسلسل الزام لگارہی ہے کہ ان کا قلم اور قانون پر گرفت کا علم تحریک انصاف کی حمایت میں استعمال ہورہا ہے۔ قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین اور غیر مسلم پاکستانیوں کے لئے مختص نشستوں کے بارے میں 8 اکثریتی ججوں کا تفصیلی فیصلہ آجانے کے بعد حکومت کو یہ خوف بھی لاحق ہوگیا ہے کہ مذکورہ فیصلہ لکھنے والے عزت مآب جج چیف جسٹس کا منصب سنبھالتے ہی "مکمل انصاف" کے اصول پر عمل پیرا ہوتے ہوئے 8 فروری 2024ء کے روز ہوئے انتخاب کے فارم 45 اور فارم 47 کے کھاتے کھلوانے کا حکم دیں گے۔ ایسا ہوگیا تو شاید موجودہ حکومت اپنا وجود برقرار نہیں رکھ پائے گی۔ اسی باعث "آئینی ترامیم" متعارف کروانے کی بات چل نکلی ہے۔ وہ ترامیم متعارف منظور کروانا ہیں تو آئندہ دس دنوں میں اس کے لئے برق رفتاری سے پیش قدمیاں درکار ہیں۔ اس کے جواب میں کیا آئے گا؟ اس کے بارے میں لاعلم ہوں۔ جس روز یہ کالم لکھ رہا ہوں اس دن سے مگر تحریک انصاف مزاحمتی تحریک چلانے کی "ریہرسل" میں مصروف نظر آرہی ہے۔ جمعے کی شام وہ راولپنڈی میں اپنے قائد کے حکم پر ایک اور جلسہ بھی کرنا چاہ رہی ہے۔ دیکھنا ہوگا کہ نوجوانی کی توانائی سے بھرپور سوشل میڈیا کی بدولت "ذہن سازی" پر اجارہ داری کی حامل بتائی یہ جماعت حکومتی اداروں کو کیسے ناکام بنائے گی۔

آبادی کے طوفان پر کنٹرول مگر کیسے؟

انسانوں کے نام — افضال ریحان



ستارہ امتیاز کا اعزاز حاصل کرنے والے پروفیسر ڈاکٹر ارشد چوہان ایک متحرک انسان بلکہ بے چین روح ہیں ہمہ وقت کچھ نہ کچھ کر گزرنے کی دھن ان پر سوار رہتی ہے اسی لگن میں انہوں نے جہاں گائنی میں ماؤں کے زیادہ خون بہہ جانے کے کارن ہونے والی اموات سے بچاؤ کی نئی تکنیک متعارف کرواتے ہوئے ملک اور بیرون ملک اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے وہیں وہ ہر سال اپنی میڈیکل تنظیم کرافٹ کے تحت پاکستان بھر کے نامور گائناکالوجسٹ ڈاکٹرز کی سہ روزہ کانفرنس منعقد کراتے ہیں، ان کے سیمینارز میں ملک وقوم کے اہم ایشوز زیر بحث لائے جاتے ہیں حال ہی میں پروفیسر ڈاکٹر ارشد چوہان نے لاہور کے فائیو سٹار ہوٹل میں ملک بھر سے آئے سینکڑوں میلز اور فیمیلز گائناکالوجسٹ کے سیمینار میں جس تشویش ناک ایشو کو موضوع بحث بنایا ہے وہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، اس طوفان پر قابو پانے کی حکمت عملی اور اقدامات پر محیط تھا۔ سیمینار کی صدارت ملک کی مایہ ناز لیڈی گائناکالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر شاہینہ آصف صاحبہ نے فرمائی جبکہ مہمانان گرامی میں پروفیسر ڈاکٹر راشد لطیف، ملک کے ممتاز صحافی دانشور اور اینکر پرسن مجیب الرحمٰن شامی، کالم نگار و دینی سکالر پیر ضیاء الحق نقشبندی اور محکمہ بہبود آبادی کی ڈائریکٹر جنرل محترمہ ثمن رائے نمایاں تھے اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر راغب نعیمی نے اپنی نیک تمناؤں کا پیغام بھیجا وہ بیرون ملک ہونے کی وجہ سے شریک نہ ہوسکے اسی طرح ایڈیٹر جنگ چوہدری سہیل وڑائچ اور معروف رائٹر ڈاکٹر یونس بٹ نے بھی سیمینار میں آنا تھا مگر بوجوہ پہنچ نہ سکے پروفیسر ڈاکٹر شیلا انور نے سٹیج سیکرٹری کی ذمہ داری بطریق احسن نبھائی۔ ڈاکٹر طلعت انساء، ڈاکٹر عفت چیمہ، ڈاکٹر نبیلہ شامی، ڈاکٹر شمسہ ہمایوں اور ڈاکٹر معتز ارشد چوہان نے سیمینار کی رونق بڑھاتے اور اسے کامیاب بنانے میں بھرپور کاوش کی کرافٹ کے چیئرمین ڈاکٹر ارشد چوہان نے اپنے افتتاحی خطاب میں کانفرنس کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے اعدادوشمار کے ساتھ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مضمرات اور تباہ کاریوں کی تفصیلات بیان کیں، ڈاکٹر صاحب نے ازراہ تفنن کہا ایک گائناکالوجسٹ کی حیثیت سے بچے جتنے زیادہ پیدا ہوں گے ہمارا اتنا ہی فائدہ ہے اس کے باوجود ہم اس ایشو کو پاکستان کے لیے تشویش ناک قرار دیتے ہوئے ان تمام تدابیر کو زیر بحث لانا چاہتے ہیں جن سے اس طوفان کو روکا جاسکتا ہے اس وقت پوری دنیا کی آبادی اگر آٹھ ارب انسانوں پر مشتمل ہے تو اس میں ہماری جنوبی ایشیا کی آبادی اس کا 25 فیصد ہے پاکستان بھارت اور بنگلہ دیش کی مجموعی آبادی ایک ارب 80 کروڑ سے متجاوز ہے پاکستان اس وقت آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جبکہ اس کی پاپولیشن گروتھ بشمول انڈیا اور بنگلہ دیش سب سے زیادہ ہے اس وقت عالمی گروتھ کی ایوریج 1.05 ہے جبکہ پاکستان کی گروتھ 2.4 ہے اور فرٹیلٹی ریٹ 3.6 ہے اس کے بالمقابل انڈیا جو ایک ارب 40 کروڑ کی آبادی کا مسکن ہے اس کا گروتھ ریٹ ہم سے نیچے 2.2 اور بنگلہ دیش کا 2.0 ہے ہماری 64 فیصد آبادی 30 سال کی عمر سے کم افراد پر مشتمل ہے آبادی کی یہ رفتار جاری رہی تو 2050 تک ہماری آبادی دگنی ہوجائے گی اور ہم آبادی میں دنیا کا تیسرا بڑا گنجان آباد ملک ہوں گے جبکہ وسائل اور ترقی میں پسماندہ ترین ملک کے معروف دانشور اور صحافی مجیب الرحمٰن شامی نے پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو پاکستان کا سب سے بڑا اور خطرناک دشمن قرار دیتے ہوئے اس کا تقابل بنگلہ دیش سے کیا شامی صاحب کا استدلال تھا کہ پاکستان ٹوٹنے سے پہلے بنگلہ دیش جو اس وقت مشرقی پاکستان تھا اس کی آبادی مغربی پاکستان سے زیادہ تھی اور سیاسی طور پر یہ ایک مسئلہ بنی رہتی تھی کہ 56 فیصد کو کس طرح برابری کا اصول لاگو کرتے ہوئے نمٹا جائے زیادہ آبادی کی وجہ سے قومی اسمبلی میں ان کی سیٹیں بھی زیادہ بنتی تھیں آج مقام حیرت ہے کہ پاکستان سے علیحدہ ہونے کے بعد انہوں نے اپنی آبادی کو کس خوبی سے کنٹرول کیا ہے آج وہ 18 کروڑ جبکہ ہم 25 کروڑ کے ہندسے کو بھی عبور کر رہے ہیں۔

شامی صاحب نے تجویز پیش کی کہ ہمارے قومی وسائل کی تقسیم اس وقت آبادی کی بنیاد پر کی جاتی ہے اگر ہم ان وسائل کو آبادی کنٹرول کرنے سے مشروط کردیں تو حکمران طبقات اس حوالے سے ضرور فکر مند ہوں گے شامی صاحب نے ڈاکٹرز کے اس سیمینار میں مدعو کرنے پر ڈاکٹر طلعت صاحب کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر راشد لطیف نے اپنی تقریر میں پاکستانی حکومتوں کی بے حسی ولاپرواہی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان لوگوں کو سوائے اپنے مفادات کے ملک وقوم کے حقیقی مسائل سے کوئی سرکار نہیں ہے ایوب خان نے اپنے دور میں خاندانی منصوبہ بندی کی مہم چلائی نتیجتاً وہ عدم مقبولیت کا شکار ہو کر الیکشن ہار گئے اس کے بعد آنے والی حکومتوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم نے کسی بھی قیمت پر اس ایشو کو اٹھانا ہی نہیں ہے تاکہ ہماری سیاست خراب نہ ہو ملک تباہ ہوتا ہے تو ہوجائے یوں سیاسی مفادات قومی مفادات پر حاوی ہوتے چلے گئے۔

معروف کالم نگار اور دینی سکالر پیر ضیاء الحق نقشبندی نے کہا کہ ہمارے یہاں خواہ مخواہ یہ سمجھ لیا گیا ہے کہ آبادی کو کنٹرول کرنا خلاف اسلام ہے حالانکہ جب قرآن نازل ہو رہا تھا اس وقت تب کے رائج الوقت طریقہ کار کی مطابقت میں صحابہ کرام نے ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے متعلق دریافت فرمایا تو انہیں اس کی اجازت بخش دی گئی معروف گائناکالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر شاہینہ آصف نے اپنے صدارتی خطاب میں جہاں دیگر مقررین بالخصوص ڈاکٹر ارشد چوہان کی اٹھائی گئی تشویش اور تجاویز کا جائزہ پیش کیا وہیں حکومت کی بے حسی کو کڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے دو کروڑ 60 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں اس کے بالمقابل ایک ارب 40 کروڑ آبادی والے ملک بھارت میں سوا کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر نہیں ہیں ہماری اتنی بھاری تعداد میں سکولوں سے باہر بچے کس حال میں ہیں؟ کیا کسی کو اس کی فکر ہے؟ کیا ہمارا اجتماعی رویہ یہی نہیں ہے کہ کچھ نہ کہو چپ رہو؟ ڈاکٹر شاہینہ آصف نے انسا سلائیڈوں کی مدد سے پاکستان میں پسے ہوئے طبقات کے دکھوں کو اجاگر کیا اور اپنی اس دردمندی کا اظہار کیا کہ یہ ملک بدنصیب ڈوب رہا ہے اور برسراقتدار طبقات کو اس کا ادراک تک نہیں اس ملک بدنصیب میں آبادی کے طوفان کو کنٹرول کرنے کی حکمت عملی یا تجاویز پر ایک نوع کا اختلاف رائے بھی ہوا، اس بحث کا جائزہ اگلی قسط میں (جاری ہے)

سوات میں دہشتگردی اور پشاور حکومت کا رویہ

انداز جہاں — اسداللہ غالب

سوات مالم جبہ روڈ پر غیر ملکی مہمان سفارتکاروں اور سرمایہ کاروں کے ایک قافلے پر جنونی دہشت گردوں نے حملہ کیا اور دنیا کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ پاکستان پرامن ملک نہیں ہے۔ پشاور حکومت اگر چوکس ہوتی تو ایسا دلگداز سانحہ پیش نہ آتا جس میں چار پولیس اہلکار جان سے گذر گئے، مگر انہیں تو اپنے سیاسی جلسے جلوسوں سے زیادہ دلچسپی ہے۔

ایک مشہور قول ہے کہ جس پر احسان کرو اس کے شر سے بھی بچنے کی کوشش کرو۔ یہ قول پاکستان اور افغانستان کے تعلقات پر صادق آتا ہے۔ افغانستان پر جب بھی کڑا وقت آیا، پاکستان نے بڑے بھائی کی طرح اس کا دامے درمے سخنے بھرپور تعاون کیا اور ساتھ دیا۔ دنیا میں کسی اور اسلامی ملک نے اس طرح افغانستان کا خیال نہیں رکھا جس طرح پاکستان نے ایک طویل عرصے سے افغان مہاجرین کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھا رکھا ہے۔ لیکن احسان فراموش افغانیوں نے پاکستان کو اس احسان کا بدلہ دہشت گردی، تخریب کاری اور مجرمانہ اقدام کی صورت میں چکایا ہے۔ چار دہائیوں سے افغانیوں کی منشیات فروشی کے باعث پاکستان کی نوجوان نسل تباہ ہوئی۔ اور پھر افغانی باشندوں کی تخریب کاری کے باعث پاکستان دو عشروں سے دہشت گردی کا نشانہ بنا ہوا ہے۔ ہم ہر روز اپنے بے گناہ شہریوں اور سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کی لاشیں اٹھا اٹھا کر عاجز آگئے ہیں، اور دہشت گردوں کے حملے رکنے کا نام نہیں لے رہے۔ پاکستان میں آئے روز ہونے والے خودکش بم دھماکوں کے تانے بانے افغانستان سے جا ملتے ہیں۔ اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے اور ختم ہونے کو نہیں آرہا۔ اور یہ سب کچھ دنیا کی نظروں کے سامنے ہو رہا ہے۔

جرمنی نے حال ہی میں مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والے 28 افغان پناہ گزینوں کو ملک بدر کیا ہے۔ جرمنی کی طرف سے یہ اقدام سیکورٹی خدشات کو دور کرنے کے لیے جرمنی کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے، خاص طور پر حالیہ پرتشدد واقعات کے بعد جن میں پناہ کے متلاشی افراد شامل ہیں۔ اس کے برعکس، پاکستان نے 40 سال سے زائد عرصے تک اپنے معاشی اور سیکیورٹی دباؤ کا سامنا کرنے کے باوجود 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو پناہ دے کر غیر معمولی مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا ہے، جن میں سے بہت سے غیر قانونی طور پر مقیم ہیں اور دہشت گردی جیسا مجرمانہ ریکارڈ رکھتے ہیں۔ جرمنی کے موجودہ اقدامات کے برعکس، پاکستان نے افغان تارکین وطن کو کئی دہائیوں سے اپنے معاشرے میں رہنے اور انضمام کی اجازت دی ہے۔ 4 دہائیوں کے کھلے دروازوں کے بعد، پاکستان نے اب عزت اور احترام کو برقرار رکھتے ہوئے صرف غیر قانونی افغان تارکین وطن کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کا اولین مقصد اپنی آبادی کو منظم کرنا اور تحفظ دینا ہے۔

جرمنی نے تو ایک لمحہ ضائع کیے بغیر حال ہی میں مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والے 28 افغان پناہ گزینوں کو ملک بدر کرکے اپنی سرزمین کو تخریب کار عناصر سے محفوظ کرلیا ہے۔ نائن الیون کے بعد تقریباً 27 لاکھ افغان پناہ گزین پاکستان کے مختلف کیمپوں میں تھے۔ اتنی بڑی تعداد میں جب پناہ گزین موجود ہوں تو ان کی گارنٹی نہیں دی جاسکتی اور نہ ان کی نگرانی ممکن ہے۔ پاکستان نے اسی لیے سرحد پر باڑ لگانے کا کام شروع کیا تھا اور اب پناہ گزینوں کو وطن واپس بھجوانے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ پاکستان بھی جرمنی کی طرح ان افغان تخریب کار پناہ گزینوں سے تنگ آکر باعزت طریقے سے ان کو ملک بدر کرکے پاک سرزمین کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کر رہا ہے۔ تاکہ تخریب کاری، دہشت گردی اور منشیات فروشی کی لعنت سے ملک وقوم کو محفوظ رکھا جاسکے۔

حکومت پاکستان نے گزشتہ برس ستمبر میں ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو 31 اکتوبر تک رضاکارانہ طور پر اپنے اپنے ملک واپس جانے کی ڈیڈ لائن دی تھی۔ یہ ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد یکم نومبر سے ایسے تمام افراد کے خلاف کارروائی جاری ہے جو کسی قسم کی قابل قبول دستاویز نہیں رکھتے۔ خیبر پختونخوا کے محکمہ داخلہ کے حکام کے مطابق اب تک دو لاکھ 23 ہزار سے زیادہ افغان شہری اپنے وطن واپس جاچکے ہیں اور ان میں زیادہ تعداد ان افغان شہریوں کی ہے جو رضاکارانہ طور پر واپس گئے تاہم چند ایسے بھی ہیں جنہیں بعد ازاں گرفتار کرکے ملک بدر کیا گیا۔ محکمہ داخلہ کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کا انخلا جاری ہے اور پشاور کے مختلف تھانوں کی حدود سے 492 غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو پولیس نے حراست میں لے کر افغان سرحد پر بھیجا۔ سرکاری اعدادوشمار کے مطابق اب تک مجموعی طور پر 223503 افراد براستہ طورخم واپس اپنے وطن جاچکے ہیں جن میں 63157 مرد، 49397 خواتین اور 110948 بچے شامل ہیں۔

ایک طرف جہاں وفاقی حکومت دہشت گردوں کے خلاف کوشاں ہے تو دوسری طرف خیبر پختونخوا کی حکومت ایک طویل عرصے سے دہشت گردوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کیے ہوئے ہے۔ عمران خان نے پاکستان کی جیلوں سے جو دہشت گرد رہا کئے اور افغانستان سے دہشت گردوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی، اس کی وجہ سے آج ہمیں یہ دن دیکھنا پڑ رہے ہیں اور دہشت گردی کا تقریباً کچلا جانے والا عفریت دوبارہ زندہ ہوتا نظر آرہا ہے، گویا اس میں جان ہی پڑ گئی ہے۔ دوروز قبل سوات میں پیش آنے والا واقعہ اس کی کھلی مثال ہے۔ اس طرح کی صورتحال میں صوبہ کیسے چلے گا؟ 21 ستمبر کے روز حالت یہ تھی کہ کسی بھی سرکاری محکمے میں کوئی شخص موجود نہیں تھا، پشاور تک میں کوئی اعلیٰ سرکاری افسر نہیں تھا۔ معلوم ہوا کہ وزیر اعلیٰ سب کو لیکر لاہور فتح کرنے کیلئے گئے ہوئے ہیں۔

علاوہ ازیں نیب خیبر پختونخوا نے ایک بڑی کارروائی سے قومی خزانے کی 168.5 ارب روپے کی رقم کو بچاتے ہوئے انٹرنیشنل کورٹ آف آربیٹریشن سے کنٹریکٹرز کا 31.5 ارب روپے کا دعویٰ خارج کرا دیا۔ بی آر ٹی پشاور کے کنٹریکٹ کے غیر قانونی ایوارڈ، سرکاری فنڈز میں خوردبرد اور جعلی پرفارمنس گارنٹیز کی انکوائریز میں گھپلے منظر عام پر آگئے جس کے بعد نیب تحقیقات میں کمپنیوں کے کاغذی معاہدوں کا پول کھل گیا۔

افسوسناک امر یہ ہے کہ غیر ملکی کمپنیوں نے سرکاری ادارے کو دھوکا دے کر کوئی کام کیے بغیر تقریباً ایک ارب روپے وصول کیے۔ نیب نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے تمام کمپنیوں سے متعلق 400 سے زائد بینک اکاؤنٹس کی چھان بین کی، نیب تحقیقات میں یہ بھی ثابت ہوا کہ لوکل کنٹریکٹرز نے معاہدہ حاصل کرنے کے لیے بوگس آڈٹ رپورٹس جمع کرائیں۔ تحقیقات کے دوران نیب نے غیر ملکی کمپنیوں کو ان کے متعلقہ سفارت خانے کے ذریعے شامل تفتیش کیا۔ نیب تحقیقات کی وجہ سے پراجیکٹ کو اصلی لاگت پر مکمل کروا کر قومی خزانے کے 9 ارب روپے بچالئے گئے ہیں، جو یقیناً موجودہ دگرگوں معاشی صورتحال میں ایک بہت بڑا اقدام ہے اور کرپشن سے نپٹنے میں خیبر پختونخوا حکومت کی ناکامی اور لاعلمی کا واضح ثبوت بھی۔

مذکورہ بالا حقائق کی روشنی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جس صوبے میں اس طرح کے مخدوش حالات ہوں، کیا وہاں کا وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور ہی جیسا

سوچ بدلیے سب اچھا ہوجائے گا!

قرطاس — ناصف اعوان



آج کل آئینی ترامیم کے حوالے سے بحث ہورہی ہے حکومت اس کے لئے اپنی عددی اکثریت میں اضافہ کرنے کے لئے پوری کوشش کررہی ہے مگر ابھی تک اسے کامیابی حاصل نہیں ہوسکی۔ ہوسکتا ہے اس کالم کی اشاعت کے وقت یا پھر اس کے چند روز بعد مجوزہ ترامیم ہو جائیں۔

حکومتی عہدیدار عوام کو یہ تاثر دے رہے ہیں کہ یہ ترامیم ہوں گی تو ان کے بھاگ جاگیں گے اور ملک ترقی کرے گا جبکہ ایسا نہیں ہے آئین میں عوام کی بہتری کے لئے بہت کچھ موجود ہے مگر آج تک اس پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ملکی آئین کے تحت من وعن ریاستی امور نمٹائے جاتے ہیں۔ معذرت کے ساتھ ہر دور میں آئین کی تشریح مختلف ہوتی رہی ہے۔ اقتدار میں موجود لوگ ہمیشہ آئین وقانون کو اپنے مخصوص مقاصد کے تناظر میں دیکھتے چلے آئے ہیں لہذا اہم سمجھتے ہیں کہ اگر کچھ کرنا ہو تو سو راستے ہیں نہیں تو ہزاروں رکاوٹیں؟

یہ کون سی منطق ہے کہ ایک بندہ ہی بااختیار ہوگا تو ملک کی خدمت ہوسکے گی؟ یہ لمحات بڑے ہی تکلیف دہ ہیں ان کو خوشگواریت میں بدلنے کی کوشش ہونی چاہیے۔ مگر عجیب بات ہے کہ سیاسی بکھیڑا ختم ہونے میں ہی نہیں آرہا۔ ہر روز کوئی نہ کوئی نئی شرلی چھوڑ دی جاتی ہے جبکہ حالت یہ ہے کہ بے روزگاری مہنگائی اور آئے روز کے ٹیکسوں کی یلغار نے عام آدمی کو رلا دیا ہے۔ ہم اپنے کالموں میں بار بار یہ عرض کرچکے ہیں کہ لوگ یوٹیلٹی بلوں سے سخت پریشان ہیں وہ خودکشیاں ہی نہیں اپنے جسموں کے اعضاء بھی فروخت کر رہے ہیں۔ ان کی اس بے بسی کی طرف ارباب اختیار ذرا بھر بھی توجہ نہیں دے رہے۔ وہ احتجاج کرتے ہیں تو بھی گوارا انہیں ان کی کوئی حیثیت ہی نہیں رہی انہیں بے وقعت کر دیا گیا ہے۔ پچھلے دور میں وہ آسانی سے کچھ سانس لینے لگے تھے مگر اب وہ پھر ہانپنے لگے ہیں اور یہ حقیقت ہے کوئی مانے یا نہ مانے۔

پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ وہ اس صورت حال سے چھٹکارا دلانے کے لئے حقیقی نمائندوں کو اقتدار میں لائے گی مگر حکومت آئینی ترامیم کر کے خود کو طویل عرصے تک اقتدار میں رکھنا چاہتی ہے اور کچھ شخصیات کے لئے مزید آسانیاں پیدا کرنا مقصد ہے لہذا پہلے تو وہ جلسوں کے ذریعے لوگوں کو آگاہ کرنا چاہ رہی تھی اس سلسلہ میں اس نے ایک جلسہ لاہور میں کیا جو کچھ رکاوٹوں کے باوجود ہوا لوگ بڑی تعداد میں باہر نکلے مگر اس کے سیاسی مخالفین کو بہت کم دکھائی دیئے اس سے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ جتنا وہ اس پر تنقید کرتے ہیں لگ رہا ہے عوام کی اکثریت ان سے دور ہوتی جارہی ہے۔ حزب اقتدار لاکھ کہے کہ عوام ان کے ساتھ ہیں یہ کہ عام انتخابات میں شفافیت بھی وہ یقینی نہیں کر رہے خیر اب حزب اختلاف احتجاج کا راستہ اختیار کرنے جارہی ہے کیونکہ جلسے کرنے کی اسے اجازت نہیں دی جارہی اور اگر ملتی بھی ہے تو کسی ویرانے میں؟ بہرحال حکومت کے لئے ایک ہی راستہ ہے جو لوگوں کے قلوب و اذہان کی طرف جاتا ہے۔ وہ ہے مشکلات میں کمی لانا، چھوٹے موٹے ریلیف دینا، انصاف سستا اور سہل فراہم کرنا مگر ادھر کوئی آتا ہی نہیں اگر کسی کا دھیان ہے تو وہ اقتدار کی طوالت اور اسے محفوظ بنانے کی جانب۔

جب عوام ہی خفا ہوں اور ان کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ نہ رکھا جائے تو وہ کیسے کسی کو اپنا بنا سکیں گے لہذا انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ ترامیم ان کے مفاد میں نہیں ان کا تعلق حکومت کے معاملات سے ہے۔

آئین وقانون ان سب کو اس وقت یاد آتے ہیں جب انہیں اس کی ذاتی ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری ناقص رائے میں حکومت اس بکھیڑے میں پڑنے کے بجائے عوامی فلاحی منصوبوں پر توجہ مرکوز کرے تاکہ عوام اس کے قریب آسکیں۔ یہ کیسی عجیب بات ہے کہ عوام کو سہولتیں دی نہیں جارہیں ان کے پاس جو بچا کھچا جینے کا سامان ہے اسے بھی یوٹیلٹی بلوں کی شکل میں سمیٹا جارہا ہے ایسے میں وہ کیسے اس کے گن گائیں گے۔ عرض یہ ہے کہ ترمیمیں کتنی ہی کیوں نہ کرلی جائیں اس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا کیونکہ جب عوام بپھر جائیں تو پھر منظر بدل جاتے ہیں پس منظر بدل جاتے ہیں۔ ویسے یہ بات ہر کسی کو معلوم ہونی چاہیے کہ آئین اور قانون جو کہتا ہے اس پر عمل نہیں ہوا جاتا بس جس کے پاس لاٹھی ہے وہی معتبر ومعزز ہے اسی کی چلتی ہے باقی سب ربڑ کے ہوتے ہیں۔ عدالت بڑی ہو یا چھوٹی اس کے فیصلے کوئی مان لے تو مان لے نہیں تو ہوا میں اڑا دے ایسا دیکھا گیا ہے دیکھا جارہا ہے؟

ہوتا ہے شب وروز تماشا مرے آگے حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں اپنی اپنی جگہ پر زور لگا رہی ہیں کہ وہ ایک دوسری کو پچھاڑ دیں غالب آجائیں ایک عددی برتری کو ممکن بنانا چاہتی ہے تاکہ وہ سرخرو ہو سکے دوسری اس کو زیر کرنے کے لئے متحرک ہورہی ہے احتجاج کرنے جارہی ہے دباؤ میں لانا چاہتی ہے مگر جاوید خیالوی کا تجزیہ ہے کہ پی ٹی آئی خواہ کتنے ہی احتجاج کرلے اس کے سیاسی مخالفین پر رتی بھر اثر نہیں ہونے والا وہ چونکہ اس وقت حکومت ہیں اور حکومت جلد ہار نہیں مانتی شاید احتجاج اس لئے کیے جارہے ہیں کہ انہیں ایک بڑی تحریک میں تبدیل کیا جاسکے مگر حکومت انہیں ایک حد سے نہیں بڑھنے دے گی کیونکہ اگر دیکھا دیکھی اس احتجاج میں عام لوگ بھی شامل ہو جاتے ہیں یا پھر مزدور تنظیمیں شریک ہوجاتی ہیں علاوہ ازیں دیگر اس کی اتحادی جماعتیں آن ملتی ہیں تو یہ احتجاج عوامی احتجاج میں تبدیل ہوسکتا ہے لہذا حکومت کی پوری کوشش ہوگی کہ صورت حال قابو میں رہے" ہماری بھی یہی رائے ہے کہ حزب اختلاف خوانخواہ اپنی توانائیاں ضائع نہ کرے۔ عدالتوں ہی سے رجوع کرے جو بھی فیصلہ آئے اسے قبول کرے اس کے حق میں آنے پر اگر حکومت کوئی ٹال مٹول سے کام لیتی ہے یا اس کا کوئی اور مطلب نکالتی ہے تو بھی وہ عدالتوں ہی کا رخ کرے کیونکہ آخر کار عدلیہ کی ہی بات ماننا ہوگی لہذا فریقین آئین وقانون کی بالادستی کو تسلیم کرتے ہوئے ملک عزیز کو خوشحالی کے راستے پر گامزن کریں بہت ہوگیا سیاسی کھیل تماشا۔ اب اس کی مزید گنجائش نہیں مسائل اتنے پیدا ہو گئے ہیں اور پھر گمبھیر صورت اختیار کر چکے ہیں کہ کوئی ایک فریق ان کو حل نہیں کرسکتا۔ ہماری استدعا ہے کہ دونوں دھڑے ایک میز پر آن بیٹھیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی جیتنے کی پوزیشن میں نہیں ایک کے پاس ریاست کی طاقت اور دوسرے کے پاس عوام کی طاقت لہذا دونوں طاقتیں مل کر معاشی اور سماجی انقلاب برپا کرنے کی جانب بڑھیں۔ آئینی ترامیم آج ہو بھی جاتی ہیں تو کل یہ تبدیل بھی ہو سکتی ہیں بہتر یہی ہے کہ آئینی ترامیم کے بجائے سوچ میں ترامیم کریں پھر دیکھنا اس دھرتی پر کیسے کیسے پھول کھلتے ہیں!

قرض کی منظوری: معیشت اور عام آدمی کا کیا فائدہ؟

تلخ حقیقت — تنویر ملک

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹیو بورڈ نے پاکستان کے لیے سات ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی منظوری دے دی ہے۔ سات ارب ڈالرز کے اس قرض پروگرام کے لیے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان رواں برس جولائی میں سٹاف لیول معاہدہ ہوا تھا جس کی منظوری گذشتہ رات آئی ایم ایف کے ایگزیکٹیو بورڈ نے دی۔ اس منظوری کے بعد پاکستان کو جلد ہی 1.1 ارب ڈالر کی پہلی قسط آئی ایم ایف سے موصول ہوجائے گی جبکہ بقیہ لگ بھگ 5.9 ارب ڈالرز آئندہ تین سال میں پاکستان کو مختلف اقساط میں دیے جائیں گے۔ یاد رہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف سے ڈھائی کروڑ ڈالر کا پہلا قرض دسمبر 1958 میں حاصل کیا تھا اور اس کے بعد سے اب تک پاکستان 20 سے زیادہ مرتبہ آئی ایم ایف سے قرض حاصل کرچکا ہے۔ پاکستان آئی ایم ایف سے قرض حاصل کرنا والا پانچواں بڑا ملک ہے۔ ماہرین معیشت کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام کی منظوری سے پہلے پاکستان کو جن کڑی شرائط پر عمل کرنا پڑا اس کی وجہ سے ایک عام آدمی کی زندگی بجلی وگیس کی قیمتیں بڑھنے اور ٹیکسوں کی بھرمار کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہوئی۔ تاہم اب اہم سوال یہ ہے کہ سات ارب ڈالر کا یہ قرض پاکستانی معیشت کے لیے کیا معنی رکھتا ہے اور اس قرض کے حصول سے کیا ایک عام پاکستانی کی زندگی آسان ہو پائے گی؟

آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کے لیے نئے قرض پروگرام کی منظوری کے بعد اس کے پاکستانی معیشت کی صورتحال پر اثرات کو ماہرین معیشت 'مثبت' قرار دیتے ہیں۔

پاکستانی معیشت گذشتہ ڈھائی تین سالوں میں منفی شرح نمو کا شکار رہی ہے جبکہ ملک میں زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، ڈالر کی قیمت میں بے تحاشا اضافے، مہنگائی کی شرح میں تاریخی بلندی اور شرح سود میں اضافے کی وجہ سے بھی پاکستانی معیشت مسائل کا شکار رہی ہے۔ اسی طرح معاشی سرگرمیاں سست روی کا شکار ہونے کے ساتھ ساتھ صنعتی یونٹوں کی پیداواری صلاحیت میں کمی سے ملک میں بیروزگاری کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔ تاہم اس پروگرام کی منظوری کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 'پاکستان کے معاشی استحکام کے بعد معاشی ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے یونہی محنت جاری رکھیں گے۔ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری میں اضافہ خوش آئند اور معاشی ٹیم کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔' ان کا مزید کہنا تھا 'اگر یونہی محنت جاری رہی تو انشا اللہ یہ پاکستان کا آخری آئی ایم ایف پروگرام ہوگا۔' وزارت خزانہ کے سابق مشیر اور ماہر معیشت ڈاکٹر خاقان نجیب نے بی بی سی اُردو سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ اس پروگرام کی منظوری سے پاکستان کی معیشت میں استحکام آئے گا جبکہ پاکستان کی موجودہ مالی سال میں 26 ارب ڈالر کی جو بیرونی فنانسنگ کی ضرورت ہے اس سلسلے میں بھی مدد ملے گی۔ انھوں نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ یہ ملک کی معیشت کے لیے گنجائش پیدا کرے گا کہ ہم اپنے سٹرکچرل مسائل کو حل کر سکیں جو ملکی معیشت کو لاحق ہیں۔ مالیاتی اُمور کی ماہر ثنا توفیق کہتی ہیں 'اس پروگرام کی منظوری کے فوراً بعد سب سے پہلے مارکیٹ میں مثبت رجحانات جنم لیں گے، جو کہ گذشتہ کافی عرصے سے ناپید تھے۔' انھوں نے کہا 'آئی ایم ایف کی جانب سے پیسے ملنے کے بعد پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوگا

مہنگائی بہت زیادہ ہے تو اپنے سے نیچے دیکھیے

حالات حاضرہ — عصمت جبیں

پاکستان میں انتہائی امیر ایک ایسا طبقہ بھی ہے، جسے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کس چیز کی قیمت کتنی ہے۔ متوسط طبقہ اس لیے مسائل کا شکار رہتا ہے کہ اس کے پاس ہر طرح کی ضرورت کے لیے ہمیشہ ہی کافی سرمایہ تو نہیں ہوتا۔ انتہائی امیر طبقے کے پاس کچھ بھی خریدنے کے لیے ہمیشہ مالی وسائل ہوتے ہیں۔ قدرے امیر طبقہ کچھ کچھ پریشانی ظاہر کرتا ہے، لیکن عملی سے زیادہ زبانی حوالے سے۔ جو ایک طبقہ سب سے زیادہ تکلیف میں رہتا ہے اور جس کے لیے زندہ رہنا عملی طور پر انتہائی مشکل ہو چکا ہے، وہ ہے مستقل غربت کا شکار افراد۔ ان کی آمدنی زندہ رہنے کے لازمی اخراجات کے لیے کسی بھی طرح کافی نہیں ہوتی۔

اس محروم طبقے میں بے روزگاری بہت زیادہ ہے اور وہ سماجی عدم مساوات سے بھی سب سے زیادہ بھی متاثر ہے۔ بجلی اور گیس کے رلا دینے والے بلوں کی وجہ سے مختلف شہروں میں جو پاکستانی تنگ آکر خودکشیاں کر لیتے ہیں، وہ بھی زیادہ تر اسی طبقے کے لوگ ہوتے ہیں۔ وہ جو شکایت تو کرتے ہیں، مگر سننے والا کوئی نہیں ہوتا۔ پاکستان میں گزشتہ کئی برسوں سے ایسے مجبور اور بے بس شہریوں کے حالات زندگی میں بہتری کے لیے حکومتوں اور بار بار اقتدار میں آنے والے سیاستدانوں نے اگر کچھ کیا بھی ہے، تو اس کے نتائج عوام کے اس حصے تک نہیں پہنچے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے پاکستانیوں کی تعداد میں گزشتہ کئی برسوں میں کمی کے بجائے صرف اضافہ ہی ہوا ہے۔ کوئی معاشرہ واقعی حساس اور دوسروں کا خیال رکھنے والا بھی ہو، تو اس کا متوسط طبقہ بھی اس محروم طبقے کی مدد کے لیے کافی کچھ کرسکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری نہیں کہ معاشرے میں خیرات کی تقسیم کی حوصلہ افزائی کی جائے یا مفت کھانا کھلانے والے لنگر خانے کھولے جائیں۔ بات عام صارفین کی طرف سے ان غریبوں کی مدد کیے جانے کی ہے، جو محنت تو مسلسل کرتے ہیں، لیکن جن کی نہ جیب میں کافی آمدنی ہوتی ہے اور نہ پیٹ میں بھوک مٹا دینے والی خوراک۔

ایک سادہ سا حل یہ ہوسکتا ہے کہ حکمرانوں کی بے حسی کا رونا رونے کے بجائے جو کوئی جو کچھ بھی کر سکتا ہے، وہ کرے بھی۔ بے حس کی بے حسی کا رونا رونے سے بے حس کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ لیکن معاشرے میں دیگر انسانوں کے لیے احساس زندہ ہو، تو جو کوئی بھی حساس ہوگا، اس کا عمل اس کے الفاظ سے زیادہ موثر ہوگا۔ غربت، محرومی اور مالی بے بسی سرمائے کے ارتکاز ہی کے چند دیگر نام ہیں۔ یعنی کسی کے پاس سب کچھ اور کسی کے پاس محض اتنا کہ نہ ہونے کے برابر۔ سرمائے کی غیر منصفانہ تقسیم، مادی محرومی اور شدید غربت کے خاتمے کی انفرادی کوششوں کے تحت ایک راستہ تو یہ ہوسکتا ہے کہ بے بس انسانوں کو اپنے بچوں سمیت خودکشیوں پر مجبور کر دینے والی مہنگائی کے دور میں اپنے سے اوپر دیکھنے کے بجائے اپنے سے نیچے والوں کو دیکھا جائے۔ صرف دیکھا نہ جائے، بلکہ ان کی مدد کرنے کی دانستہ کوشش بھی کی جائے۔

کیا ضروری ہے کہ کسی مہنگے ریستوراں میں قیمتیں دیکھے بغیر کھانے کھا کر اچھی خاصی ٹپ تو دے دی جائے کیونکہ اس سے انسان خود کو "امیر امیر سا" محسوس کرتا ہے اور اگر کسی سڑک کے کنارے گاڑی روک کر کسی ریڑھی والے سے ایک درجن کیلے یا ایک کلو سیب خریدیں جائیں تو پہلے طویل بھاؤ تاؤ کیا جائے۔ پھر ساتھ ہی ٹھیلے والے پر یہ الزام بھی لگا دیا جائے: "کوئی شرم ہی نہیں آتی تم لوگوں نے تو لوٹ مچا رکھی ہے۔" کوئی ریڑھی والا کوئی پھل کتنا مہنگا بیچ سکتا ہے؟ شاید محض چند روپے ہی زیادہ مانگ سکتا ہوگا۔ اگر کوئی فیملی کسی ریسٹورنٹ میں ہزاروں روپے کا ایک بار کا کھانا کھا سکتی ہے، تو وہ ایک درجن کیلوں کی قیمت معمول سے پانچ یا دس روپے زیادہ بھی ادا کر ہی سکتی ہو گی۔ لیکن معاملہ احساس کا ہے۔ اس غریب کی حوصلہ افزائی کا جو محنت کر کے کچھ کمانا چاہتا ہے، لیکن جس کی حوصلہ افزائی کی نہیں جاتی۔ ایسا کرتے ہوئے اس ریڑھی والے تک وہ رقم نہیں پہنچنے دی جاتی، جو اگر اس تک پہنچ جائے تو وہ بھیک نہیں ہوگی، اس کی عزت نفس مجروح نہیں ہو گی اور ساتھ ہی مائیکرو لیول پر سرمایہ بھی منتقل ہوتا رہے گا۔ سرمائے کی یہی منتقلی تو معیشت اور مالیات کی بنیاد ہے۔ بہت چھوٹے پیمانے پر ہی سہی، لیکن اگر اس طرح کی خریداری کی حوصلہ افزائی نہ کی جائے، تو ممکنہ خریدار اس سماجی اور اقتصادی انصاف میں اپنا انفرادی حصہ ڈالنے سے محروم رہے گا، جو کوئی بھی شے یا سروس پہنچانے والے کا حق ہوتا ہے۔ حق بھی ان کا جو کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے، محنت کرتے ہیں اور جنہیں امید ہوتی ہے کہ اس روز مجموعی آمدنی سے اتنی بچت تو ہو جائے گی کہ ایک دن کے لیے اپنا اور اپنے خاندان کا پیٹ پال سکیں۔

ایک چینی کہاوت ہے کہ ایک ہزار میل کا سفر بھی ایک قدم سے شروع ہوتا ہے۔ کسی مجبور یا ضرورت مند سے کچھ خرید لینا یا اسے عام سے ذرا سی زیادہ قیمت ادا کرنے سے پاکستان کے تمام اقتصادی اور مالیاتی مسائل حل نہیں ہو جائیں گے۔ لیکن یہ ہوسکتا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں اگر اپنے سے نچلے سماجی طبقے کی طرف دیکھا جائے، تو صرف ایک دن کے لیے ہی، شاید صرف ایک پاکستانی کے لیے، صورت حال تھوڑی سی بہتر ہو جائے۔ مہنگائی کے موجودہ دور میں پاکستان کے تمام غریبوں کے سارے مسائل کوئی بھی ایک دن میں حل نہیں کرسکتا۔ اس لیے کہ ایسا تو عشروں کے دعووں اور تقریروں کے باوجود پاکستانی سیاستدان اور حکومتیں آج تک نہیں کر سکے۔ لیکن میں، آپ اور ہم سب شاید یہ کام کر سکتے ہیں: ایک ہزار میل کے سفر کے آغاز پر پہلا قدم اٹھانا۔ اگلی بار کسی ریڑھی والے یا گلی محلے کے کسی چھوٹے سے دکاندار سے کچھ خریدیں، تو قیمت پر کوئی بحث مت کیجیے گا۔ ادا کر سکتے ہوئے، تو عزت سے قیمت ادا کر دیجیے گا۔ شاید کسی غریب خاندان کے کسی ایک فرد کے لیے دن کے ایک یا دو وقت کے کسی بھی کھانے میں بجا طور پر آپ کا کچھ حصہ بھی شامل ہو جائے۔ احسان کرنے کے یا غریب پروری کی سوچ کے تحت نہیں، بلکہ کاروباری لین دین اور اقتصادی سرگرمی کے نتیجے میں۔ محرومی اور بھوک دیرینہ ہوں تو ان کا تدارک ٹکڑوں میں اور بتدریج ہی کیا جاسکتا ہے۔ یہ دیکھتے رہنے کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا کہ کون کیا کر رہا ہے۔ نتیجہ اس بات سے نکلتا ہے کہ فرد واحد کیا کر رہا ہے۔ خشک کھیتوں کو زرخیز بنانے اور ہری بھری فصلوں کی وجہ بننے والی وہ بارش بھی تو زمین پر قطرہ قطرہ گرتی ہے، جس کی ہر بوند کی اپنی اہمیت ہوتی ہے۔

والدین کی رہائی کے لیے ووٹ

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

یوں تو ہر کسی کو اپنے سیاسی، معاشی اور معاشرتی حقوق کی بحالی یا پاسداری کے لیے عدالتوں کا رخ کرنا پڑتا ہے مگر جہاں عدالتیں انصاف فراہم نہ کریں اور کئی برسوں تک بغیر فرد جرم، سزا یا رہائی پر خاموش تماشائی کی طرح رہیں وہاں انصاف حاصل کرنے کا دوسرا راستہ کیا ہے؟ یاد رہے، جموں وکشمیر کے طول وعرض میں ان ہزاروں قیدیوں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ بعض وکیلوں کے مطابق ان اسیران کی رہائی کے معاملات عدالتوں میں لینے سے منع کیا جاتا ہے جو اندرونی خودمختاری ختم کرنے کے فیصلے سے چند گھنٹے پہلے رات کے اندھیرے میں حراست میں لے کر انڈیا کی جیلوں میں پہنچا دیے گئے تھے۔ ایسے حالات میں بعض خاندانوں نے انتخابات کا سہارا لے کر ایک طرف سوئے ہوئے ضمیر کو جگانے کی کوشش کی تو دوسری جانب انڈین آئین کے تحت چلنے والے رول آف لا پر سوالیہ نشان بھی لگا دیا۔ دنیا میں اگر اس وقت کوئی زوال پذیر ہے تو وہ جمہوری مملکتیں ہیں، جہاں انسانی حقوق کے عالمی اداروں کی کوئی وقعت نہیں، عالمی سیاسی فورمز کی بات نہیں سنی جاتی اور عالمی میڈیا کارپوریٹ سیکٹر کی غلامی میں پھنس گیا ہے۔ پھر جب ہر مسلمان پر حصول حقوق کے بدلے میں دہشت گردی کا لیبل چسپاں کر دیا جاتا ہے تو وہ بڑی جمہوریتوں میں رہ کر انصاف کے لیے ترستے رہتے ہیں۔

برصغیر میں سامراجی طاقت کے خلاف آزادی کی لڑائی میں ایسی کئی مثالیں ملتی ہیں جب کانگریس اور مسلم لیگ نے ریاستوں اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور جمہوریت کے ذریعے اپنے حقوق حاصل کرنے کی داغ بیل ڈالی۔ مقصد صرف حق رائے دہی سے کرسی حاصل کرنا نہیں تھا بلکہ سامراج کو اس کی ہی زبان میں ظلم وبربریت کا جواب دینا تھا۔ شاید اسی تحریک نے وادی میں کئی خاندانوں کو متحرک کردیا۔ جموں وکشمیر میں ایسے ہزاروں والدین ہیں جو اپنے اسیر بچوں سے کئی برس نہیں ملے۔ ایک وجہ یہ کہ ان کو جموں وکشمیر سے باہر کی جیلوں میں قید رکھا گیا ہے اور دوسرا عدالتوں میں ان کو پیش نہیں کیا جاتا۔ ایسے نوعمر اولادیں بھی ہیں جن کے والدین کو برسوں سے جیلوں میں دہشت گردی یا تحریک آزادی چلانے کی پاداش میں بند رکھا گیا ہے۔ ایسی ہی ایک اولاد صغرا برکاتی ہے جو اپنے اسیر والدین کی رہائی کے لیے انتخابی مہم چلا رہی ہیں۔ صغرا نے دو حلقوں میں اپنے والد کے کاغذات نامزدگی داخل کیے اور عوام کے پاس جا کر ووٹ ڈالنے کی درخواست کر رہی ہیں۔ انتخابی ایجنڈا عدالت سے انصاف حاصل کر کے والدین کو رہا کروانا ہے۔ اس سے قبل پارلیمانی رکن انجینئر رشید کے بیٹے ابرار احمد نے اس تحریک کی بنیاد ڈالی جب وہ اپنی تعلیم چھوڑ کر گھر گھر والد کی رہائی کے لیے ووٹ مانگتے رہے۔ شمالی کشمیر میں لاکھوں لوگوں نے ابرار کی حمایت میں ووٹ ڈال کر تاریخ رقم کر ڈالی جب سابق وزیر اعلیٰ، سابق مرکزی وزیر اور پرانی سیاسی جماعت نیشنل کانفرنس کے سربراہ عمر عبداللہ کو لاکھوں ووٹوں سے ہرا کر انجینئر رشید کے ساتھ جذباتی ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا۔

آپ کو یاد ہوگا کہ بعض معروف آزادی پسند اسیر رہنماؤں کی اولادوں کو اخباروں میں لکھ کے دینا پڑا کہ وہ اپنے والد کے سیاسی نظریے سے مطابقت نہیں رکھتے تاکہ ان کی تعلیم اور روزگار میں جو رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی تھیں وہ دور ہوجائیں۔ ان میں کشمیر کا قیدی کہلانے والے شبیر شاہ کی بیٹی شامل ہیں۔ جب بیٹوں اور بیٹیوں کو ان عدالتوں نے انصاف نہیں دیا جو خود کو آئین وقانون کی بالادستی کی علم بردار سمجھتی ہیں تو ان کے پاس اپنے لوگوں سے ووٹ حاصل کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں رہا۔ وہ چاہے آزادی چاچا کی 16 برس کی بیٹی صغرا برکاتی ہو یا انجینئر رشید کا طالب علم بیٹا ابرار احمد۔ ڈاؤن ٹاؤن کے میر غلام احمد کہتے ہیں کہ ان کے بیٹے کو تقریباً 12 برس پہلے گرفتار کر کے پہلے جموں کے کورٹ بلوال میں رکھا گیا پھر وہاں سے جودھ پور لے گئے۔ 'اب مجھے نہیں معلوم وہ کس جیل میں ہیں۔ نہ تو انہیں عدالت میں پیش کیا جا رہا ہے اور نہ پولیس بتا رہی ہے کہ ان کو کس جرم میں گرفتار کیا گیا۔ یہ کہانی ہے جمہوری قانون کی جو کشمیر کے لیے بالکل اندھا ہو گیا ہے۔' جہاں مرکزی سرکار نے ہمارے حقوق چھین کر ہمارے بچوں کو ہم سے الگ کردیا وہیں ہمارے مقامی مین سٹریم جماعتوں کے رہنماؤں نے اپنے منہ بند کر رکھے ہیں تاکہ بی جے پی ناراض نہ ہو جائے جس کو ہمارے گھروں پر مسلط کرکے اور ہم پر بےتحاشا یلغار کرواتے میں ان کے اتحادی بنے بیٹھے تھے۔' اس وقت عالمی میڈیا کی توجہ پھر کشمیر کی جانب مبذول ہوئی جب کالعدم مذہبی تنظیم جماعت اسلامی کے رکن مسٹر ملک کے پیر میں جی پی ایس ٹریکر باندھا گیا تھا جو اسیری کے بعد رہا کر دیے گئے تھے اور اب انصاف کی خاطر انتخابی امیدوار بن گئے ہیں۔ میڈیا نے انہیں انتخابی مہم کے دوران جب ٹریکر کے بارے میں پوچھا تو وہ اس ظلم کو بیان بھی نہیں کر پائے۔ اسمبلی انتخابات کے دوسرے عمل کے دوران دو درجن ملکوں کے سفیروں کو وادی کشمیر لایا گیا اور انہیں باور کرایا گیا کہ عوام نے سب کچھ تیاگ کر کے جمہوریت کو گلے لگایا ہے۔ بعض سفیروں نے پرامن انتخابی عمل کی تعریف بھی کی مگر انہیں یہ کون بتا سکتا تھا کہ اس امن میں درد وکرب کی ایک داستان پنہاں ہے اور عوام کے بڑے طبقے نے اپنے پیاروں کی رہائی کے لیے ہی ووٹ ڈالا ہے۔ یہ بات عالمی میڈیا کے کچھ ادارے بتا سکتے تھے مگر انہیں کشمیر آنے کی ابھی اجازت نہیں۔ ایسے میں اگر صغرا برکاتی کی مہم کامیاب بھی ہوتی ہے تو شاید یہ اُمید کرنا کہ اس معصوم بچی کے والدین رہا ہو کر گھر آئیں گے قبل از وقت ہے۔ انجینئر رشید کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے اور انتخابی عمل ختم ہونے کے فوراً بعد جلد ہی تہاڑ جیل میں واپس جانا ہے۔ ہزاروں محبوس نوجوانوں کے والدین آس لگائے بیٹھے ہیں کہ کامیاب اُمیدوار مقامی اسمبلی بننے کے بعد شاید پہلا کام ان کی بچوں کی رہائی کے لیے کریں گے۔ اب یہ انتخابی نتائج پر منحصر ہے کہ جموں وکشمیر کی 10 سال سے جاری صورت حال برقرار رہے گی یا انتخابات واقعی کوئی نئے حالات پیدا کریں گے لیکن یہ بات کتنی عجیب لگتی ہے کہ اپنے عزیزوں کی رہائی کے لیے انتخابات میں کودنے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں تھا جو شاید دنیا کی انتخابی تاریخ میں پہلا واقعہ ہے۔

مولانا محمد حنیف شہید کا یوم شہادت: اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

علماء حق کا جرنیل کہا گیا ہے، اکابر اور اسلاف کی خدمات اور دعوت صالحہ کا پیکر مجسم، میدان سیاست کی ہر دل عزیز شخصیت، قائد حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کی تحریکات کا سرگرم ... کرتے ہیں اس حقیقت کے اعتراف کے بغیر چارہ نہیں کہ مولانا محمد حنیف شہید جیسی شخصیتیں روز روز پیدا نہیں ہوتیں ...

تحریر: مولانا مفتی محمد قاسم حقانی

کارکن، اپنے اساتذہ اور مشائخ کا محبوب ...

شہید ملت حضرت مولانا محمد حنیف شہید کے فضائل و مناقب، اطراف حیات، جولانی نشاط، دیگر متعلقات اور ان کے حقیقی واقعات کو بیان نہیں کیا جاسکتا۔ آپ ایک عجیب و غریب متحرک اور سرگرم فولادی عزائم اور طوفانی طریقہ کار کے ساتھ اپنی قوم و وطن کے خدمت کیلئے ایسے پیش پیش رہتے تھے کہ شاید اس دور میں کوئی ماں کا بیٹا بھی اتنی جانفشانی کے ساتھ کام نہ آئے۔ حضرت اقدس فقیہ امت حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کے مخلص سپاہی قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ کے دست راست جمعیت علماء اسلام کے صف اول کی قائد تھے اس کائنات رنگ و بو میں ہزاروں شخصیات ایسی گزری ہیں جن کی تب و تاب جاودانہ تاریخ کی نذر نہیں ہوتی بلکہ ان کی کرنوں سے تاریخ منور ہوتی چلی گئی ان کی جلائی ہوئی شمعیں اپنی ضوفشانیوں سے زندہ قوموں کو راستہ دکھاتی رہتی ہیں۔ وہ آسودہ خاک ہو کر بھی ایسے بیج بو جاتے ہیں جو ان کی رحلتوں کے بعد تناور درخت بن جاتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ جب ہم افراد اور اشخاص کی زندگیوں کا مطالعہ

صفت سفاک قاتلوں نے آپ کو شہید کر دیا وہ خون جس میں اسلام انسانیت اور وطن عزیز کی خدمت کا جذبہ تھا۔ شہید اسلام مولانا محمد حنیف نے قربانیوں کی اک داستان چھوڑ کر جاتے جاتے اپنی جاں بھی بلوچستان کے امن کے لئے قربان کی اور شہید امن قرار پائے بہت کم لوگ ایسے ہیں جو تاریخ کے دامن میں اپنی خداداد صلاحیتوں اور لازوال قربانیوں کی بدولت ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ مولانا محمد حنیف شہید کو میں نے اس وقت جاں ہتھیلی پر رکھے بلوچستان کی ہر شاہراہ میں امن کی صدائیں بلند کرتے دیکھا جب ہر طرف خوف و دہشت کے سائے اپنی تمام تر وحشتوں کے ساتھ گہرے سے گہرے ہوتے جا رہے تھے، ان کا صدمہ کسی ایک گھر کا نہیں، کسی ایک جماعت کا نہیں ان کے جانے سے ایک تحریک اجڑ گئی، ایک قوم ویران ہوگئی اور اہل حق کے بہت سارے سرسبز باغ خزاں پذیر ہوئے۔

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

تمبو میں لگایا گیا واٹر سپلائی کا شمسی پلیٹ اسکیم ناکارہ ہونے لگا

پانی پینے کے قابل نہ رہا، موذی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے، شریف عمرانی

تمبو (نامہ نگار) تمبو میں لگایا گیا واٹر سپلائی کا شمسی پلیٹ اسکیم ناکارہ ہونے لگا ...

وائس چیئرمین منظور احمد کنبانی کی نگرانی ترقیاتی کام جاری ہے، میر دوران

صحبت پور (نمائندہ مشرق) پاکستان پیپلز پارٹی ... حلقہ پی بی 15 اپوزیشن لیڈر میر دوران خان کھوسہ ... وائس چیئرمین منظور احمد کنبانی ...

خضدار، ایس ایس پی عبدالعزیز جھکرانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات ملے ہیں، عوام کے مسائل سے چشم پوشی نہیں کی جاسکتی لوگوں کے مسائل حل کرنا اولین ذمہ داری ہے، منیر کاکڑ

مفاد عامہ کے برخلاف کسی عمل کو برداشت نہیں کیا جائیگا ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

پولیس کی جانب سے تحریری آگاہی فراہم کی جائے تاکہ ہم ساتھ مل کر امن و امان کے حوالے سے درپیش مسائل کے تدارک کے لیے اقدامات کیے جائیں، کرنل صدیق

جو تحصیلدار ترقیاتی امور میں سستی برتے گا اس کے خلاف ایکشن لیکر بلیک لسٹ کیا جائے گا، ترقیاتی امور میں کسی کو رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں، کھلی کچہری سے خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان ... چیف سیکرٹری بلوچستان ... کے احکامات اور کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمٰن خان کی ہدایت کی روشنی میں نصیر آباد میں عوامی مسائل کو معلوم کرنے اور ان کے بہتر حل کرنے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری منجو شوری میں منعقد کی گئی لوگوں کے نے کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل کے متعلق ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو تحریری اور زبانی طور پر آگاہی فراہم کی مسائل کو ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے موقع پر ہی حل کرنے کے احکامات جاری کیے عوام کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں تمام افسران کی موجودگی کو بے حد سراہا گیا۔ کھلی کچہری میں کرنل ملک محمد صدیق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالحمید تصمیم اسسٹنٹ کمشنر علی شاہ عباسی ایس ایس پی نصیر آباد لیفٹیننٹ ریٹائرڈ فہد خان کھوسہ ایگزیکٹو انجینئر زاہد الرحمٰن کاکڑ سمیت دیگر ضلعی افسران شریک تھے کھلی کچہری کے موقع پر سائلین کی جانب سے بجلی سہولیات کی فراہمی زرعی اراضی کے مسائل تمام تحصیلوں میں ادویات کے کوٹے میں اضافہ امن و امان، سیلابی صورتحال سے لوگوں کو محفوظ رکھنے بجلی کی فراہمی کینالز پر پلوں کی تعمیرات ترقیاتی امور میں تیزی لانے ربی کنال کے شگافوں کو پر کرنے منجو شوری میں بینک سسٹم کی سہولیات کی فراہمی مسافر خانے میں آبنوشی کے لیے ہینڈ پمپس کی فراہمی سمیت لائیوسٹاک و دیگر شعبوں میں عوام کو درپیش مسائل کے متعلق تحریری اور زبانی طور پر آگاہی فراہم کی گئی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل سے کسی صورت چشم پوشی نہیں کی جاسکتی لوگوں کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں کا حصہ ہے آج کھلی کچہری کے انعقاد کا بھی مقصد یہی ہے کہ ہم عوام سے ان کی دہلیز پر تمام مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کریں اور ان کے تدارک کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں لوگ اپنے علاقوں میں درپیش مسائل کے متعلق ہمیں آگاہی فراہم کرتے رہیں تاکہ بہتر سے بہتر اقدامات کیے جائیں اگر آپ کے علاقوں میں اساتذہ اور ڈاکٹرز غیر حاضر رہتے ہیں تو ان کے متعلق ہمیں فوری طور پر اطلاع دی جائے تاکہ ان کو ہر صورت حاضر باش رہنے کے لیے پابند کیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی جانب سے غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات ملے ہیں اس لیے مفاد عامہ کے برخلاف کسی بھی عمل کو برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ جو بھی تحصیلداران ترقیاتی امور میں سستی برت رہے ہیں ان کے خلاف ایکشن لیا جائے اور انہیں بلیک لسٹ کیا جائے ہم کسی صورت ترقیاتی امور میں رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے انہوں نے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے آفیسران کو کہا کہ تمام ذیلی شاخوں کی خستہ حال پوائنٹس کی تعمیر و مرمت بالخصوص ذیلی شاخوں پر بنائی گئی

کوہلو، ڈی سی عقیل بلوچ سے تحصیل تمبو کے مختلف لیویز چوکیوں اور تھانوں کا دورہ کر رہے ہیں

دالبندین گن پوائنٹ پر موبائل نقدی چھیننے کی وارداتوں میں اضافہ ہندو پنچائیت سراپا احتجاج

ہندو تاجر برادری گزشتہ ایک ماہ سے شدید عدم تحفظ کا شکار، آئے روز دکانیں پر نقب لگا کر چوریاں کی جاتی ہیں

ہندو پنچائیت کے سربراہان کا مندر میں اجلاس، احتجاج سے قبل متعلقہ انتظامیہ کو اپنے تحفظات سے آگاہ کریں گے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین ہندو پنچائیت سراپا احتجاج ایس پی چاغی سے ملاقات تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر کے ہندو تاجر برادری گزشتہ ایک ماہ سے شدید عدم تحفظ کے شکار ہے آئے روز ہندو برادری کے دکانوں نقب لگا کر چوریاں کی جاتی ہے اور گن پوائنٹ پر موبائل نقدی اور انکے گاڑیاں تک چور چھین کر فرار ہوجاتے ہیں گزشتہ ایک ہفتے سے ہندو برادری کے دکانوں موبائل چھیننے کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے ہندو برادری میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہندو پنچائیت کے سربراہان نے مندر میں اجلاس بلا کر فیصلہ کیا گیا کسی بھی قسم کی احتجاج سے قبل متعلقہ انتظامیہ کو اپنے تحفظات سے آگاہ کرنا چاہیے ہندو پنچائیت کے سرکردہ رہنما کونسلر سیٹھ برج لعل کی سربراہی میں وفد نے ایس پی چاغی حسین احمد لہڑی سے ملاقات کی ایس پی چاغی کو ہندو برادری کے ساتھ پیش آنے والے وارداتوں کے بارے میں آگاہ کیا ایس پی چاغی نے سیٹھ برج لعل کے ساتھ آنے والے وفد کو یقین دہانی کرائی پولیس فورس صرف ہندو برادری نہیں تمام تاجروں اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ہمہ وقت تیار رہتی ہے مگر بعض اوقات متاثرہ تاجر جنگی چوریاں ہو جاتی ہے وہ پولیس کو بروقت اطلاع اور چوروں کو پکڑنے کے بعد ایف آر کا پرچہ نہیں چاک کرتے ہیں ایس پی چاغی نے پنچائیت وفد کو یقین دہانی کرائی کی آپ لوگوں کو ہر قسم تحفظ فراہم کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کیا جائے گا پولیس کے ساتھ آپ لوگ بھی تعاون کریں جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی کریں چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف پولیس فورس ہمیشہ الرٹ ہے۔

ڈی ایم جمالی کی رہائشی پرویز بنگلانی نے کوئٹہ کی رہائشی سے شادی رچالی

شریعت کے مطابق دو ستمبر 2024 کو کراچی کورٹ میں شادی کی ہے، رضیہ پٹھان

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی پرویز احمد بنگلانی اور کوئٹہ کی رہائشی رضیہ پٹھان نے کراچی کی مقامی عدالت میں شریعت محمدی کے مطابق نکاح کر کے شادی رچائی ہے رضیہ پٹھان نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور ہم نے شریعت کے مطابق دو ستمبر 2024 کو کراچی کورٹ میں شادی کر لی ہے مجھے کسی نے نہ اغوا کیا ہے اور نہ ہی کسی نے مجھے بھگایا ہے میرے والدین میرے رشتہ دار میرے شوہر پرویز بنگلانی کے جان کے دشمن بن گئے ہیں انہوں نے بتایا کہ صدر تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کے ایس ایچ او میرے شوہر پرویز بنگلانی کے گھر پر بلاوجہ چھاپے لگا کر ان کے بھائیوں اور رشتہ داروں کو ہراساں کر رہے ہیں جبکہ لائن پولیس تھانہ کوئٹہ میں میرے شوہر پر اور ان کے بھائیوں پر نو ستمبر 2024 کو اغوا کا جھوٹا مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے اس جھوٹے مقدمے کو ختم کیا جائے اس موقع پر رضیہ پٹھان کے شوہر پرویز احمد بنگلانی نے صحافیوں کو بتایا کہ ہم ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے ہم نے اب کراچی کی مقامی عدالت میں شریعت کے مطابق شادی کر لی ہے صدر تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کے ایس ایچ او مجھے ہراساں جبکہ کوئٹہ لائن پولیس تھانہ کے ایس ایچ او نے مجھ پر اغوا کا جھوٹا مقدمہ درج کیا ہے پریمی جوڑے نے بلوچستان ہائی کورٹ۔ آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی نصیر آباد۔ ڈی آئی جی کوئٹہ اور ایس ایس پی نصیر آباد سے اپیل کی ہے کہ ہمیں مکمل تحفظ فراہم کیا جائے جو مقدمہ ہمارے اوپر درج کیا گیا اس کو ختم کیا جائے ہمیں اپنی زندگی گزارنے کے لیے آزاد چھوڑ دیا جائے ہم ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتے ہیں اور اسلام کے مطابق ہم نے شادی بھی کر لی ہے ہم نے ایسا کوئی گناہ نہیں کیا ہے

نصیر آباد، پریمی جوڑا پرویز احمد بنگلانی اور رضیہ پٹھان مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین میں راشن کی تقسیم جاری

باجی پور (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ صحبت پور کی جانب سے حالیہ سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین میں راشن کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے اس حوالے سے تحصیل سید محمد کنرانی کے متاثرین میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر تمام انتظامات کا جائزہ لینے اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ نے تحصیل سید محمد کنرانی کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا جائزہ لیا

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شہید سہیل میں عید میلاد النبی کی مناسبت سے پروگرام

طلباء کی جانب سے تلاوت قرآن کریم، نعت اور تقاریر، رسول اکرم کی زندگی پر روشنی ڈالی گئی

نصیر آباد (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شہید سہیل اسلم ڈیرہ مراد جمالی میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مناسبت سے پروگرام منعقد کیا گیا جس کے مہمانان خصوصی عبدالرؤف جمالی ڈپٹی ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز نصیر آباد ڈویژن اور محمد ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) نصیر آباد تھے جن کا استقبال سکول کے ہیڈ ماسٹر محمد عالم ڈومکی اور سکاؤٹس نے سینئر فزیکل ایجوکیشن ٹیچر شاہنواز کی زیر سرپرستی سکاؤٹنگ کلچر اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے کیا پروگرام میں طلباء نے تلاوت قرآن کریم نعت اور اردو و انگریزی تقاریر پیش کیں۔ جن میں رسول اکرم کی زندگی پر روشنی ڈالی گئی اور ان کے اعلیٰ مقام کو بیان کیا گیا اساتذہ اور ہیڈ ماسٹر نے رسول کی سیرت پر روشنی ڈالی مہمانان خصوصی عبدالرؤف جمالی ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن سکولز نصیر آباد ڈویژن اور محمد سہرو ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) نصیر آباد نے اپنے اپنے خطابات میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی، اعلیٰ خدمات، صلہ رحمی اور آخرت کے بارے میں تعلیمات پر تفصیلاً بیان کیا اور پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء میں کیش انعامات تقسیم کیے بعد ازاں گورنمنٹ آف بلوچستان کی جانب سے مہمانان گرامی اور اساتذہ کرام نے 124 مستحق طلباء میں مفت وردیاں تقسیم کیں

کوہلو، ڈی سی عقیل احمد بلوچ امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تعلیمی نظام کی بہتری و بحالی کے عزم کے لیئے کوشاں ہیں، نیشنل پارٹی

تعلیمی اداروں میں بہتری سے ہی نئی نسل روشن مستقبل کی طرف گامزن ہو گی

بھاگ (نامہ نگار) تعلیمی اداروں میں بہتری لانے سے ہی نئی نسلیں روشن مستقبل کی طرف گامزن ہوں گی نیشنل پارٹی تحصیل بھاگ کے صدر وفا مراد سومرو کی قیادت میں نیشنل پارٹی کے وفد جن میں جنرل سیکرٹری حاجی خان بلوچ ڈپٹی جنرل سیکرٹری کامریڈ الکا خان کلواڑ انفارمیشن سیکرٹری نعیم آزاد کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھاگ کا دورہ۔ ہیڈ ماسٹر حافظ عبدالکریم بھیان کے ساتھ مختلف مسائل پر تفصیلی نشست۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈی ای او بھاگ محمد اکبر بلوچ یونیسف کے محمد حنیف ہنگور بھی موجود تھے۔ اس دوران طلباء کی اسکول میں حاضری، طلباء کو درپیش مسائل رجسٹریشن داخلہ امتحانی فیسوں کی بھاری رقوم کی وصولیوں، اسپورٹس ویک، بزم ادب کے پروگراموں کے انعقاد کے حوالے سے تبادلہ خیال، غریب طلباء کے لیے اسکول یونیفارم کی تقسیم و فیسوں میں خصوصی رعایت سمیت بالخصوص طلباء کے لیے اسکول لائبریری کی بلڈنگ (جو ادھوری حالت میں چار سال سے موجود ہے

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات ایک دن پہلے جمع کرائے جائیں ...

اطلاع عام

پلاٹ نمبر 84-19 رقبہ 450 مربع فٹ واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ جو کہ محمد بلال کاسی ولد محمد اقبال کاسی کے نام ہے ... محمد اسماعیل شاہ ولد سید محمد نادر شاہ کے نام ٹرانسفر ... کسی کو اعتراض ہو تو کیو ڈی اے سے تحریری رجوع کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا مشتہر محمد اسماعیل شاہ

انوا QDA..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420352126901 بنام محمد فرید ولد گل محمد گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03120185334 پر مطلع کریں

نمائندہ وقلعہ عبداللہ..........

درستگی تاریخ پیدائش

میری اصل تاریخ پیدائش بمطابق مدرسہ سرٹیفکیٹ اور شناختی کارڈ 01/01/1995 ہے جبکہ میری میٹرک کی ڈی ایم سی میں تاریخ پیدائش غلطی سے 01/01/1992 لکھی گئی ہے لہذا درستگی کی جائے مشتہر ماریہ بی بی بنت حاجی باران خان

STAFF..........

بعدالت جناب ثناء اللہ خان لونی اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالخالق نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد حاجی عبدالغنی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان (1) ولات بی بی بیوہ (2) عبدالخالق (3) خان محمد (4) اختر شاہ (5) اکرم شاہ (6) فیروزہ بی بی (7) مریم بی بی (8) بی بی حاجرہ (9) فاطمہ بی بی (10) نائلہ بی بی پسران و دختران عبدالغنی ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع سپین تنگی لورالائی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 15 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 26/9/2024 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی..........

از دفتر تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جھٹ پٹ ضلع جعفر آباد

اشتہار انتقال وراثت اراضی دیہہ نصیر آباد حلقہ صدر

ہر گاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد یوسف ولد ساون خان قوم سیر ساکن مملی ڈیرہ اللہ یار تحصیل جھٹ پٹ جو کہ مورخہ 29/5/2024 کو فوت ہو چکا ہے متوفی مذکور کے جائز وارث 1۔ بزار بی بی بیوہ متوفی محمد یوسف 2۔ حسینہ دختر محمد یوسف 3۔ ساون خان ولد محمد یوسف 4۔ تمینہ دختر محمد یوسف جس کی زمین دیہہ نصیر آباد حلقہ صدر کھاتہ نمبر 118 رقبہ تعدادی 7885 میں واقع ہے متوفی محمد یوسف ولد ساون خان قوم سیر ساکنہ مملی ڈیرہ اللہ یار تحصیل جھٹ پٹ کے نام ریونیو ریکارڈ انتقال درج شدہ ہے بذریعہ اشتہار عام و خاص کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی اور دیگر جائز ورثاء یا ادارے کو اعتراض ہو تو سات (7) دن کے اندر اندر زیر دستخطی کو تحریری طور پر اپنا عذر و اعتراض پیش کریں ورنہ بعد از تاریخ کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا انتقال بالا فریق کے نام پر درج ریکارڈ ہوگا آج مورخہ 27/9/24 کو میرے دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

R.No.....60230

EXTENSION

Reference to NIT Published in Daily National Newspapers Under AB No: 289 dated 12-9-2024 & uploaded on BPPRA Website under AB No. 289 dated 12-9-2024 with reference TSE Nos. 242509547233 uploaded on BPPRA Website for the Development work "Construction of Ahmed Wall Cross to Albat Road (Phase-1) (Package-B) from RD 16+000 to 32+000KM the last date of Submission Bids is extended to 03-10-2024 (11:00AM) and opening 03-10-2024 (12:00PM) from 26-09-2024. Other terms and conditions will remain the same.

AB No.336/27-09-2024

Project Director / Executive Engineer Roads
Ahmedwall Cross Road to Albat Road Project District Kharan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار بنام عوام الناس بابت بلاک شناختی کارڈ

بمعاملہ الصدر اس سے قبل بذریعہ اشتہار بتاریخ 2024-08-08 جاری کیا گیا تھا کہ تقریباً 102 افراد کی فہرست نادرا آفس سے ضلع اوستہ محمد موصول ہوئی فہرست میں شامل تمام کیسز قائم کردہ ڈسٹرکٹ لیول کمیٹی ڈپٹی کمشنر آفس اوستہ محمد میں زیر التوا ہیں۔ اس سلسلے میں ان تمام افراد کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تمام ثبوتوں کے ساتھ اندر پندرہ ایام دفتر زیر دستخطی میں پیش ہوں تاکہ مکمل چھان بین کے بعد زیر التوا کیسز کو مکمل کیا جاسکے۔ اگر کوئی متعلقہ شخص 15 ایام کے اندر دفتر ہذا میں پیش نہیں ہوا تو یہ تصور کیا جائیگا کہ اس کے پاس اپنے حق میں کوئی ثبوت نہیں ہے اور اس کے بلاک شدہ شناختی کارڈ کا یکطرفہ فیصلہ عمل میں لایا جائیگا۔

ڈپٹی کمشنر
اوستہ محمد

PRQ No 1228/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM/EXTENSION

Kindly refer to this office NIT No: HC/ 1619-26 Dated: 29th August.2024, 1st Corrigendum No.1757-61 dated 18th September 2024 for subject works namely "Improvement of Channel Murad Shakh, Muheem Distry & Wazir Minor PSDP#2843.Z.2024-1133) being TSE#242508532933, TSE#242508533023 & TSE#242508533233 published in newspaper under PRQ No: 1099/19-09-2024, also uploaded on website of BPPRA.
Bid submission date has been extended up to 18th October 2024 at 1.00pm and will be opened on same date and at 2.00pm.
All other terms and conditions of original N.I.T shall remain unchanged.

Executive Engineer, Patfeeder Canal Division, Dera Murad Jamali.

PRQ No.1243/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION

Reference to NIT Published in Daily National Newspapers Under AB No: 290 dated 12-9-2024 & uploaded on BPPRA Website under AB No. 290 dated 12-9-2024 with reference TSE Nos. 242509547093 uploaded on BPPRA Website for the Development work "Construction of Ahmed Wall Cross to Albat Road (Phase-1) (Package-A) from RD 00+000 to 16+000KM the last date of Submission Bids is extended to 03-10-2024 (11:00AM) and opening 03-10-2024 (12:00PM) from 26-09-2024. The amount in the Bill of Quantities (BOQ) has been corrected. The Bid amount is 1,931,295,497. Other terms and conditions will remain the same.

AB No.341/27-09-2024

Project Director / Executive Engineer Roads
Ahmedwall Cross Road to Albat Road Project District Kharan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 12/024 | FIR نمبر 06/024 | سرکار بنام سفیر احمد جیند بلوچ

جرم زیر دفعہ ATA F(i)(ii) 302,324,PPC 3-4-5 Exp,7-11 | CTD/PS نصیر آباد

ہر گاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی سفیر احمد عرف جیند بلوچ ولد عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ کردگاپ مستونگ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقررہ ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور ازروئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 01-10-2024 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

سیشن جج کچھی
بمقام ڈھاڈر

PRQ No 1229/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 16/024 | FIR نمبر 08/024 | سرکار بنام سفیر احمد جیند بلوچ

جرم زیر دفعہ 302,324,353,186,427,120,PPC 3-4 Exp,7-11 F(i)(ii)11N-21IATA | CTD/PS نصیر آباد

ہر گاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی سفیر احمد عرف جیند بلوچ ولد عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ کردگاپ مستونگ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقررہ ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور ازروئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 01-10-2024 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

سیشن جج کچھی
بمقام ڈھاڈر

PRQ No 1232/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE OF FUNDING OPPORTUNITY

مقامی تنظیموں کے لیے فنڈنگ کے مواقع کا نوٹس

ادارہ ایس پی او (SPO) نے Save the Children کے تکنیکی تعاون اور US-DOS کی مالی امداد سے نصیر آباد، جعفر آباد (بلوچستان) اور جیکب آباد، خیرپور (سندھ) میں کام کرنے والی مقامی تنظیموں کو "بچوں اور کم عمری کی جبری شادی کی روک تھام اور خاتمے" کے لیے ذیلی گرانٹس مہیا کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک منصوبے کی مالیت 30 لاکھ اور دورانیہ زیادہ سے زیادہ 7 ماہ ہوگا۔ اہل مقامی تنظیمیں (CSOs) جو اس موضوع پر تکنیکی خیالات رکھتی ہیں اور عملی طور پر اس اصلاح میں کام کر رہی ہیں۔ اپنی درخواستیں جمع کروا سکتی ہیں۔ خواتین کے حقوق کے لیے کام کرنے والی اور عورتوں، نوجوانوں اور افراد باہم معذوری کی قیادت میں کام کرنے والی تنظیموں کی اس عمل میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ تنظیموں کی ضروری اہلیت اور فنڈنگ کے مواقع کی تفصیلی معلومات ہماری ویب سائٹ https://spopk.org/cefm-grants/ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ جہاں درخواستیں جمع کروانے کا مکمل طریقہ اور فارم مہیا کیے گئے ہیں۔ فنڈنگ کے مواقع کا یہ نوٹس درخواستوں کی طلبی کے لیے 28 ستمبر 2024 سے شروع ہو کر 14 اکتوبر 2024 تک کھلا رہے گا۔ درخواستیں جمع کروانے سے متعلق سوالات 7 اکتوبر 2024 تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ جن کا جواب 24 گھنٹے میں Email کے ذریعے دیا جائے گا۔ فون اور دفاتر رابطہ کرنے پر سوالوں کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ نامکمل اور 14 اکتوبر شام 5 بجے کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں شامل نہیں کی جائیں گی۔

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 13/024 | FIR نمبر 16/024 | سرکار بنام سفیر احمد جیند بلوچ

جرم زیر دفعہ 337 H(2) 427 PPC 7ATA | CTD/PS نصیر آباد

ہر گاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی سفیر احمد عرف جیند بلوچ ولد عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ کردگاپ مستونگ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقررہ ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور ازروئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 01-10-2024 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

سیشن جج کچھی
بمقام ڈھاڈر

PRQ No 1231/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 19/024 | FIR نمبر 04/024 | سرکار بنام سفیر احمد جیند بلوچ

جرم زیر دفعہ 302,324,353,186,120,B,PPC 3-4-5 Exp,7-11 F(i)(ii) ATA | CTD/PS نصیر آباد

ہر گاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی سفیر احمد عرف جیند بلوچ ولد عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ کردگاپ مستونگ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقررہ ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور ازروئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 01-10-2024 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

سیشن جج کچھی
بمقام ڈھاڈر

PRQ No 1230/27-09-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

RE-TENDER NOTICE

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.860 /03-09-2024 is hereby cancelled due to missing eligibility criteria the same is hereby now retendered. **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work.

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of GGPS Mazar Khan Sumand District Duki **TSE-242509559913**	13,000,000
2	Construction of GBPS Hidayat Shah Meera District Duki **TSE-242509559983**	13,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required **Procedure Of Procurement**: Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2% specified above in the name of the under- signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents**: From the date of publication of NIT to 14 October, 2024 during office hours on working days **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 14 October, 2024 till 11:00 AM **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 12:00 PM **Address**: Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki Phone no: 0824660630 Email: malakasadkhantareen @gmail.com

PRQ No.1235/27-9-2024

Executive Engineer Building CW PP&H Department District Duki

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The **Office of the Chief Officer District Council Chaman** invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following Development Works for the year 2024-25 Govt. of Balochistan.

S.No	Name of Scheme	Amount
1	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM AT DISTRICT COUNCIL CHAMAN PACKAGE-I **TSE-242509557143**	20.00 M
2	INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM AT DISTRICT COUNCIL CHAMAN PACKAGE-II **TSE-242509557163**	16.60 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Turn-over of at least as per schemes estimated cost in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR** with green Challan in NBP Chaman Branch A/C 4251014090. **Issuance of tender Documents**: From the date of publication of NIT to 14th October, 2024 during office hours on working days. **Last date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 14th October, 2024 till **11:00 AM. Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 AM Address:** Office of the Chief Officer District Council Chaman.
Phone no: 0826654343 Email: john.shazan44@gmail.com

AB No.339/27-9-2024

CHIEF OFFICER DISTRICT COUNCIL CHAMAN.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242509545503 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The LOCAL GOVERNMENT CHAGAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates
Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD AND SOLAR STREETS LIGHTS AT KILLI ZAHOOR COLONY HAJI AMANULLAH SASOLI STREETS DHALBAANDIN CHAGHI	19,816,552

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,871,586 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE11(i) (Solar), CE11(I) (General engineering Works only). **Procedure Of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents**: From the date of publication of NIT to 15 October, 2024 during office hours on working days **Last date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 15 October, 2024 till 11:00 AM . **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at 12:00 PM Address: LOCAL GOVERNMENT CHAGAI
Phone no: 3318333540 Email: zahidbugtiad@gmail.com

PRQ No.1240/27-9-2024

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT CHAGAI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سری لنکن کھلاڑی نے نیوزی لینڈ کیخلاف ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا نیا ریکارڈ بنا ڈالا

کامندو مینڈس نے اپنے کیریئر کے ابتدائی 8 ٹیسٹ میں مسلسل ففٹی اسکور کی، یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا نیا منفرد ریکارڈ ہے

اس سے قبل یہ ریکارڈ پاکستان کے سعود شکیل کے پاس تھا جنہوں نے اپنے ابتدائی 7 ٹیسٹ میچز میں مسلسل ففٹی اسکور کی تھی

کولمبو (این این آئی) سری لنکن بیٹر کامندو مینڈس نے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا نیا ریکارڈ بنا دیا۔ سری لنکا اور نیوزی لینڈ کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا آخری ٹیسٹ گال میں دوسرے دن کے کھیل کا اختتام ہوگیا ہے۔ سری لنکا نے پہلی اننگز میں کامندو مینڈس کی شاندار 182 رنز کی اننگز کی بدولت 602 رنز بنائے اور پھر اننگز ڈکلیئر کردی۔ سری لنکا کی اس اننگز کے دوران جب کامندو مینڈس نے پہلے ففٹی مکمل کی تو وہ ٹیسٹ کرکٹ کے واحد بیٹر بن گئے جنہوں نے اپنے کیریئر کے ابتدائی 8 ٹیسٹ میں مسلسل ففٹی اسکور کی، یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا نیا منفرد ریکارڈ ہے۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ پاکستان کے سعود شکیل کے پاس تھا جنہوں نے اپنے ابتدائی 7 ٹیسٹ میچز میں مسلسل ففٹی اسکور کی تھی۔ علاوہ ازیں کامندو مینڈس نے 13 ٹیسٹ اننگز میں ایک ہزار رنز بھی مکمل کرلیے اور لیجنڈری بیٹر سر ڈان بریڈمین کے برابر آگئے جنہوں نے بھی 13 اننگز میں ایک ہزار ٹیسٹ رنز مکمل کیے تھے۔ واضح رہے سری لنکا کو نیوزی لینڈ کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔

روہت شرما اور ویرات کوہلی کو بے جا فیور دینے پر بھارتی کرکٹ بورڈ پر کڑی تنقید

یہ بھارتی کرکٹ کے ساتھ مسئلہ ہے، کچھ کھلاڑیوں سے حیثیت کی وجہ سے خصوصی سلوک کیا جاتا ہے، سنجے منجریکر

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹرز نے روہت شرما اور ویرات کوہلی کو بے جا فیور دینے پر بھارتی کرکٹ بورڈ کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ ٹیسٹ میچز میں ان دونوں ویرات کوہلی اور روہت شرما بری فارم کا شکار ہیں، انگلینڈ کے بعد بنگلہ دیش کے خلاف ہوم سیریز میں بھی دونوں سینئر کرکٹرز کوئی خاص کارکردگی دکھانے میں ناکام ہیں، ایسے میں سابق کرکٹر سنجے منجریکر نے بی سی سی آئی پر انہیں زیادہ فیور دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ سنجے منجریکر کا کرک انفو کے ساتھ بات چیت میں کہنا تھا کہ کوہلی اور روہت کے لیے اس وقت حالات مختلف ہوتے اگر وہ دلیپ ٹرافی میں حصہ لیتے۔ موجودہ کمنٹیٹر نے کہا کہ یہ بھارتی کرکٹ کے ساتھ ایک مسئلہ ہے، کچھ کھلاڑیوں کے ساتھ ان کی حیثیت کی وجہ سے خصوصی سلوک کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے دوسرے پلیئرز کو تکلیف ہوتی ہے۔

بھارتی اسٹیڈیم میں میچ کے دوران بنگلہ دیشی فین پر تشدد

کانپور (این این آئی) بھارتی شہر کانپور میں ہونے والے انڈیا اور بنگلہ دیش کے دوسرے ٹیسٹ کے موقع پر ایک بنگلہ دیشی سپورٹر پر تشدد کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کانپور کے گرین پارک اسٹیڈیم میں ...

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ، آج مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے

پہلا میچ نیوکیسل یونائیٹڈ اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا

لندن (آئی این پی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں (آج) ہفتہ کو مزید 7 میچوں کا فیصلہ ہوگا، پہلا میچ نیوکیسل یونائیٹڈ اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان سینٹ جیمز پارک ... سٹیڈیم لندن میں کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں برینٹ فورڈ اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ جی ٹیک کمیونٹی سٹیڈیم، برینٹ فورڈ میں کھیلا جائے گا، چوتھا میچ چیلسی ...

ٹوکیو: جاپان اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سنگلز میچ میں کروشیا کے مارین سلیک شاٹ ریٹرن کر رہے ہیں

ڈیوڈ ملر 500 ٹی 20 کھیلنے والے پہلے جنوبی افریقی کرکٹر بن گئے

ڈیوڈ ملر کو یہ تاریخی سنگ میل حاصل کرنے میں 16 سال اور 172 دن کا عرصہ لگا

کیپ ٹاؤن (این این آئی) جنوبی افریقی بے باز ڈیوڈ ملر 500 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے والے کھلاڑیوں میں شامل ہو گئے۔ ڈیوڈ ملر نے گیانا میں اپنا 500 واں ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا جس میں انہوں نے گیانا ایمیزون واریئرز کے خلاف باربادوس رائلز کی طرف سے کھیلتے ہوئے 34 گیندوں پر ناقابل شکست 71 رنز بنائے۔ ڈیوڈ ملر 500 ٹی ٹوئنٹی کھیلنے والے دنیا کے چھٹے اور جنوبی افریقہ کے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ سال 2008 میں ڈیبیو کرنے والے ڈیوڈ ملر کو یہ تاریخی سنگ میل حاصل کرنے میں 16 سال اور 172 دن کا عرصہ لگا۔ پانچ سو ٹی 20 کھیلنے والوں میں ویسٹ انڈیز کا غلبہ ہے جس کے چار کھلاڑی کیرون پولارڈ، ڈوین براوو، سنیل نارائن، آندرے رسل 500 کلب میں شامل ہیں جبکہ پاکستان کے شعیب ملک بھی 500 ٹی 20 کھیل چکے ہیں۔

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی: لاجسٹکس کیلئے پی سی بی شیڈول کی منظوری کا منتظر

پی سی بی نے آئی سی سی حکام سے حالیہ ملاقات میں شیڈول جلد سائن کرنے کا کہا ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) لاجسٹک معاملات کو مکمل کرنے کیلئے شیڈول کی حتمی منظوری کا منتظر ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے آئی سی سی حکام سے حالیہ ملاقات میں شیڈول جلد سائن کرنے کا کہا ہے۔ لاجسٹک معاملات کی تصدیق کیلئے پی سی بی شیڈول جلد از جلد فائنل کرنا چاہتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پی سی بی نے مجوزہ شیڈول کے مطابق عبوری بکنگ کروا رکھی ہیں۔ آئی سی سی اکتوبر کے آخر تک چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول کا حتمی اعلان کرسکتی ہے۔

ایران میں ورلڈ باڈی بلڈنگ اور فٹنس چیلنج چیمپئن شپ کا انعقاد، پاکستان کا ایک اور اعزاز

ٹورنامنٹ میں 128 ممالک کے کھلاڑیوں کی شرکت، پاک فوج کے حوالدار مقبول احمد نے پاکستان کی نمائندگی کی اور کانسی کا تمغہ جیتا

حوالدار مقبول احمد پاکستانی نیشنل چیمپئن ہیں اور کئی بڑے تمغے اپنے نام کر چکے ہیں، حوالدار مقبول احمد کی کامیابی نے ملک کے لیے باعث فخر ہے

تہران (آن لائن) ایران میں ورلڈ باڈی بلڈنگ اور فٹنس چیلنج چیمپئن شپ کا انعقاد، ٹورنامنٹ میں 128 ممالک کے کھلاڑیوں کی شرکت، پاکستان کی جانب سے پاک فوج کے حوالدار مقبول احمد نے نمائندگی کی، حوالدار مقبول احمد نے ورلڈ باڈی بلڈنگ اور فٹنس چیلنج چیمپئن شپ میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ایران میں 78 ویں باڈی بلڈنگ کی انٹرنیشنل چیمپئن شپ کا انعقاد ہوا، چیمپئن شپ کا باقاعدہ آغاز ویٹ لفٹنگ ایونٹ سے ہوا، ٹورنامنٹ میں 128 ممالک کے کھلاڑیوں نے شرکت کی، پاکستان کی جانب سے پاک فوج کے حوالدار مقبول احمد نے نمائندگی کی، حوالدار مقبول احمد نے ورلڈ باڈی بلڈنگ اور فٹنس چیلنج چیمپئن شپ میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا، حوالدار مقبول احمد پاکستانی نیشنل چیمپئن ہیں اور کئی بڑے تمغے اپنے نام کر چکے ہیں، حوالدار مقبول احمد کی کامیابی نے ملک کے لیے باعث فخر ہے۔

تھائی لینڈ میں ورلڈ یوتھ چیمپئن شپ میں پاکستانی باکسر عثمان وزیر کی شاندار فتح پر وزیر اطلاعات کی مبارکباد

اسلام آباد (آئی این پی) تھائی لینڈ میں ورلڈ یوتھ چیمپئن شپ میں پاکستانی باکسر عثمان وزیر کی شاندار فتح پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ کی چیمپئن باکسر عثمان وزیر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ باکسر عثمان وزیر کی جیت پاکستان کے لیے قابل فخر لمحہ ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ عثمان وزیر نے ایک منٹ میں سیکنڈز میں بھارتی حریف کو شکست دیکر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ عطاءاللہ تارڑ نے سوشل میڈیا پلیٹ ...

انگلینڈ کیخلاف ملتان ٹیسٹ، پری کیمپ کیلئے زاہد محمود اسکواڈ میں شامل

کامران غلام اور محمد علی کو بھی پہلے ٹیسٹ کے ریزرو کھلاڑیوں میں شامل رکھا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ملتان میں پہلے ٹیسٹ سے قبل ہونے والے پری ٹیسٹ کیمپ کے لیے لیگ اسپنر زاہد محمود کو 16 ویں کھلاڑی کے طور پر شامل کرلیا۔ تاہم 7 اکتوبر سے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ سے قبل اسکواڈ کو 15 رکنی کردیا جائے گا۔ پی سی بی کے مطابق کامران غلام اور محمد علی کو بھی پہلے ٹیسٹ کے ریزرو کھلاڑیوں میں شامل رکھا جائے گا، لیکن انہیں ڈومیسٹک میچز میں کھیلنے کا موقع دیا جائے گا تاکہ وہ میچ فٹنس برقرار رکھ سکیں۔ پی سی بی کے مطابق تینوں کھلاڑی پاکستان ٹیسٹ سیٹ کا حصہ ہیں، لیکن ہوم ٹیسٹ کیلئے صرف 15 کھلاڑیوں کا انتخاب کرکٹ اور لاجسٹک وجوہات کی بنا پر مناسب سمجھا گیا ہے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ کامران غلام اور محمد علی کیلئے ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنا زیادہ سودمند ثابت ہوگا بجائے اس کے کہ وہ صرف ڈگ آؤٹ میں بیٹھیں۔

باکسر عامر خان پاک فوج کے اعزازی کیپٹن بننے پر خوش، فخریہ لمحہ قرار دیدیا

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اسپورٹس والا پاکستان کا پہلا شخص ہوں جسے یہ اعزاز ملا ہے، عامر خان

لندن (این این آئی) برطانوی نژاد پاکستانی باکسر عامر خان نے پاکستانی فوج کے اعزازی کیپٹن بننے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ لندن میں نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو کے دوران باکسر عامر خان کا کہنا تھا کہ ... دوسری جانب ایکس (ٹوئٹر) پر تقریب سے کی گئی تصاویر شیئر کرتے ہوئے باکسر عامر خان کا کہنا تھا کہ مجھے لندن میں یوم دفاع و شہداء پاکستان کی تقریب میں شرکت کا اعزاز حاصل ہوا ...

سپر اسٹار اداکارہ میرے پیچھے پیچھے آسٹریلیا پہنچ گئی تھی، یوراج سنگھ کا انکشاف

چیمپئنز کپ، الیمپئنز 2 بارش کے باعث منسوخ، مارخورز فائنل میں پہنچ گئی

سابق بھارتی کرکٹر کی دوسری شادی پہلی بیوی کی اجازت نہ ملنے پر جانے کیلئے استعفیٰ دے دیا

پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان ... کی قیادت میں ہاکی کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

آئی سی سی ویمن ٹی 20 ورلڈ کپ، پاکستان کی ٹیم ...

علیم ڈار 2024-25 ڈومیسٹک سیزن کے اختتام پر ریٹائر ہو جائیں گے

آخری میچ، ڈوین براوو تمام طرح کی کرکٹ سے ریٹائر ہو گئے

ڈائریکٹریٹ آف کالجز ہائیر ایجوکیشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ "آل بلوچستان منسٹر فار ایجوکیشن میگا اسپورٹس فیسٹیول 2024ء"

ڈگری کالج بلیدہ نے ڈگری کالج ہوشاپ کو 3-0 گول سے شکست دیدی

فائنل راؤنڈ میں گورنمنٹ شہید ذاکر ڈگری کالج ہوشاپ کی کرکٹ ٹیم کا مقابلہ گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت کی کرکٹ ٹیم سے ہوگا

... ڈگری کالج بلیدہ اور گورنمنٹ ڈگری کالج تمپ کی فٹبال ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ میگا اسپورٹس فیسٹیول کے کرکٹ میچ کا مقابلہ گورنمنٹ شہید ذاکر بلوچ ڈگری کالج ہوشاپ اور گورنمنٹ شہید ایوب بلیدی ڈگری کالج بلیدہ کے درمیان کھیلا گیا شہید ذاکر بلوچ ڈگری کالج ہوشاپ کی کرکٹ ٹیم نے گورنمنٹ شہید ایوب بلیدی ڈگری کالج بلیدہ کی کرکٹ ٹیم کو 3 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا کل فٹبال کے فائنل راؤنڈ میں گورنمنٹ ڈگری کالج تمپ کی فٹبال ٹیم کا مقابلہ گورنمنٹ شہید ایوب بلیدی ڈگری کالج بلیدہ کی فٹبال ٹیم سے ہوگا جبکہ کرکٹ کے فائنل راؤنڈ میں گورنمنٹ شہید ذاکر ڈگری کالج ہوشاپ کی کرکٹ ٹیم کا مقابلہ گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت کی کرکٹ ٹیم سے ہوگا۔ واضح رہے آل بلوچستان منسٹر فار ایجوکیشن میگا اسپورٹس فیسٹیول 2024ء کے ڈسٹرکٹ سطح کے میچوں کا اختتام کل ہوگا۔ ڈسٹرکٹ سطح کی فائنل کے فاتح ٹیم ڈویژنل سطح کے لیے کوالیفائی کرکے مکران ڈویژن کی کالجز کی ٹیموں کے ساتھ ڈویژنل راؤنڈ میں کھیلیں گے اور ڈویژنل سطح کی فائنل میچوں کے فاتحین صوبائی سطح پر بلوچستان کی کالجز کی ٹیموں کے ساتھ کوئٹہ میں کھیلیں گے۔

تربت: آل بلوچستان میگا اسپورٹس فیسٹیول 2024 گورنمنٹ شہید ایوب بلیدی ڈگری کالج بلیدہ اور گورنمنٹ شہید ذاکر بلوچ ڈگری کالج ہوشاپ کی فٹبال ٹیم کا گروپ فوٹو



غیر قانونی کنکشن کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر دیا ہے، امان اللہ

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ خاران امان اللہ شاہوانی نے کہا ہے کہ خاران کی عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو ہر صورت میں یقینی بنائے جائے گا غیر قانونی کنکشن کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے صارفین غیر قانونی کنکشن سے اجتناب کریں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ملازمین اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ سرانجام دیں غفلت ناقابل برداشت عمل ہوگا ان خیالات کا اظہار ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ خاران انجینئر امان اللہ شاہوانی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سب انجینئر میر احمد سیاہ معروف قبائلی شخصیت حافظ لیاقت علی ملازئی بھی موجود تھے

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer-Road, CW, PP&H Department District Kech invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, Government of Baluchistan amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below :-

Earnest Money 2% of E/Cost and Tender Fee Rs.1000/- for each work.

S.#	Name of Work	E/Cost
1-	CONSTRUCTION LINK ROAD FROM M-8 TO SARI GOWANKI 2 KM DISTRICT KECH (PSDP NO. 1302/Z2024.0600) **TSE-242509558853**	28,809,474/-
2	CONSTRUCTION OF INTERNAL BLACK TOP ROAD LINK TO N-85 TO 65 WING CAMP BALGATAR DISTRICT KECH (1200M) PSDP NO. 1325 Z2024.0602 **TSE-242509558883**	29,714,068/-
3	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD LINK M-8 TO MULLAHI BAZAR TEJABAN DISTRICT KECH (PSDP NO. 1334 Z2024.0604) **TSE-242509558893**	37,638,480/-
4	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM M-8 TO MERI KALAT/PUNNO FORT TURBAT KECH (2.5 KM) (PSDP NO. 1338 /Z2024.0609) **TSE-242509558953**	40,605,709/-
5	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM KOHE PUSHT TO NADRA OFFICE MAND DISTRICT KECH (PSDP NO. 1355 / Z2024.0180) **TSE-242509558963**	32,685,912/-
6	CONSTRUCTION OF INTERNAL BLACK TOP ROAD LINK TO N-85 TO BC CAMP HOSHAB DISTRICT KECH 2.00 KM (PSDP NO. 1393/Z2024.0601) **TSE-242509559033**	28,723,318/-
7	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM N-85 TO BOYS HIGH SCHOOL BALGATAR DISTRICT KECH 2.50 KM (PSDP NO. 1413 / Z2024.0606) **TSE-242509559063**	27,733,358/-
8	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD WITH SWERAGE LINE FROM OLD MAIN BAZAR ROAD TO JAN MUHAMMAD MOHALLAH MEHNAZ BULEDA DISTRICT KECH PHASE-I DISTRICT KECH (PSDP NO. 1419 Z2024.0607) **TSE-242509559093**	29,716,466/-
9	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD WITH SWERAGE LINE FROM OLD MAIN BAZAR ROAD TO JAN MUHAMMAD MOHALLAH MEHNAZ BULEDA DISTRICT KECH PHASE- II DISTRICT KECH (PSDP NO. 1417 Z2024.0608) **TSE-242509559083**	37,637,614/-
10	CONSTRUCTION OF B/T ROAD BULLO TO MIR MUHAMMAD ALI DAGARAT MAND DISTRICT KECH (PSDPNO. 1441/Z2024.0174) **TSE-242509559113**	49,524,209/-
11	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM TALAMB TO HAFT- E-KAHER MAND DISTRICT KECH (PSDPNO. 1442/Z2024.0186) **TSE-242509559123**	29,714,398/-
12	CONST: OF B/T ROAD FROM CAPTIAN SHAH MURAD HOUSE TO ZAID HAIR STREET WITH STREET LIGHT MAND DISTRICT KECH (PSDPNO.1357/ Z2024.0187) **TSE-242509559013**	23,775,718/-

The procurement shall be carried out in accordance with BPPRA rules, 2014. Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work The bidder must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category C-5 for S.No.1 to 11 and C-6 for S.No 12 Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining, Structure) Turn-over 70% of E/Cost from last Three years. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage - One envelope Bidding Procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The contractors/firms having registered with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtain the bidding documents form the address mentioned below on production of green challan form for an amount of Rs. 1000/- (Non-Refundable) deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, form the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the shape of Bank Guarantee or Deposit at Call from a scheduled Bank. **Dead line of Submission:** The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **18th October, 2024 at 11:30 Hrs. Opening:** The tender document will be opened on **18th October, 2024 at 12:30 Hrs,** before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives/agents. **Bid Validity:** Ninety (90) Days **Place of issuance and submission will be:- Address:** Office of the Executive Engineer-Road, CW, PP&H Department District Kech **Telephone No. :-** 0852-412011 **Fax No** : 0852-412011
Email Address: executiveengineerkech@gmail.com
Terms and Conditions: The detail Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents

PRQ No.1242/27-09-2024

Executive Engineer-Road
CW, PP&H Department, Turbat

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

زراعت کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حمید اللہ خلجی

زمینداروں کو زرعی گھنٹوں کی فراہمی کے لئے محکمے کے تمام مشینری کو فعال کردیا گیا ہے

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی انجینئرنگ کوہلو انجینئر حمید اللہ خلجی نے کہا کہ زراعت کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ زمینداروں کو زرعی گھنٹوں کی فراہمی کے لئے محکمے کے تمام مشینری کو فعال کردیا گیا ہے، حکومت کے سبسڈی پروگرام کے تحت زرعی زمینوں کے بندات کو باندھنے اور ڈھلوان زمینوں کو ہموار کرکے قابل کاشت بنانے کے لئے محکمے کے افسران وعملہ کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کہا کہ کوہلو کے دور دراز علاقے تھدڑی میں عرصہ دراز سے غیر فعال ڈوزر کی مرمت کے بعد علاقائی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں زمینداروں کو ریلیف کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں، تمام غیر فعال ڈوزر کو مرمت کرنے کے بعد فعال کردیا ہے روزانہ کی بنیاد پر محکمے کے افسران ترقیاتی کاموں کی نگرانی کررہے ہیں۔

ایس پی جاتی امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام ہوچکے ہیں، حاجی میرامان

دالبندین (نمائندہ خصوصی) سابق صوبائی وزیر جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما حاجی میر امان اللہ خان نوتیزئی نے چاغی میں امن وامان کی مخدوش صورتحال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے اقلیت برادری اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھے ایس پی چاغی اور فارم 47 والا ایم پی اے امن وامان کو برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہوچکے ہیں چاغی کے امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتے ہیں

نصیر آباد: ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی: صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی سے حاجی میر احمد دین لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

اوستہ محمد گوٹھ بہاول خان پندرانی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم

صحت تعلیم کے ادارے ناپید، بچے تعلیم کی زیور حاصل کرنے کے لیے دور دراز علاقوں میں جانے پر مجبور ہیں

طلبہ و طالبات تعلیمی ادارے نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم سے محروم ہو رہے ہیں تعلیمی ایمرجنسی کے دعوے دھرے رہ گئے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد گوٹ بہاول خان پندرانی جدید دور میں بھی زندگی کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم صحت تعلیم کے ادارے ناپید ہو گئے معصوم پھول جیسے بچے تعلیم کی زیور حاصل کرنے کے لیے دور دراز علاقوں میں جانے پر مجبور ... کے ساتھ ساتھ تعلیم صحت کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اور غیر سرکاری اداروں کی نظر سے گوٹ بہاول خان پندرانی اوجھل ہے تعلیمی ادارے نہ ہونے کی وجہ سے معصوم کم عمر طلبہ وطالبات دور دراز علاقوں میں ... بچیاں تعلیم کی زیور سے محروم ہو رہے ہیں انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر صحت اور تعلیم کے ادارے قائم کر کے علاقہ مکینوں کو سہولیات فراہم کیا جائے۔

محکمہ پی ایچ ای بھاگ شہر کو پانی کی فراہمی میں ناکام ہو چکی ہے، ...

... کفایت اللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ میونسپل کمیٹی بھاگ کے ذمہ جو کام نہیں وہ کام بھی ہم کر رہے ہیں عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے وہ کام ہم نے اپنے سر لئے ہیں حالانکہ اگر دیکھا جائے یا پھر ذمہ داری کے حوالے سے وہ کام ہرگز ہمارے نہیں ہیں لیکن عوام الناس کی مجبوریوں اور اپنے شہر کی تحفظ اور بہترین کیلئے ہم نے اپنے ذمے لیا ہے

ڈی سی کوہلو کا تمبو کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں اور مراکز صحت کا دورہ

تدریسی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ، بنیادی مرکز صحت زچہ بچہ سنٹر کا افتتاح

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ نے گزشتہ روز سب تحصیل تمبو کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں اور مراکز صحت کا دورہ کیا ہے۔ جہاں انہوں نے اسٹاف کی حاضریاں چیک کی۔ ڈپٹی کمشنر نے تعلیمی اداروں میں جاری تدریسی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے صحت مراکز میں طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت غلام حسین میں زچہ بچہ سنٹر کا افتتاح بھی کیا جہاں ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر شیر زمان مری، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی محب اللہ کاکڑ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عقیل بلوچ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے دور دراز علاقوں میں صحت اور تعلیم کے سہولیات کی فراہمی کے لئے ضلعی انتظامیہ کوشاں ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی: ڈی سی منیر احمد کاکڑ سے اسپیشل عبدالرحمٰن کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر کوہلو

مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں امن وامان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے

فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز نہ برتیں، احمد بلوچ کا امن وامان کے سلسلے میں اجلاس

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ کی زیر صدارت امن وامان کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کاہان فتح خان، رسالدار میجر ہیڈکوارٹر انچارج کیو آر ایف شیر محمد مری، رسالدار میجر تمبو گرسنی مولاداد زرکون، تفتیشی افسران رسالدار نظریف مری، رسالدار داد محمد مری، رسالدار جعفر خان، نائب رسالدار اسلم مری، لیویز لائن آفیسر محمد بخش، انچارج لیویز کاہان دفعدار ولی مری سمیت تینوں تحصیلوں کے لیویز انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس میں افسران نے اپنے اپنے ایریاز کے متعلق امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے کیے گئے اقدامات اور درپیش مسائل کے متعلق تفصیل کے ساتھ آگاہی فراہم کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ نے کہا کہ امن وامان کو قائم رکھنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں امن وامان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے انہوں نے کہا کہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز نہ برتیں آپ کی بہتر انداز میں اپنے فرائض کی ادائیگی سے ہی علاقے میں امن قائم کیا جا سکتا ہے اس لیے ہمہ وقت چاک و چوبند اور الرٹ رہیں تاکہ عوام بغیر کسی پریشانی کے اپنی روزمرہ کی زندگی کو گزار سکیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو نے تمام لیویز آفیسران اور انچارجز کو سختی سے تاکید کی کہ دوران ڈیوٹی باوردی اور الرٹ رہیں اس ضمن میں کسی قسم کی رعایت کی گنجائش باقی نہیں ہے۔ تمام اشتہاری ملزمان کی جلد گرفتاری کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو میں جرائم پیشہ افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور ضلع کو جرائم پیشہ افراد کے لیے نوگو ایریا بنا کر دم لیں گے۔

گاج کولاچی میں ترقی کے دعوے دھرے رہ گئے ہیں، میر سکندر

ہر دور میں گاج کے عوام کو نظرانداز کیا جارہا ہے علاقہ کے عوام مایوس ہیں

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار گاج کولاچی کے ممتاز قبائلی وسیاسی رہنما سردارزادہ میر سکندر خان شیخ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گاج کولاچی میں ترقی وخوشحالی کے دعوے دھرے رہ گئے ہیں ہر دور میں گاج کے عوام کو نظرانداز کیا جارہا ہے علاقہ عوام مایوس ہے گاج کولاچی کے عوام آج بھی اکیسویں صدی کے شروع میں بھی بجلی، مواصلاتی نظام صحت وتعلیم اور روڈ جیسی نعمت سے یکسر محروم ہے ان خیالات کا اظہار خضدار کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا گاج کولاچی کے عوام کو ہر ہمیشہ ترقیاتی کاموں سے محروم کر رہا ہے یہاں کے علاقہ میں ترقی کا کوئی آثار موجود نہیں ہے علاقہ میں بجلی، مواصلاتی صحت وتعلیم اور روڈ جیسی دنیا کی جدید سہولیات سے یکسر نظرانداز کردیا گیا بدقسمت علاقہ گاج کولاچی ہے ... گاج کے عوام صحت کی سہولیات سے محروم ہے

ڈیرہ مراد جمالی: ایم این اے ... ملاقات اور تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد: ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ امان اللہ شاہوانی ... غیر قانونی کنکشن کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

بقیہ 1 الیکشن کمیشن

کیا۔ نظرثانی درخواست میں کہا گیا کہ عدالت نے تحریک انصاف کی دستاویزات پر الیکشن کمیشن سے جواب طلب نہیں کیا، الیکشن کمیشن کی وضاحت کی درخواست کے بعد پارلیمنٹ نے قانون سازی کردی ہے، سپریم کورٹ 14 ستمبر کی وضاحت پر نظرثانی کرے۔ الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ سے فیصلے پر عملدرآمد روکنے کی استدعا کرتے ہوئے استدعا کی کہ نظرثانی درخواست پر فیصلہ ہونے تک عدالتی فیصلے پر حکم امتناع دیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ سپریم کورٹ کا مخصوص نشستوں کا فیصلہ مفروضوں پر مبنی ہے اور عدالت عظمیٰ تشریح کی آڑ میں آئین کو دوبارہ نہیں لکھ سکتی۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ عدالت نے تفصیلی فیصلے میں اپنے 12 جولائی کے احکامات سے انحراف کیا، تفصیلی فیصلے میں عدالت نے 41 ارکان کو تحریک انصاف تک محدود کردیا، آزاد ارکان کی سیاسی جماعت میں شمولیت کی معیاد تین دن ہے۔ الیکشن کمیشن نے درخواست میں مؤقف اپنایا کہ سپریم کورٹ نے ارکان کو 15 دن دے کر آئین کے الفاظ کو بدل دیا، آزاد ارکان نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کے بیان حلفی جمع کرائے، عدالتی فیصلے میں ارکان کے بیان حلفیوں کو مکمل نظرانداز کردیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ بیرسٹر گوہر کے سرٹیفکیٹس درست بھی مان لیں تو پی ٹی آئی ارکان کی تعداد 39 نہیں بنتی، امیدواروں کی جانب سے سیکشن 66 کے تحت پارٹی وابستگی کے ڈیکلریشن جمع نہیں کرائے گئے۔ الیکشن کمیشن نے مؤقف اپنایا کہ رولز 94 انتخابی نشان والی سیاسی جماعت کے لیے ہے، تحریک انصاف نے ججز چیمبر میں جو دستاویزات جمع کرائی وہ بھی اوپن کورٹ میں پیش نہیں کی گئیں۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ تحریک انصاف کو مخصوص نشستوں کا ریلیف نہیں دیا جاسکتا، تحریک انصاف نے کسی فورم پر اپنے حق کا دعویٰ نہیں کیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سپریم کورٹ فل کورٹ کا فیصلہ ہے کہ دعویٰ نہ کرنے والے کو پارٹی یا ریلیف نہیں دیا جاسکتا۔

بقیہ 2 وزیراعظم

نہیں رہا جاسکتا، اسرائیلی جارحیت کو طوالت دینے والوں کے ہاتھ بھی غزہ کے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، ان کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، عالمی برادری پائیدار امن اور دو ریاستی حل کے لئے کردار ادا کرے، مقبوضہ کشمیر میں بھارت آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی مذموم کوشش کررہا ہے، بھارتی جارحانہ عزائم سے خطے کے امن کو خطرات ہیں، بھارت نے پاکستان کی مثبت تجاویز کا جواب نہیں دیا، پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گا۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے قرآن کریم کی آیات سے اپنے خطاب کا آغاز کیا اور کہا کہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس سے بطور وزیراعظم دوسری بار خطاب میرے لیے باعث اعزاز کی بات ہے میں جنرل اسمبلی کے صدر کو انتخاب پر مبارکباد پیش کرتا ہوں پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر پر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہے موجودہ حالات میں دنیا کو بے پناہ چیلنجز درپیش ہیں موسمیاتی تبدیلیوں سے درپیش چیلنجز میں بہت زیادہ اضافہ ہوگیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ غزہ پر اسرائیل کی جاری ہے یوکرین جنگ نے بھی عالمی مسائل پیدا کئے ہیں غزہ پر اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں غزہ کے المناک سانحے نے انسانیت کو ہلاک کرکے رکھ دیا ہے معصوم بچوں، عورتوں اور نہتے شہریوں کے قتل پر خاموش نہیں رہا جاسکتا اسرائیلی جارحیت کو طوالت دینے والوں کے ہاتھ بھی غزہ کے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں نہتے فلسطینیوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا عالمی برادری کو پائیدار امن اور دو ریاستی حل کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔ غزہ میں اسرائیل کی جانب سے نسل کشی اور قتل عام سمیت دنیا کے نظام کو درپیش سنگین چیلنجز کو دیکھتے ہوئے ہمیں نئے ورلڈ آرڈر گونج سنائی دے رہی ہے۔ ہمارے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح نے 1947 میں کہا تھا کہ ہم اقوام متحدہ کے چارٹر کے ساتھ کھڑے ہیں اور دنیا کی امن اور خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور پاکستان اس عزم کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کیا ہم بحیثیت انسانیت بچوں کو ملبے میں دفن ہوتا دیکھ کر خاموش رہ سکتے ہیں، یہ ایک سسٹم کے تحت معصوم افراد کا قتل ہے ہمیں اسی وقت فیصلہ کرنا ہے۔ معصوم فلسطینیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، الشریف القدس آزاد فلسطین کا دارالحکومت ہوگا۔ فلسطین کو فوری طور پر اقوام متحدہ کا مستقل رکن بنائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ان چیلنجز کو دیکھتے ہوئے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے فیوچر سمٹ بلانے کا مطالبہ کیا جس کے نتیجے میں مستقبل کے معاہدوں کے ترقی، امن وسکیورٹی، ٹیکنالوجی اور عالمی گورننس کے حوالے سے 54 اقدامات کو اپنانے کا معاہدہ طے پایا تھا۔۔۔ وزیراعظم نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی مذموم کوششیں ہورہی ہیں غیر مقامی آباد کو کشمیر میں آباد کیا جارہا ہے بھارتی جبر کے باوجود کشمیر کے عوام برہان وانی کے نظریئے کو آگے بڑھا رہے ہیں بھارت کے جارحانہ عزائم خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں یہ بدقسمتی ہے کہ پاکستان کی مثبت تجاویز کا ہمیشہ بھارت نے جواب نہیں دیا ہماری پرامن رہنے کی کوششوں کو کمزوری نہ سمجھا جائے پاکستان کسی بھی بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں عالمی سطح پر اہم چیلنج ہیں دو سال قبل تباہ کن سیلاب سے پاکستان میں تیس ارب ڈالر کا نقصان ہوا عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں سو سے زائد ترقی پذیر ملک قرضوں کے چنگل میں ہیں عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں موثر پالیسیوں کی بدولت پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے معاشی اشاریئے بہتر اور مہنگائی میں کمی ہوئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بحرانی صورتحال میں معیشت سنبھالی، آج ترقی کی راہ پر گامزن ہیں درپیش چیلنجز کو مواقع میں تبدیل کرنا ہماری ترجیح ہے اقتصادی راہداری کے دوسرے مرحلے پر کام جاری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بڑی قیمت چکائی ہے، 80 ہزار افراد اس جنگ میں شہید ہوئے، 150 ارب ڈالرز کا معاشی نقصان ہوا، ہم نے اپنے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سبق سیکھا ہے، ہم نے معاشی ترقی کی بحالی شروع کردی ہے، میری قوم کی ترقی اور استحکام میرا فوکس ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں ٹی ٹی پی کی صورت میں دہشتگردی کی ایک نئی لہر کا سامنا ہے، لیکن ہم اس تحریک کو بھی ختم کردیں گے، عزم استحکام کے ذریعے امن واستحکام لائیں گے، ہمیں افغان بہن بھائیوں کی تکلیف کا بھی احساس ہے، افغان حکومت بھی ہیومن رائٹس کا خیال رکھے، عبوری افغان حکومت افغانستان سے دہشتگرد گروپوں کو پڑوسی ممالک میں کارروائیوں سے روکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فتنہ الخوارج، مجید بریگیڈ، بی ایل اے اور دیگر دہشتگرد افغان سرزمین پر پنپ رہے ہیں، مسلمانوں کیلئے ہندو سپرمیسی ایجنڈا سب سے بڑا خطرہ ہے۔ وزیراعظم کا اپنے خطاب میں مزید کہنا تھا کہ زراعت، ٹیکنالوجی، آئی ٹی، قابل تجدید توانائی، معدنیات کے شعبوں کی ترقی پر توجہ دے رہے ہیں سی پیک کو کامیابی سے لانچ کردیا گیا ہے، سی پیک منصوبہ پاکستان اور چین کے دوستانہ تعلقات کا اہم ثبوت ہے، سی پیک سے پاکستان کی معیشت آگے بڑھے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دنیا میں اسلاموفوبیا کے بڑھتے واقعات بھی پریشان کن ہیں، بھارت میں اقلیتیں بالخصوص مسلمان، ہندو انتہا پسندوں کے نشانے پر ہیں، عالمی امن کیلئے انتہا پسندانہ رویوں کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ افریقی خطے میں امن وامان کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔

بقیہ 3 آرمی چیف

پر تعریف کرتے ہوئے کہا پاکستان کے پاس مختلف شعبوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، قوم کو پاکستان کے روشن مستقبل پر مکمل یقین و اعتماد ہونا چاہیے، پاکستان اپنے حقیقی مقام تک پہنچے گا۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کراچی کور کے علاقے کا دورہ کیا، آپریشنل تیاریوں، فوج کے زیر اہتمام اہم ترقیاتی اقدامات پر بریفنگ دی گئی، دورے کے دوران آرمی چیف نے انویسٹا انڈس آئی ٹی پارک کا افتتاح بھی کیا، پارک پاکستان کے نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، خصوصاً مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تعلیم وصنعت کے مابین تعاون کو فروغ دینے کیلئے قائم کیا گیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ و دیگر اہم سول سوسائٹی کی شخصیات نے شرکت کی، وزیراعلیٰ سندھ نے آئی ٹی شعبے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بہتر طریقے سے بروئے کار لایا جا سکے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ آرمی چیف نے منصوبے کی تعریف کرتے ہوئے کہا ایسے منصوبے آئی ٹی انڈسٹری کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں، پہلے سے ہی تیز رفتار ترقی کی طرف گامزن ہیں، جنرل سید عاصم منیر نے کراچی کی کاروباری برادری سے ملاقات میں ملکی اقتصادی ترقی میں کردار کو سراہا، شرکا نے ایس آئی ایف سی (SIFC) کا کردگی کی تعریف کی اور ملکی معیشت میں مثبت پیشرفت کو سراہتے ہوئے کہا ایس آئی ایف سی مزید معاشی ترقی کیلئے سازگار ماحول فراہم کررہی ہے، آرمی چیف نے وفاق و صوبائی حکومتوں کی جانب سے تمام اقدامات کی حمایت کیلئے کی جانیوالی کوششوں کی تعریف کی۔

بقیہ 4 وزیراعلیٰ

علاقوں، صحرائی زمین اور اونچے اونچے پہاڑی سلسلوں میں مشہور ہے جہاں سیاحت کے فروغ سے دنیا بھر کے سیاحوں کی توجہ حاصل کی جاسکتی ہے، اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ بات میرے لئے باعث مسرت ہے کہ آج سیاحت کا عالمی دن "سیاحت اور امن" کے عنوان سے منایا جارہا ہے ہم بلوچستان میں سیاحت کو فروغ دینے کی جامع حکمت عملی پر کام کررہے ہیں بلوچستان سیاحتی لحاظ سے دنیا کا خوبصورت ترین خطہ ہے جہاں ہر مکتبہ فکر کے لوگ آباد ہیں یہاں کے باسی صدیوں پرانی روایات پر آج بھی قائم ودائم ہیں جغرافیائی حوالے سے یہ خطہ منفرد حیثیت کا حامل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو پاکستان کا قابل دید سیاحتی مرکز بنانے کے لئے پرعزم ہیں کیونکہ سیاحت سے اقوام اور ثقافتوں کے مابین محبت اور امن کی شمعیں روشن کی جاسکتی ہیں اور سیاحت سے امن کا فروغ ممکن ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان قدیم دور سے مختلف تہذیبوں کا سنگم رہا ہے قدیم دور میں فاتحین کے لیے یہاں کے درے رہنمائی کی علامت سمجھے جاتے تھے بلوچستان کا درہ بولان، درہ مولا اور ژوب ایک تاریخی حیثیت رکھتے ہیں جبکہ کچھی اور لسبیلہ کے دو بڑے میدانی علاقوں سمیت دنیا کے بڑے صحراؤں میں شامل "صحرائے مکران" بھی موجود ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں اور صوبائی حکومت اس اہم شعبے پر بھرپور توجہ دیکر بلوچستان کے سیاحتی مقامات کو ترقی دینے کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ 5 نیتن یاہو

گیا اس دوران وزیراعظم شہباز شریف سمیت پاکستانی وفد نے احتجاجاً اجلاس سے واک آؤٹ کیا، 3 روز سے جاری اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں عالمی رہنماؤں کی جانب سے فلسطین میں جاری بربریت کی مذمت کی گئی اور اسرائیلی مظالم کو فوری روکنے کا مطالبہ کیا گیا، نیتن یاہو کے ڈائس پر آنے پر پاکستان وہ واحد ملک ہے جس نے اقوام متحدہ میں اپنا احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے اجلاس کا واک آؤٹ کیا، دیگر ممالک کی جانب سے بھی احتجاج کیا گیا۔

بقیہ 6 پی آئی اے نیلامی

کیلئے بڈنگ کی تاریخ میں 31 اکتوبر تک توسیع کر دی، معاہدے کے مسودے پر دستخط کی نئی تاریخ 25 اکتوبر مقرر ہے، کمیشن کے مطابق نیلامی کیلئے پیشگی رقم 28 اکتوبر تک جمع کرائی جاسکتی ہے۔

بقیہ 7 عطا تارڑ

پر پابندی عبوری حکومت کے دوران عائد کی گئی، علیحدگی پسند اور دہشتگرد گروپ سوشل ایپ کو ملک کیخلاف استعمال کررہے ہیں، دہشتگرد سوشل میڈیا پر دہشتگردی کی سرگرمیوں کی لائیو کوریج چلاتے ہیں، پابندی کا معاملہ عدالت میں ہے، وزارت داخلہ نے اپنا جواب جمع کرادیا، سوشل میڈیا کیلئے ملک میں کوئی نہ کوئی نظام موجود ہونا چاہیے، وزیر اطلاعات نے کہا ویب مینجمنٹ سسٹم کے تحت سائبر سکیورٹی یقینی بنانے میں کوئی حرج نہیں، بطور سیاسی کارکن کہوں گا ایکس کھلنا چاہیے، آئی ایم ایف پروگرام تازہ ہوا کا جھونکا ہے، 9 مئی مقدمات کا فیصلہ ہونے تک عمران خان سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، سابق وزیراعظم اب بھی اداروں کو سیاست میں ملوث کرنے کی حکمت عملی اپنائے ہوئے ہیں، فوج کی موجودہ قیادت سیاست میں مداخلت پر یقین نہیں رکھتی، حکومت پی ٹی آئی سے پارلیمنٹ کے اندر و باہر بات چیت کرتی ہے، پی ٹی آئی کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں۔

بقیہ 8 اعظم سواتی

اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کوئی سیاسی معاملہ نہیں اگر قانون کی حکمرانی نہیں ہوگی تو کچھ بھی نہیں ہوگا، آئینی پیکیج کا مقصد سیاہ عدالت قائم کرنا ہے، شعیب شاہین نے کہا ترامیم کا مقصد سپریم کورٹ کی پاور کو ختم کرنا ہے، لطیف کھوسہ نے کہا کالے کوٹ کا وجود خطرے میں ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 9 گورنر

محمد شہباز شریف کی خصوصی دلچسپی سے پاکستان اور خصوصاً صوبہ بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کئے جارہے ہیں

بقیہ 10 نامزد پی ٹی آئی

کی، دوران سماعت پراسیکیوشن نے بتایا ملزمان پر 9 مئی کو لنڈی کوتل میں احتجاج کا الزام تھا، ملزمان نے طورخم شاہراہ کو بند کرکے نجی و سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، ملزمان نے احتجاج کے دوران اینٹی نارکوٹکس فورس کی گاڑی کو نقصان پہنچایا۔

بقیہ 11 رکیٹ

ایکس چینج میں مندی کے بادل چھائے رہے، جس سے 53.30 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی ہوئی جبکہ سرمایہ کاروں کے مزید 59 ارب 80 کروڑ 25 لاکھ 62 ہزار 340 روپے ڈوب گئے، سٹاک ما

بقیہ 12 ڈپٹی کمشنر

وجوہ کے نوٹس جاری کئے گئے ہیں، جس میں ضلع قلعہ عبداللہ، ضلع آواران، ضلع اوستہ محمد، ضلع زیارت اور ضلع خاران کے افسران شامل ہیں، جواب طلبی کے علاوہ بعض افسران کو معطل بھی کیا گیا ہے، حکام کے مطابق ان ضلعی افسران نے دانستہ غیر حاضر اساتذہ کی غفلت پر چشم پوشی اختیار کی، جس کے باعث تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہوا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں بند اسکولوں کی فعالیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں گزشتہ کئی دہائیوں سے بند اسکول فعال ہورہے ہیں جو ایک نیک شگون ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے ضلع آواران کے ایک بند اسکول کی فعالیت کے بعد کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آواران میں 12 سال سے بند اسکول کھل گیا ہے اس بند اسکول میں اساتذہ تعینات، کتابیں، اسٹیشنری فراہم کردی گئی ہے۔

بقیہ 13 بیرسٹر گوہر

عدالت واضح آرڈر جاری کرے تاکہ نشستیں مل سکیں، انٹرویو میں بیرسٹر گوہر نے کہا سپریم کورٹ پارٹی ارکان کے نوٹیفکیشن جاری کرائے، الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری کرے، سپریم کورٹ ایک بار پھر الیکشن کمیشن کو وضاحتی آرڈر جاری کردے، الیکشن کمیشن کی 8 میٹنگز بدنیتی پر مبنی تھیں۔

بقیہ 14 عمران خان

میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا جو کچھ ہورہا ہے یہ 3 امپائرز اور 3 کھلاڑی ہیں چوتھا ساتھی پی ڈی ایم ملی ہے، سب کو ایک دوسرے کی ضرورت ہے، قاضی فائز عیسیٰ نے پہلے سے ہی توسیع کا منصوبہ بنا رکھا تھا، پی ٹی آئی کا انتخابی نشان لینے کا فیصلہ جانبدارانہ تھا، سپریم کورٹ کے ججز نے مخصوص نشستوں کے کیس کے فیصلے میں واضح کردیا چیف جسٹس نے پہلے فراڈ الیکشن کو تحفظ دیا، اب پی ٹی آئی کی نشستیں چھیننا شروع ہوگیا، قاضی فائز عیسیٰ توسیع کے مفاد میں پی ٹی آئی کو کرش کررہا ہے، ن لیگ، پیپلز پارٹی جیسی جماعتیں ہیں، دونوں کے پارٹی الیکشن کو کوئی نہیں پوچھتا ہمارے 3 پارٹی انتخابات کالعدم کردیئے گئے، سابق وزیراعظم نے کہا چیف الیکشن کمشنر کو پتہ ہے جس دن الیکشن فراڈ کھلا آرٹیکل 6 لگے گا، چیف الیکشن کمشنر اور چیف جسٹس ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہیں، دونوں کا مفاد توسیع میں ہے، اگر چیف جسٹس بے قصور تھا تو کمشنر کے بیان کے بعد کیوں نہیں بلایا؟ چیف جسٹس کمشنر کے اغوا پر بات نہیں کرتا کیونکہ اس کا نام بھی بیچ میں ہے،

بقیہ 15 اڈیالہ جیل

جیل میں 365 دنوں میں 180 سے زائد جیل ٹرائل سماعتیں ہوئیں، پارٹی رہنماؤں اور وکلا سے 100 سے زائد ملاقاتیں کیں، عمران خان نے 365 دنوں میں ایک ہزار گھنٹے سماعتوں کے دوران عدالت میں گزارے، اسی طرح ایک سال میں 90 دن قید تنہائی میں گزارے، بانی پی ٹی آئی 365 دنوں میں بھی بیمار نہیں ہوئے، تفصیلات کے مطابق بانی چیئرمین تحریک انصاف نے 365 دنوں میں صرف دانت میں درد کی شکایت کی

بقیہ 16 عرفان صدیقی

عرفان صدیقی نے صحافیوں کو بتایا آئینی پیکیج اکتوبر کے پہلے ہفتے میں ایوان میں پیش ہونے کا قوی امکان ہے، فضل الرحمٰن کی حمایت کے بغیر آئینی ترامیم کا منظور ہونا ممکن نہیں، حکومتی اتحاد جے یو آئی کے سربراہ کیساتھ رابطے میں ہے، مجوزہ آئینی عدالت کی نوعیت وفاقی، تمام صوبوں کی نمائندگی ہوگی، سابق وزرائے اعظم نواز شریف اور بینظیر بھٹو کے درمیان مئی 2006 میں طے پانے والے میثاق جمہوریت میں آئینی عدالت کے قیام پر اتفاق کیا گیا تھا، عرفان صدیقی نے کہا تجویز کی پی ٹی آئی بانی عمران خان سمیت تمام اہم سیاسی رہنماؤں کی جانب سے تائید کی گئی، 18 ویں ترمیم سے پہلے چیف جسٹس اور صوبائی چیف جسٹسز کا ججوں کی تقرری میں اہم کردار رہا۔

بقیہ 17 ٹرین سروس

سپرنٹنڈنٹ کوئٹہ کو لکھے گئے مراسلے میں بتایا گیا کہ محکمہ ریلویز نے 11 اکتوبر سے کوئٹہ سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور پشاور کیلئے جعفر ایکسپریس 11 اکتوبر کو صبح نو بجے روانہ کی جائے گی اس حوالے سے ریلوے حکام نے بتایا کہ دوزان پل کی مرمت دس روز میں مکمل کرلی جائے گی،

بقیہ 18 نظرثانی کیس

منیب اختر، جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس مظہر عالم میاں خیل شامل ہیں۔

بقیہ 19 مہنگائی

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 12.80 فیصد رہی، 22 ہزار تا 29 ہزار ماہانہ آمدن رکھنے والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا، وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق حالیہ ہفتے روزمرہ استعمال کی 16 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ اور 9 ضروری اشیا کی قیمتوں میں کمی ہوئی جبکہ 26 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا، اعداد وشمار میں بتایا گیا

بقیہ 20 عامر خان

گئے انٹرویو کے دوران باکسر عامر خان کا کہنا تھا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں اسپورٹس سے تعلق رکھنے والا پہلا پاکستانی ہوں جسے یہ اعزاز ملا، باکسر عامر خان پاک فوج کے اعزازی کپتان بننے پر خوش، فخریہ لمحہ قرار دوسری جانب ایکس (ٹوئٹر) پر تقریب سے کی گئی

بقیہ 21 عبدالغفور حیدری

غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے عبدالغفور حیدری نے کہا آئینی ترامیم پر حکومت کو اتنی جلدی تھی اتحاد میں شامل جماعتوں کو بھی اعتماد میں نہیں لیا گیا، آئینی ترامیم پر مذاکرات کی درخواست کے بعد ہر پارٹی رکن کیساتھ ڈرافٹ شیئر کیا، مگر حلف دیا گیا کسی کے ساتھ شیئر نہیں کرنا، قانون سازی اتنی مخفی ہو تو کیسے دیکھا جاسکتا ہے؟، پیپلز پارٹی کے دوستوں نے کہا ڈرافٹ دیکھ لیں پھر مذاکرات کرتے ہیں، حکومت اگر خود سنجیدہ نہیں یا معاملات کو سنجیدہ نہیں لیتی تو معاملات کیسے چلیں گے؟

بقیہ 22 دفعہ 144 نافذ

، اسلام آباد سے پی ٹی آئی قیادت قافلوں کی صورت میں لیاقت باغ جائے گی، راستوں کی بندش پر وہیں احتجاج ہوگا، اسلام آباد، شمالی پنجاب اور کے پی کے سے قافلے راولپنڈی آئیں گے، پولیس نے لیاقت باغ کو سیل کرکے گیٹ پر تالے لگا کر بھاری نفری تعینات کردی، چہل قدمی کیلئے آنے والے افراد کو بھی باہر نکال دیا گیا، چھاپے مار کر گرفتاریاں بھی کی گئیں، مزید برآں پی ٹی آئی کے احتجاج سے نمٹنے اور امن وامان کی صورتحال قابو میں رکھنے کیلئے پولیس کی چھٹیاں اچانک منسوخ کرکے چھٹیوں پر گئے

بقیہ 23 لیفٹیننٹ جنرل

کی منظوری وزیراعظم شہباز شریف نے دی، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے محمد علی کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا، اعلامیے کے مطابق نئے سیکرٹری دفاع کی تعیناتی 2 سال اور 3 ماہ کیلئے کی گئی، اطلاق یکم اکتوبر 2024 سے ہوگا، لیفٹیننٹ جنرل محمد علی 31 دسمبر 2026 تک بطور سیکرٹری رہیں گے۔

بقیہ 24 بلوچستان اسمبلی

کو ضمنی انتخاب کروانے کا اعلان کردیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق 30 ستمبر کو ریٹرننگ آفیسر پبلک نوٹس جاری کریں گے 2 تا 4 اکتوبر تک امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائیں گے 5 اکتوبر کو امیدواروں کے ناموں کی اشاعت کی جائے گی

بقیہ 25 افغان شناختی کارڈ برآمد

گئے، مقامی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں میں افغان خارجی دہشتگرد دجلال بھی شامل تھا، ہلاک دہشتگرد جلال سے افغان شناختی کارڈ برآمد ہوا، دوسرے ہلاک خارجی سیف کا تعلق فتنہ الخوارج کے گل بہار گروپ سے ہے

بقیہ 26 امیر مقام

7 بلین ڈالر قسط پاکستان کو جاری کرنا خوش آئند ہے جسے پاکستان کی معیشت کو استحکام ملے گا کچھ لوگ نہیں چاہتے تھے کہ پاکستان کو لون ملے۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور قائد پاکستان مسلم لیگ میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہوگیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کول مائنز ورکرز کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا کہ جو امن کو تباہ کرتے ہیں وہ پاکستانی نہیں ہو سکتے یہاں کے باشندے اینٹی پاکستان مہم کا حصہ نہ بنیں قیام امن کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا کوئی مائی کا لال بلوچستان کو پاکستان سے جدا نہیں کرسکتا نعرے لگانے والے صرف نعرے ہی لگاتے رہیں گے اور بلوچستان ترقی کرتا رہے گا۔ بلوچستان پاکستان کا شہ رگ ہے کوئی جدا نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ کوئلے کے کان میں کام کرنے والے محنت کش پاکستان کا اثاثہ ہے مزدور صبح شام محنت کرکے ملک کی معیشت اور ترقی میں اپنا کردار ادا کررہے ہیں جس طرح بلوچستان کے لوگوں نے استقبال کیا ان سب کا مشکور ہوں انہوں نے کہا کہ کول مائنز سے وابستہ افراد کو تمام سہولیات مراعات ملنی چاہیے جن مائنز پر محنت کشوں کے ساتھ ناانصافی ہوئی

بقیہ 27 عادل خان بازئی

جمع کرایا ہے، ن لیگ میں شمولیت کی کوئی دستاویز جمع نہیں کرائی۔ عادل بازئی نے مزید کہا کہ میڈیا میں گزشتہ کئی ماہ سے میری ن لیگ میں شمولیت بارے غلط خبریں چل رہی ہیں، میں تحریک انصاف میں تھا، ہوں اور رہوں گا۔

بقیہ 28 جج ناصر جاوید

پائلٹ ریفرنس کیس کی سماعت احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے کی، ملزمہ کی طرف سے عثمان ریاض گل پیش ہوئے، سماعت کے آغاز پر ملزمہ کے وکیل کی عدم حاضری پر عدالت نے برہمی اظہار کیا، عدالت نے استفسار کیا وکیل صفائی عدالت کیوں پیش نہیں ہوئے، معاون وکیل خالد یوسف نے مؤقف اپنایا وکیل صفائی عثمان گل اڈیالہ جیل آ رہے ہیں کچھ دیر میں پہنچ جائیں گے

بقیہ 29 شبلی فراز

درخواست پر سماعت کی، شبلی فراز اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے، اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہوا تو سیکرٹری داخلہ آئندہ سماعت پر پیش ہوں، عدالت نے استفسار کیا ابھی تک نام نہیں نکالا گیا کیا؟ وکیل نے جواب دیا تارہے ہیں

بقیہ 30 آئی ایم ایف

سیلیٹی کے 7 ارب ڈالر کی پہلی قسط ایک ارب 2 کروڑ 69 لاکھ ڈالر موصول ہوگئے ہیں، آئی ایم ایف سے موصول ہونے والی پہلی قسط سے زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوگا اور 30 اکتوبر 2024 کو جاری ہونے والے اعداد وشمار میں شامل کیے جائیں گے، سٹیٹ بینک کے مطابق آئی ایم ایف کی قسط موصول ہونے کے بعد زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 10 ارب 50 کروڑ ڈالر کی سطح سے بلند ہوگئے

بقیہ 31 گورنر

ملاقات کے دوران علاقائی پیش رفت، تازہ کشمیر اور پاکستان کے سیاسی منظرنامے سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ صوبے میں بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وفاقی حکومت کی مدد ورہنمائی کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ اجتماعی احساس اجاگر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام جماعتوں کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملکی اور قومی مفادات کو ترجیح دینی ہوگی صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزرا کے وقتاً فوقتاً دوروں سے وفاق اور صوبائی کے درمیان تعلقات کو خوشگوار بنانے، باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دینے اور تعمیر وترقی کے حوالے سے ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے میں مدد ملے گی وفاقی وزیر سیفران وامور کشمیر انجینئر امیر مقام نے گورنر بلوچستان کو بلوچستان کے مسائل و مشکلات کے دیرپا حل اور موجودہ چیلنجز پر قابو پانے کیلئے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل، وفاقی وزیر سیفران انجینئر امیر مقام اور صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے جمعہ کے روز ڈسٹرکٹ زیارت کا دورہ کیا۔ زیارت پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر زیارت لیاقت علی کاکڑ نے ان کا استقبال کیا۔ بعد ازاں دونوں رہنماؤں نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی آخری آرام گاہ قائداعظم ریذیڈنسی کا دورہ کیا اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا اور پریزیڈنسی کے احاطے میں پودے بھی لگاتے اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے بلوچستان کے مشہور و تاریخی سیاحتی مقام قائداعظم ریذیڈنسی میں اپنے خصوصی ویڈیو پیغام میں کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی خصوصی دلچسپی سے پاکستان اور خصوصاً صوبہ بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا صوبہ بلوچستان قدرت کی جانب سے خوبصورت قدرتی مناظر، سات سو سے زائد طویل خوبصورت ساحلی پٹی، سنگلاخ چٹانیں، زرخیز وادیاں، آثار قدیمہ، ریگستان، سرد ترین اور گرم ترین علاقے بین الاقوامی سیاحوں کیلئے نئے دلکش اور منافع بخش مراکز بن سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام اور صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سے پاکستان مسلم لیگ ن ضلع زیارت کے کارکنوں نے علیحدہ ملاقات کی۔

بقیہ 32 علیمہ خان

کا سارا پیسہ اور جائیدادیں باہر پڑی ہیں، گھروں سے نکلنا ہوگا، جمہوریت، عدلیہ کی آزادی کیلئے نکلنا ہے، بانی پی ٹی آئی نے تحریک شروع کردی، آغاز آج لیاقت باغ سے ہوگا، مویشی منڈیوں میں جلسے کی اجازت دے کر انسانیت کی تذلیل کرتے ہیں۔

بقیہ 33 دوبارہ گنتی

دیئے ریٹرننگ افسر نے الیکشن کمیشن کو تحریری جواب میں کہا کوئی درخواست نہیں ملی، سپریم کورٹ فیصلے کے بعد آر او نے درخواست کی تصدیق شدہ نقل فراہم کردی، ایسا تاثر بھی مل سکتا ہے آر او کو نوازا گیا جس پر وہ اپنی بات سے مکر گیا جو دستاویزات اب دکھا رہے ہیں پہلے ہوتیں تو ضرور جائزہ لیتے، مناسب ہوگا علی گوہر بلوچ ٹریبونل سے رجوع کریں۔

بقیہ 34 انٹرا پارٹی کیس

سے سماعت میں دلائل طلب کرلیے گئے۔

بقیہ 35 شفاء یوسفزئی

خواہ مخواہ مجھے نشانہ بنایا جارہا ہے، چلنے والی خبریں جھوٹی ہیں، میری ابھی تک کوئی شادی نہیں ہوئی، سوشل میڈیا پر فضول بحث چل رہی ہے، مرد کے زیر تسلط چلنے والے معاشرے میں عورت کتنی کمزور ہے ہمیشہ اپنے وجود کی وضاحت کرنی پڑتی ہے، خاص طور پر خواتین روزگار کمانے نکلتی ہیں، شفاء یوسفزئی نے لکھا پہلا موقع نہیں جب نشانہ بنایا گیا ہو، پہلے بھی صورتحال سے گزرنا پڑا، تمام مہذب مردوں اور عورتوں سے درخواست کرتی ہوں فضول مہم کا حصہ نہ بنیں

بقیہ 36 صدر زرداری

ذاکر بلوچ نے قومی ذمہ داری سرانجام دیتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، قوم شہدا، خاندانوں کی ملک و قوم کیلئے بے مثال قربانیوں کیلئے احسان مند رہے گی۔

بقیہ 37 راحیلہ درانی

سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ رؤف بلوچ اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ گورننس کے نظام میں مقامی حکومتوں کا کردار کلیدی ہوتا ہے۔ عوامی مسائل کے حل کیلئے مقامی حکومتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی کہ میرے سیاسی کیئریر کا آغاز لوکل گورنمنٹ سے ہوا ہے اور ایسے ماحول میں کیا کہ خواتین کا نکلنا مشکل تھا۔ جس کے بعد میں اسمبلی ممبر بنی اور آج تمام سیاسی پارٹیوں کے خواتین ونگ موجود ہے۔ آج اسی ہال میں موجود خواتین کو دیکھ کر دل مسرت ہورہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ لوگوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ معاشرے کی تشکیل اپنا مثبت کردار ادا کرے۔ آپ لوگ جب ترقیاتی کام کریں گے تو آپ کو معاشرے میں امن اور خوشحالی آتی نظر آئے گی۔ انہوں نے چیئرمینز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اپنے اضلاع کے تعلیمی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے رہے تاکہ درپیش مسائل کے حل کیلئے بروقت اقدامات کئے جاسکے۔ حکومت کی کوشش کی ہے کہ اختیارات کو نچلی سطح پر منتقل کرے تاکہ براہ راست ہر گلی کوچے میں ترقیاتی کاموں سے معاشرہ مستفید ہو۔ انہوں نے کہا کہ آپ سب عوامی نمائندے ہیں اور عوامی خدمت پالیسی ورنگ اور تعصب سے بالاتر ہو کر کریں اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی اور دباؤ کو قبول نہ کرے۔ ہاں مسائل ہیں لیکن ان کا مقابلہ کرنا ہے۔

بقیہ 38 ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

ان ٹیموں میں ضلعی انتظامیہ محکمہ لائیوسٹاک میٹروپولیٹن دکانداران ایسوسی ایشن ویٹرنری ڈاکٹر شامل ہونگے۔ کچلاک منڈی بائی پاس منڈی خیزی چوک منڈی کواری روڈ منڈی ایئرپورٹ روڈ منڈی میں روزانہ کی بنیاد پر اسپرے کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ویٹرنری ڈاکٹر جانوروں کی چیک اپ کرکے سٹیکر لگائینگے۔ بغیر سٹیکر والے جانور کسی صورت ذبح نہیں کرنے دیں گے۔ خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ کانگو وائرس کے روک تھام کے سلسلے میں حکومتی ایس او پیز پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ مویشی منڈیوں میں اسپرے کے ساتھ ساتھ صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ دوسری جانب جانوروں کی روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ بھی کی جائے گی۔

بقیہ 39 اسلام آباد ہائیکورٹ

جواب دیا کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے یونیورسٹی کو اپنا پیپر ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا چاہیے تھا، دیگر یونیورسٹیوں کی طرح اس یونیورسٹی کو بھی پیپر اپ لوڈ کرنا چاہیے جسٹس ارباب طاہر نے سوال اٹھایا ابھی تک پیپر اپ لوڈ کیوں نہیں کیا گیا؟ ابھی جا کر پیپر اپلوڈ کریں اور عدالت کو آگاہ کریں، آپ شفافیت یقینی بنانے کیلئے پیپر فوری طور پر اپلوڈ کریں، معروف یونیورسٹی ہے، پوچھتا ہوں آپ کیوں بدنام کرنا چاہ رہے ہیں؟ کیا عدالت کی آبزرویشنز کا یونیورسٹی کو نقصان پہنچے گا؟ یونیورسٹی نے پیپر اپ لوڈ نہ کرکے بہت زیادتی کی جسٹس ارباب طاہر نے سوال کیا کیا آپ بچوں کے مستقبل کیساتھ کھیل رہے ہیں؟ سمجھ نہیں آرہا تھا آپ کیا کررہے تھے؟ حرکت سے یونیورسٹی کو بہت غلط پیغام دیا جارہا ہے، کیا بچوں کو پہلے دن سے بے ایمانی کا پیغام دے رہے ہیں؟ جسٹس ارباب طاہر نے طلباء کے وکیل سے سوال کیا کیا پیپر اپ لوڈ ہوجانے سے آپ مطمئن ہوجائیں گے؟ طلبا نے اونچی آواز میں نہیں سر کہہ دیا، عدالت نے اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا خاموشی سے بیٹھیں ورنہ درخواست خارج کردیں گے، سب کچھ کس طرح کررہے ہیں آپ کو نہیں پتہ کہاں سے کیا کیا ہورہا ہے، فیصلہ لکھ دیں گے تاکہ آئندہ بچے عدالتوں میں ذلیل نہ ہوں۔

بقیہ 40 صنعتوں

کے درمیان دوطرفہ تعاون کو بحال کرنے کی ضرورت پر بجا طور پر زور دیا ہے چیف ایڈوائزر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا ہے کہ سارک کو بحال کرنا ایک شاندار فیصلہ ہوگا، بنگلہ دیش اور پاکستان نے ایک دوسرے سے تعاون کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ سارک کو مکمل طور پر متحرک کرنے کے لئے وزیراعظم پاکستان بنگلہ دیش حکومت کے سربراہ کو اپنی حمایت کا مکمل یقین دلائیں اور تنظیم کے ممبر ممالک علاقائی پلیٹ فارم کی بحالی کے لئے قدم بہ قدم آگے بڑھیں پاکستان اور بنگلہ دیش کو مختلف پہلوؤں میں تعاون بڑھانے کے لئے اپنے تعلقات میں ایک نئے باب کا اضافہ کرنا ہوگا۔ یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے تعلقات کو بنگلہ دیش اور دیگر سارک کے ساتھ مکمل طور پر بحال کریں تاکہ سارک ممالک باہمی تعاون کو فروغ دیتے ہوئے معاشی استحکام کی جانب بڑھ سکیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کی ٹیکسٹائل اور چمڑے کی صنعتوں میں بے سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کی بے انتہا گنجائش موجود ہے۔ حکومت پاکستان بنگلہ دیش کے ٹیکسٹائل اور چمڑے کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کرے تو سارک کے تحت تجارت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح نیپال، بھوٹان اور مالدیپ کے ساتھ مل کر تجارتی سرگرمیاں بڑھائی جاسکتی ہیں۔ اگر پاکستان ایسا کرنے میں کامیاب ہوجائے تو بھارت کا علاقائی تسلط کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکے گا

بقیہ 41 قاری عبداللہ

مسئلہ حل کرے انہوں نے کہا کہ عوام کئی مہینوں سے ٹینکر مافیاز کی رحم وکرم پر ہے نجی واٹر سپلائیوں میں پانی کا بحران کیوں نہیں روزانہ سینکڑوں ٹینکرز ایک واٹر سپلائی سے شہر کو پانی سپلائی کرنے کی باوجود قلت نہیں اور علاقے کی سرکاری ٹیوب ویل سے عوام کو پینے کی پانی تک میسر نہیں پانی کی عدم فراہمی پر پشتون آباد کی رہائشیوں کو احتجاج پر مجبور کرکے ایس ڈی او کو بار بار آگاہ کرنے کی باوجود شہید چوک پشتون آباد کی رہائشیوں کو پانی کی فراہمی نہیں ہورہی ہے

بقیہ 42 بیلا

پاس روڈ پر ناکوگورن بیلہ کے مقام سے منشیات فروش محمد نعیم ولد عبدالمجید سکنہ محلہ میجک بیلہ کو گرفتار کرکے 01 کلو 500 گرام چرس برآمد کیا۔ بیلہ پولیس نے گرفتار منشیات فروشوں کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے مزید تفتیش شروع کردی بیلا کے عوامی حلقوں نے ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ اور ان کی ٹیم کو منشیات خلاف مسلسل کارروائیاں کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ نے مختصر عرصہ میں منشیات کے خلاف مسلسل کارروائیوں تسلسل جاری رکھکر منشیات فروشوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ بیلا سے منشیات سمیت دیگر جرائم کا خاتمہ کرکے بیلا کا پرامن ماحول برقرار رکھنے میں کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 43 صوبائی حکومت

حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت مالی مشکلات کے باوجود صوبے کی ترقی کے لیے پرعزم ہے اور صوبے میں جاری ترقیاتی وفلاحی کاموں کو بروقت مکمل کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیا ہے، ہر شعبے میں عوامی فلاح اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن کا مقصد نہ صرف لوگوں کے طرز زندگی میں ایک مثبت تبدیلی لانا ہے بلکہ صوبے کو ترقی کی دوڑ میں سب سے آگے لے جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے درپیش چیلنجز کے باوجود ترقی کے سفر کو جاری رکھا اور وہ ترقیاتی منصوبے شروع کیے جن کا لوگوں کی زندگیوں پر براہ راست اثر ہے صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بری طرح متاثر ہوئے، ان کی محرومیوں کا ازالہ حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے

بقیہ 44 خضدار

کیلئے آرایچ سی ہسپتال کنواں منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 45 کراچی

کرکے کراچی پولیس کے حوالے کیا گیا تھا تاہم 24 جون کو ملزم سٹی کورٹ کراچی سے فرار ہوگیا تھا۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ ملزم کو ایک بار پھر کراچی پولیس کے حوالے کیا جائیگا

بقیہ 46 اجلاس

کی ہدایت پر کوئٹہ میں خالی اراضیوں اور بنجر پہاڑوں پر درخت لگانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں۔ اس سلسلے میں پرائیویٹ سیکٹر کی خدمات حاصل کی جائیں۔ شہر میں ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور خوبصورتی میں اضافے کے لیے ایسے درخت لگائے جائیں جو کہ کوئٹہ کے موسم کے مطابق پروان چڑھ سکے اور انہیں کم پانی کی ضرورت ہو اس حوالے سے تمام متعلقہ محکمہ اور ادارے ایسی پالیسی مرتب کرے جو کہ قابل عمل ہو جبکہ لگائے جانے والے درختوں کے پانی اور نگہداشت کا خیال رکھا جائے تاکہ وہ پھل پھول سکے۔ اس منصوبے پر حکومت بلوچستان کوئی پیسہ خرچ نہیں کرے گی جبکہ یہ منصوبہ نجی سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کی مدد سے شروع کیا جائے گا۔ کاشتکاری، پانی کا بندوبست کرنے اور پودوں کی دیکھ بھال سمیت ساری ذمہ داری ان سرمایہ کاروں اور کمپنیوں پر ہوگی۔ سرکاری اراضی اور بنجر پہاڑوں پر درخت لگانے کے حوالے سے ماہرین، محکمہ جنگلات، محکمہ زراعت سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے حکام سے رپورٹ طلب کی گئی ہے اس منصوبے سے نہ صرف آلودگی میں کمی ہوگی بلکہ معاشی فائدے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 47 سول ہسپتال

دوسرے تمام شعبوں میں صحت کارڈ کی سہولت کی بندش ناقابل برداشت اور غریب عوام سے علاج ومعالجہ کا حق چھیننے کے مترادف ہے جو کہ صوبائی حکومت بالخصوص صوبائی وزیر اعلیٰ اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام کے لفاظی دعوؤں کی نفی کرتی ہیں اور بالخصوص امراض قلب جیسے اہم شعبے کیلئے سٹنٹ (Stent) خریدنے کے دوران اندرون خانہ بھتہ خوری اور رشوت خوری کی کوشش میں مخصوص آفیسرز کی ناکامی کے بعد پورے ہسپتال میں صحت کارڈ کی سہولت طویل عرصے سے روک دی گئی ہے جو کوئٹہ شہر سمیت آس پاس دوسرے علاقوں کے غریب عوام کے ساتھ بھی بدترین امتیازی سلوک ہیں۔ بیان میں صوبائی وزیر اعلیٰ، محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام پر زور دیا ہے کہ وہ غریب عوام کے علاج ومعالجہ کی سہولتوں میں اضافہ کرنے اور اس غیر انسانی اقدام میں ملوث آفیسرز کی عوام دشمنی کی روک تھام کرتے ہوئے سول ہسپتال کے امراض قلب سمیت تمام شعبوں میں صحت کارڈ کے ذریعے علاج کرنے کے فوری طور پر عملی اقدامات کریں۔

بقیہ 48 ہدایت الرحمٰن

پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے اجلاس طلب کیا گیا تھا۔ سیکرٹری علی اکبر بلوچ نے کمیٹی کو محکمہ کے بارے میں بریفنگ دی محکمہ زراعت نے مجلس کو بتایا کہ محکمہ کے پاس اسوقت 327 بلڈوزر موجود ہیں ان میں 96 بلڈوزرز نئے ہیں اور 231 بلڈوزرز اپنی معیاد سے تین گناہ زیادہ کام کرچکے ہیں اسوقت 256 بلڈوزر قابل استعمال ہیں تاہم دوران مجلس گرین ٹریکٹر اسکیموں اور بلڈوزر اوقات کی غیر مساوی تقسیم کے بارے میں خدشات اٹھائے گئے، ممبران نے کہا کہ مستحق زمینداروں کو بلڈوزر ملتے ہی نہیں ہیں ممبران نے ایکسٹینشن سیکشن پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محکمے کو مشاورتی خدمات ورکشاپس کے انعقاد اور کسانوں کو نئی ٹیکنالوجیز کے بارے میں تعلیم دینے میں دلچسپی ظاہر نہیں کی جاتی ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام ڈسٹرکٹس میں ایسے پروگرامز کا انعقاد کیا جائے تاکہ کسانوں کو نئی اور جدید ٹیکنالوجیز کے بارے میں معلومات فراہم کی جاسکے ممبران نے کہا کہ مارکیٹ کی عدم موجودگی کے باوجود ضلع جعفرآباد میں مارکیٹ کمیٹی ٹیکس وصول کرتی ہے مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ زراعت ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اور میں محکمہ زراعت اور کوآپریٹو سوسائٹی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہوں کہ بلوچستان کے تمام اضلاع کو اس شعبے میں ترقی کے لیے یکساں ریلیف اور مدد ملے

بقیہ 49 نصراللہ زیرے

خان بڑیچ کی اہلیہ کے نماز جنازہ اور تجہیز وتدفین کے مراسم میں شرکت کی دریں اثناء پارٹی پریس ریلیز میں حاجی ناصر خان بڑیچ کی اہلیہ اور کرنل ہاشم خان بڑیچ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری نصیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبیداللہ توخی، مرکزی کمیٹی ممبر عبدالعلی اچکزئی نے سریاب بڑیچ آباد علاقائی سیکرٹری حاجی سلام بڑیچ کی زوجہ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی مرحومہ کو جنت الفردوس اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

بقیہ 50 ملک

پر کھلواڑ کیا جارہا ہے، بانی پی ٹی آئی پر جتنے بھی مقدمات بنائے گئے ایک ایک کرکے ختم ہوگئے، صرف توشہ خانہ کا کیس ہے، توشہ خانہ کا کیس وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے پاس ہے، القادر یونیورسٹی اور توشہ خانہ کیس بے بنیاد ہیں، باقی تمام کیسز میں بانی پی ٹی آئی کو رہائی مل گئی

بقیہ 51 بلوچستان

نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کو جاری کئے گئے ایک بیان میں کیا۔ نواب عالی بگٹی نے کہا کہ صوبے میں گڈ گورننس کی راگ الاپنے والی حکومت کی صلاحیتیں سڑکوں پر لوگوں کے احتجاج سے لگایا جاسکتا ہے جہاں ہر طبقہ فکر سراپا احتجاج ہے عوام کی زندگی اجیرن ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں عوامی ایجنڈا نہیں رکھتیں اقتدار کی رسہ کشی ہے، جمہوریت کے نام پر پارلیمان کو آرڈیننس فیکٹری بنا کر غیر جمہوری اقدامات وآئین کی پامالی کی جارہی ہے۔ صوبوں میں پائی جانیوالی بے چینی اور عوامی رائے پر توجہ نہیں دی جارہی یقیناً یہ کسی بحران کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں وفاقی سطح اور صوبوں میں جاری سیاست قومی مسائل کا احاطہ نہیں کرتی ضرورت اس امر کی ہے کہ ملکی مسائل اور بحرانوں کے حل کے لئے قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے گرینڈ قومی مباحثوں کا آغاز کیا جائے۔

بقیہ 52 سیدال خان

امنگوں کے عین مطابق دن رات کام کررہی ہے اور اس محنت کے نتائج مہنگائی کی کمی کی شکل میں سامنے آرہے ہیں ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان نے بلوچستان کابینہ کے ارکان کو ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی کروائی صوبائی وزیر تعلیم نے کہا کہ ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیدال خان کے دروازے تمام لوگوں کے لئے کھلے ہیں جس سے عوام اور وزراء کو صوبے اور وفاق کے درمیان ہم آہنگی بڑھ رہی ہے انہوں نے ڈپٹی چیئرمین سینٹ کو صوبے کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا اور امید ظاہر کی ان مسائل کو اعلیٰ ترین فورمز پر اٹھایا جائے گا

بقیہ 53 سبی

دکھ میں برابر کے شریک ہے زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہوں انہوں نے ایڈووکیٹ محمد اعظم لونی ایس ڈی او اری گیشن کے گھر کے باہر دستی بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دھماکہ میں گھر سے باہر کھیلتے ہوئے محمد کاشف الماس معصوم بچے کی شہادت اور چار بچوں کے زخمی ہونے کی خبر سن کر گہرا صدمہ پہنچا ہے سبی کے پرامن ماحول کو خراب کرنے والے امن کے دشمنوں کے اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے ہم مرعوب ہونے والے نہیں ہیں، ایسے دکھ اور غم زدہ واقعات سے دل خون کے آنسو روتا ہے، جس میں بے گناہ افراد معصوم بچے کے خون کی ہولی کھیلی جاتے ہیں

بقیہ 54 حکومت

اچکزئی اور اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے UNHCR کے صوبائی سربراہ Tesfaye WeldeyesusBekele اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ بعد ازاں مریضوں اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے دور دراز علاقوں تک عوام کو صحت کی سہولتیں فراہم کی جائیں گی اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ صحت کے شعبے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ اس مقصد کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مریضوں کی شکایات کے ازالے کے لیے صوبے کے تمام ہسپتالوں میں شکایات بکس رکھے جائیں گے جس کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے گی اور شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں سے لوگ علاج کی غرض سے اس سینٹر کا رخ کرتے ہیں کیونکہ صوبے میں یہی واحد اسپیشلائزڈ سینٹر ہے جو کڈنی کے مریضوں کے لیے تمام ترطبی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 55 اسلام آباد ہائیکورٹ

عدالت میں لگنے والے کیسز کی سماعتیں ملتوی کر دی گئیں، وزارت قانون، سیکرٹری ٹو چیف جسٹس اور رجسٹرار سمیت دیگر متعلقہ حکام کو آگاہ کردیا گیا۔

بقیہ 56 عمران خان

نشر نہ کیا جانا آئین کے تحت امتیازی سلوک ہے، عدالت نے ابتدائی سماعت کے بعد وفاقی حکومت اور پیمرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 57 زرک مندوخیل

کہا کہ بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ ہے یہاں پر خوشحالی اور ترقیاتی کاموں کی ضرورت ہے بحیثیت منتخب نمائندے ہمارا فرض بنتا ہے کہ جہاں بھی سرکاری وسائل کو ضائع کرنے کی پالیسی بنائی گئی ان کو روکیں گے بلکہ سرکاری وسائل عوام پر ہی خرچ کرینگے اس وقت عوام کی امیدیں موجودہ حکومت سے ہے اگر ہم بھی ماضی کی طرح پالیسی اختیار کرینگے تو یہی خطہ ماضی کی بہ نسبت مستقبل میں بھی ترقی نہیں کریگی لیکن ہم اس طرح نہیں ہونے دینگے بلکہ ایک ایسی پالیسی بنائی جائے گی جس سے عوام کو براہ راست فائدہ ہو اور سرکاری وسائل ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 58 اعلیٰ تعلیم

پیشہ ورانہ تربیت کے چوتھے اجلاس کے دوران ایچ ای سی کی کارکردگی پر ایک پریزنٹیشن شیئر کرتے ہوئے چیئرمین ایچ ای سی نے ملک میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کی پائیدار ترقی یقینی بنانے کے لیے ریاست کی جانب سے اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو مسلسل تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 59 چشمہ اچوزئی

کے رہائشی نوجوان سہیل کاکڑ کے اہلخانہ نے گزشتہ رات دو بجے پولیس تھانہ میں اس کے اغواء کی اطلاع دیتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان سہیل کاکڑ کو دو گاڑیوں میں سوار نامعلوم افراد اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے ہیں واقعہ کیخلاف مغوی کے رشتہ داروں اور اہل علاقہ نے ہلیلی کے مقام پر احتجاج کرتے ہوئے شاہراہ بلاک کردی شاہراہ معطل ہونے سے کوئٹہ کا بلوچستان کے جنوبی اضلاع سے رابطہ منقطع ہوگیا، مغوی کے اہلخانہ نے بلوچستان حکومت اور سکیورٹی اداروں سے مطالبہ کیا کہ سہیل خان کو باحفاظت بازیاب کرایا جائے۔

بقیہ 60 انقلابی تبدیلی

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے نظام میں انقلابی تبدیلی کے بغیر پاکستان اور عوام کا مقدر تبدیل نہیں کیا جاسکتا طاقتور قوتوں کی حکمرانی کی بجائے آئین کی حکمرانی کی ضرورت ہے غلامانہ پالیسیوں سے ملک سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالات کا سامنا کررہا ہے ملکی مسائل پر پارلیمنٹ کے پاس فیصلے کا کوئی اختیار نہیں رہا خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت اور سلامتی کو داؤ پر لگا دیا ہے ملک پر مسلط جاگیرداروں، اشرافیہ، اور سول وملٹری بیوروکریسی سے احتساب کے بجائے کرپٹ نظام بے بس ہے ملک کو لوٹ کر باہر میں بینک بیلنس اور جائیدادیں بنائے اور قرضوں کا بوجھ قوم اٹھا رہے ہیں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمران کے پاس ملک کو چلانے کی صلاحیت نہیں ہے ملک چلانے کے لیے کوئی ویژن یا پالیسی نہیں ہے سیاسی اور معاشی بحران میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی امتیازی اور ناانصافیوں سے ریاست کی رٹ کو چیلنج کیا جارہا ہے ساحل وسائل پر مقتدر قوت قابض ہے ناانصافیاں ملک کی امن وترقی میں رکاوٹ ہیں

بقیہ 61 ونڈر

ٹریکٹر کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گئے اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مرک سینٹر ونڈر کی ریسکیو ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچ گئی مرک ریسکیو سینٹر کی ایمبولینس کے ذریعے جاں بحق افراد کی نعشوں کو رورل ہیلتھ سینٹر ونڈر منتقل کردیا گیا حادثے کی شکار ہونے والی ٹرک اور ٹریکٹر کو ونڈر پولیس نے اپنے تحویل میں لے کر ضابطے کی ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثا کے سپرد کردی۔

بقیہ 62 باجوڑ

تصدیق کرتے ہوئے کہا ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا، پولیس اہلکار چھٹی پر گھر آیا تھا۔

بقیہ 63 حب

ایڈمنسٹریٹر فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی بلوچستان شریف بالاری اور عوام الناس نے بڑی تعداد میں کچہری میں شرکت کی شہریوں نے نادرا لائبریری میونسپل سروسز کے الیکٹرک ایشوز بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے رجسٹریشن میں یہی علاقوں کے عوام کی عدم رسائی سے متعلق شکایات پیش کیں میر علی حسن زہری نے عوام الناس کے مسائل اور محنت کشوں کی جانب سے فیکٹریوں میں یومیہ کم اجرت کی ادائیگی کے ایشوز کی نشاندہی پر انتظامی افسران کو فوری احکامات جاری کئے کھلی کچہری سے میر علی حسن زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع حب میں بیروزگاری اور دیگر مسائل کا ہمیں ادراک ہے صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع حب کے محنت کشوں کیلئے تین ہزار لیبر کوارٹر تعمیر کی منظوری دی ہے 16 ارب روپے لاگت سے لیبر کوارٹرز تعمیر کئے جائیں گے میر علی حسن زہری نے کہا کہ ضلع حب میں انفراسٹرکچر کی ڈیولپمنٹ کیلئے 6 ارب روپے کے ماسٹر پلان کی منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوششوں سے ضلعی انتظامیہ ضلع حب میں عرصہ دراز سے بند 73 اسکول آپریشنل کروا دیے ہیں ضلعی انتظامیہ اور دیگر ادارے سروسز ڈیلیوری کیلئے پرعزم اور متحرک ہیں میر علی حسن زہری نے ضلع حب کی ترقی کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس شہر اور صوبے کی ترقی کیلئے سب کو ساتھ لیکر چلیں گے تحصیل گڈانی کو آر سی ڈی شاہراہ سے لنک 18 کلومیٹر روڈ کو دو رویہ کرنے کی منظوری دی گئی ہے جلد اس پر کام شروع ہوگا ضلع حب میں پولیس نفری بڑھانے کیلئے 300 نئی اسامیوں پر جلد بھرتیاں ہوں گی میر علی حسن زہری ایڈوائزر انڈسٹریز اینڈ کامرس نے کھلی کچہری کے دوران ڈپٹی کمشنر حب کو لوکل ڈومیسائل ایشوز کو فوری حل کرنے کیلئے احکامات جاری کیں۔

بقیہ 64 مولانا ہاشمی

مفادات کیلئے لگے ہوئے ہیں صرف جماعت اسلامی عوامی اجتماعی مسائل پر آواز بلند کرتے ہوئے احتجاج کررہی ہے سب کو ماننا ہوگا کہ حکومتی غلط اقدامات، مفت خوری، بدعنوانی، بجلی قیمتوں ٹیکسز میں اضافہ اور آئی پی پیز ظالمانہ معاہدوں ولوٹ مار کو جماعت اسلامی نے بے نقاب اور اجاگر کیا انشاء اللہ ان مظالم کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی جماعت اسلامی کا احتجاجی مرحلہ تاجروں دکانداروں سمیت ہر طبقہ فکر کے تعاون سے شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام غربت وبے روزگاری کا شکار ہیں ترقی وخوشحالی کا پہیہ جام ہے روزگار نا پید کاروبار پر اداروں نے خود ساختہ پابندیاں لگائی ہوئی ہیں بارڈر وساحل پر کچھ روزگار وکاروبار تھا اس پر بھی سیکورٹی اداروں مقتدر قوتوں ایف سی پولیس کے آفیسرز نے ذاتی ٹیکس لگا کر عوام وقومی خزانے کے بجائے جیب وذاتی اکاؤنٹس میں قومی دولت منتقل کرنے کا انتظام کردیا ہے۔ بلوچستان کو ریگستان بنا کر غربت وبے روزگاری عام کرنے والے کئی دہائیوں سے ہم پر مسلط وفاقی حکومت اور ان کے چہیتے صوبائی حکمران اور مقتدر قوتیں اسٹیبلشمنٹ ہیں جو خود تو بلوچستان کے دولت سے مالا مال ہوئے ہیں

بقیہ 65 گورنر پنجاب

فارمولہ طے ہوا مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی کی متعدد بار میٹنگ ہوئیں لیکن عمل درآمد کچھ نہیں ہوا اب میرے لیے مناسب نہیں روز گزارش کریں آئیں میٹنگ کریں، بلاول بھٹو زرداری کو صوبے کی سطح پر پاورشیئرنگ فارمولہ ختم کرنے کی تجویز دوں گا، ملکی مفاد کیلئے کڑوا گھونٹ پینا پڑے گا اور سسٹم چلانے کیلئے ن لیگ کا ساتھ دیں گے، گورنر پنجاب نے کہا ن لیگ سے توقع ہی نہیں رکھنی چاہیے پنجاب میں کچھ لینا ہے، اپنے ساتھیوں کو بتا دیں گے اپوزیشن میں ہیں جبکہ ترقیاتی کاموں کی بجائے میرٹ کی سیاست کریں گے، پنجاب کی سطح پر عوام، پارٹی کی مضبوطی اور آپ کے مسائل حل کرنے کیلئے جو ہو سکا کروں گا، گورنر ہاؤس کے دروازے پنجاب کے عوام، پارٹی کارکنوں کیلئے 24 گھنٹے کھلے ہیں۔

بقیہ 66 لاکھوں کا فراڈ کیس

کی عبوری ضمانت خارج کردی جبکہ شریک ملزم سکندر کی عبوری ضمانت میں اکتوبر کے پہلے ہفتے تک توسیع کردی، اداکارہ نازش جہانگیر کیخلاف تھانہ ڈیفنس سی میں اداکارہ اذان اسوہ نے فراڈ کے الزام میں مقدمہ درج کرا رکھا ہے۔

بقیہ 67 زاہد علی ریکی

موثر اور ٹھوس اقدامات اٹھائینگے پھر فیصلہ واپس نہیں لیا گیا تو متعلقہ اضلاع کے زمیاد اور تیل کا کاروبار کرنے والوں کے ساتھ ملکر ریڈ زون کوئٹہ میں دھرنا دینگے حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ ایم پی اے خاران میر شعیب نوشیروانی جو کہ صوبائی حکومت میں بطور صوبائی وزیر شامل ہے انہیں بھی مشاورت میں شامل کی جائیگی کیونکہ خاران کے بھی بڑی تعداد میں لوگ تیل کے کاروبار سے منسلک ہیں حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ واشک، چاغی پنجگور، گوادر تربت۔ اور خاران سمیت بلوچستان کے اکثر اضلاع کے عوام تیل کے کاروبار سے منسلک دووقت کی روٹی کمار ہے ہیں

بقیہ 68 اے این پی

ریاست کی ذمہ داری ہے صوبہ بھر میں ہر دس کلومیٹر پر چیک پوسٹوں کا جال بچھا دیا گیا ہے جو شریف النفس پرامن شہریوں کی تضحیک کرتے ہیں کا موجب بنے ہوئے ہیں سہیل خان بازئی کی اغوا حکمرانوں اور ریاستی اداروں کی امن وامان سے متعلق بلند وبانگ دعوؤں کی نفی کرتی ہے بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ سہیل خان بازئی کی باحفاظت بازیابی ریاست حکمرانان وقت اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور ان انسانیت سوز عملیات کے مرتکب سماج دشمن شرپسند عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر انہیں نشان عبرت بنایا جائے

بقیہ 69 حاجی علی مدد جتک

شامل کرکے حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے اور میں بھی لوگوں کی صرف خدمت پر یقین رکھتا ہوں انہوں نے کہا کہ کم وقت میں تاریخی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

قوم شہداء کے خاندانوں کی بے مثال قربانیوں کیلئے احسان مند رہے گی، صدر زرداری

کراچی میں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ شہید کے گھر جاکر اہل خانہ سے اظہار تعزیت، بہادری کو سراہا، بلند درجات کیلئے دعا

ذاکر بلوچ نے قومی ذمہ داری سرانجام دیتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، پوری قوم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، صدر

کراچی (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے کراچی میں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ شہید کے گھر کے جاکر اہلخانہ سے تعزیت کی اور بہادری کو سراہا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف زرداری کی کراچی میں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ شہید کے گھر آمد ہوئی، شہید کے لواحقین کیساتھ اظہار تعزیت کیا اور بلند درجات کیلئے دعا کی، آصف زرداری نے کہا شہید .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ایم ایس ڈی کے دورے کے موقع پر میڈیسن کے کولڈ اسٹوریج ودیگر شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

سارک کو بحال کرنا ایک شاندار فیصلہ ہو گا، محمد عبدالقادر

ڈاکٹر محمد یونس نے وزیر وزیراعظم سے ملاقات میں سارک کی بحالی پر زور دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ حال ہی میں اپنے امریکہ کے دورہ کے دوران بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے وزیر وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات میں جنوبی ایشیا میں علاقائی تعاون کے لیے ایک اعلیٰ پلیٹ فارم کے طور پر جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون کی تنظیم سارک کی بحالی پر زور دیا ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے کئی علاقے پینے کے پانی سے محروم ہیں، قاری مہراللہ

رشید چوک، حاجی اختو سٹریٹ پشتون آباد کے رہائشی پانی کو ترس رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ رشید چوک حاجی اختو سٹریٹ پشتون آباد کے رہائشی کئی مہینوں سے پانی سے محروم ہے مختلف بہانوں سے عوام کو پانی سے محروم کر رکھا گیا ہے ٹیوب ویل درست ہونے کی باوجود عوام پانی سے محروم ہے ایم ڈی واسا رشید چوک پشتون آباد کی رہائشیوں کو پانی کی فراہمی کا .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بیلا پولیس کی کارروائی
2 منشیات فروش گرفتار

بیلا (یو این اے) بیلا پولیس ایس ایچ او بیلا عطاء اللہ جاموٹ کی کامیاب کارروائی دو منشیات فروش گرفتار، 07 کلو 500 گرام چرس برآمد الگ الگ مقدمات درج مزید تفتیش شروع کردی تفصیل کے مطابق ایس۔ایس۔پی لسبیلہ کیپٹن (ر) نوید عالم کی خصوصی ہدایت پر بیلہ پولیس نے مخبر خاص کی اطلاع پر کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ڈاڈا قبرستان بیلہ سے منشیات فروش سلطان عرف سنی کو گرفتار کر کے 06 کلوگرام چرس اور منشیات فروخت سے حاصل کی گئی نقدی مبلغ 11500 روپے برآمد کیے جبکہ دوسری کارروائی میں دوران گشت بائی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں سیاسی اور آئینی طور پر کھلواڑ کیا جا رہا ہے، شبلی فراز

عمران پر جتنے مقدمات بنائے گئے ایک ایک کرکے ختم، صرف توشہ خانہ کا مقدمہ رہ گیا

سزا دینی ہے تو دے دیں، کیسز کو جان بوجھ کر تاخیر کا شکار نہ کریں، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما شبلی فراز نے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں فسطائیت کا ماحول بنا ہوا ہے، پی ٹی آئی رہنما شیخ وقاص اکرم کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا ملک میں سیاسی و آئینی طور .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی کارکردگی کے نتیجے میں مہنگائی میں کمی آرہی ہے، سیدال خان

حکومت عوام کی امنگوں کے عین مطابق دن رات کام کر رہی ہے، جلد عوام کو درپیش مسائل حل ہوں گے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی بدولت اکثر مسائل حل ہورہے ہیں، عاصم کرد گیلو، لیاقت لہڑی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے بلوچستان کابینہ کے ارکان کی اسلام آباد میں ملاقات ملنے والے ارکان میں وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی شامل ڈپٹی چیئرمین سینیٹ جناب سیدال خان نے تمام وزرا کا شکریہ ادا کیا اور ممبران کے صوبے میں جاری کام کو سراہا انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی ایم رہنما علی وزیر پر تھری ایم پی او غیر قانونی، ضمانت منظور

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے پشتون تحفظ موومنٹ (پی ٹی ایم) کے رہنما علی وزیر کی 5 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرلی، رہنما پی ٹی ایم علی وزیر کی تھری ایم پی او کے خلاف دائر درخواست پر لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے سماعت کی، جسٹس چوہدری عبدالعزیز نے 5 لاکھ کے ضمانتی مچلکوں کے عوض علی وزیر کو رہا کرنے کا حکم دیا

کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات سرکاری اراضیات اور پہاڑوں پر درخت لگانے کے منصوبے پر عملدرآمد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مسجد میں ڈکیتی، امام مسجد کو یرغمال بنا کر چندہ باکس لوٹ لیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے علاقے سندر میں مسجد میں ڈکیتی کی واردات ہوئی، پولیس کے مطابق 3 ڈاکوؤں نے امام مسجد کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر واردات کی، ڈاکوؤں نے مسجد کے چندہ باکس میں جمع رقم لوٹ لی اور فرار ہوگئے

آئی ایم ایف معاہدے کے بعض نکات پر تحفظات ہیں، کے پی حکومت

پشاور (بیورو رپورٹ) مشیر خزانہ خیبر پختون خوا مزمل اسلم نے کہا ہے آئی ایم ایف پیکیج کی منظوری خوش آئند ہے، قومی مالیاتی معاہدے کے بعض نکات پر تحفظات ہیں، وفاق کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کو پیش کی جائے گی، گزشتہ روز کابینہ اجلاس میں قومی مالیاتی معاہدے کا جائزہ لیا گیا

وسائل عوام پر خرچ کرنے کیلئے پالیسی بنائی جائے گی، زرک مندوخیل

پہلے چیک اینڈ بیلنس کا فقدان تھا اب ایسا نہیں ہونے دینگے اور نہ ہی خاموش بیٹھیں گے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا اور سرکاری وسائل عوام پر خرچ کرنے کیلئے ایک ایسی پالیسی بنائی جائے گی جس سے عام آدمی تک فائدہ ہو ماضی میں فنڈز استعمال ہوتے تھے لیکن چیک اینڈ بیلنس کا فقدان تھا اب اس طرح پالیسی نہیں ہونے دینگے اور نہ ہی اس پر خاموش بیٹھیں گے یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو مسلسل تعاون کی ضرورت ہے، چیئرمین ایچ ای سی

شعبہ اعلیٰ تعلیم کی پائیدار ترقی یقینی بنانے کے لیے ریاست کو کردار ادا کرنا ہوگا

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) ڈاکٹر مختار احمد نے اعلیٰ تعلیم کے شعبے کی جامع ترقی اور ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی میں جامعات کے کردار کے لیے انکو بھرپور سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے ایچ ای سی کے عزم کا اعادہ کیا۔ ڈاکٹر عظیم الدین زاہد لاکھوی کی سربراہی میں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

نظام میں انقلابی تبدیلی لائے بغیر پاکستان اور قوم کا مقدر نہیں بدل سکتا، جمعیت نظریاتی

ملکی مسائل پر پارلیمنٹ کے پاس فیصلے کا کوئی اختیار نہیں رہا، طاقتور قوتوں کی حکمرانی کی بجائے آئین کی حکمرانی کی ضرورت ہے

غلامانہ پالیسیوں سے ملک سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالت کا سامنا کررہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

زیارت + وکی (پ ر) ضلع زیارت اور وکی کے دورے کے موقع پر مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی ضلعی امیر زیارت مولانا عبدالمالک ضلعی امیر وکی مولانا محمد جعفر فاروقی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالوہاب مفتی حیات اللہ علاؤالدین سنگر مل مولانا احسان اللہ میں تربیتی .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول رئیسانی بازار سنگانی سر کا معائنہ کررہے ہیں

حب میں بیروزگاری اور دیگر مسائل کا ادراک ہے، علی حسن زہری

پولیس نفری بڑھانے کیلئے 300 نئی اسامیوں پر جلد بھرتیاں ہوں گی

حب (خ ن) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان وصوبائی مشیر صنعت وحرفت میر علی حسن زہری کی زیر قیادت ضلع حب میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں انتظامی افسران ڈپٹی کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ سرکاری محکموں پی ایچ ای اریگیشن مائنز اینڈ منرل ڈیپارٹمنٹ لوکل گورنمنٹ ایجوکیشن سوشل ویلفیئر محکمہ پولیس مواصلات وتعمیرات کے افسران سیاسی وسماجی رہنماؤں میر مولا بخش بزنجو وڈیرہ امین مری عثمان کوہ بلوچ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق 2 افراد زخمی

باجوڑ (بیورو رپورٹ) باجوڑ کی تحصیل خار کے علاقے شیخ کلی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار طاہر خان رحمان جاں بحق، 2 افراد زخمی ہو گئے، ڈی ایس پی خار عبدالعزیز نے واقعہ کی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر پنجاب نے ن لیگ سے صوبائی سطح پر معاملات ختم کرنے کی تجویز دیدی

ملکی مفاد کیلئے کڑوا گھونٹ پینا پڑے گا اور سسٹم چلانے کیلئے ن لیگ کا ساتھ دیں گے، سلیم حیدر

لاہور (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن میں پاور شیئرنگ فارمولے پر عمل درآمد نہ ہونے پر اختلافات شدت اختیار کر گئے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صورتحال سے آگاہ کرنے اور صوبائی سطح پر معاملے کو ختم کرنے کی تجویز دینے کا فیصلہ کرلیا، سردار سلیم حیدر نے کہا حکومت سازی سے قبل تحریری طور پر پاور شیئرنگ .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

لاکھوں کا فراڈ کیس، اداکارہ نازش جہانگیر کی عبوری ضمانت خارج

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی سیشن عدالت نے فراڈ کے مقدمے میں اداکارہ نازش جہانگیر کی عبوری ضمانت خارج کردی، لاہور کی سیشن عدالت میں اداکارہ اذان اسود ہارون کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے عدم پیروی پر اداکارہ نازش جہانگیر .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

حب، صوبائی مشیر صنعت میر علی حسن زہری اور ڈپٹی کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

سہیل خان بلوچ کی باحفاظت بازیابی حکمرانوں اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، اے این پی

انسانیت سوز اقدامات کے مرتکب سماج دشمن شرپسند عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر نشان عبرت بنایا جائے

صوبائی دارالحکومت میں جب شہریوں کی جان ومال محفوظ نہیں تو دور دراز علاقوں کا تو کوئی پوچھنے والا ہی نہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ بلیلی کوئٹہ کے رہائشی سہیل خان بازئی کو سرشام چشمہ اچوزئی سے گاڑی سمیت اغوا کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں اغواگردی بھتہ خوری قبضہ گیری کے واقعات اپنے عروج پر ہے سماج دشمن عناصر کی جانب سے انسانیت کے خلاف عملیات ریاستی سرپرستی کے بغیر ممکن نہیں عوام الناس کی جان ومال کی تحفظ .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

فخر ہے سیاست کا آغاز لوکل گورنمنٹ سے کیا، راحیلہ درانی

آج تمام سیاسی پارٹیوں کے خواتین ونگ موجود ہیں اس پر خوش ہوں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے فخر ہے کہ سیاست کا آغاز لوکل گورنمنٹ سے کیا ہے۔ آج سیاست کی میدان میں بڑی تعداد میں خواتین دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ ماضی میں سیاست میں خواتین کا آنا ناممکن تھا لیکن آج تمام سیاسی پارٹیوں کے خواتین ونگ موجود ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے بلوچستان رورل ڈویلپمنٹ اکیڈمی کے زیر اہتمام ایک روزہ لوکل گورنمنٹ .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت کانگو وائرس سے نمٹنے کے لیے اجلاس

مویشی منڈیوں کے لیے ٹیمیں تشکیل، کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے اسپرے کریں گی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کے زیر صدارت کانگو وائرس سے نمٹنے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کانگو وائرس سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ کی تمام مویشی منڈیوں کے لیے ٹیمیں تشکیل دی گئی ہے جو کہ روزانہ صبح 7 بجے سے 12 بجے تک کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے اسپرے کریں گی۔ .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، عبدالرحمن کھیتران

جاری ترقیاتی و فلاحی کاموں کو بروقت مکمل کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران سے پارلیمانی سیکرٹری محمد اکیسا ایزمحمد خان لہڑی اور سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے ملاقات کی۔ ملاقات میں عوام کی فلاح و بہبود اور ان کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبے کے عوام کو درپیش مسائل کے ازالے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں حالات خراب اور امن کی صورتحال تشویشناک ہے، نواب عالی بگٹی

حکومت کہیں نظر نہیں آتی، ریاستی رٹ کی صورتحال یہ ہے کہ لوگ قومی شاہراہوں پر سفر سے خوفزدہ ہیں

صوبائی حکومت قیام امن اور لوگوں کو تحفظ نہیں دے پارہی یہ بڑی ناکامی ہے، سربراہ بگٹی قبائل کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بگٹی قبائل کے سربراہ نواب میر عالی بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب اور امن کی صورتحال تشویشناک ہے، حکومت کہیں نظر نہیں آتی، ریاستی رٹ کی صورتحال یہ ہے کہ لوگ قومی شاہراہوں پر سفر سے خوفزدہ ہیں، صوبائی حکومت قیام امن اور لوگوں کو تحفظ نہیں دے پارہی یہ بڑی ناکامی ہے۔ سوئی ڈیرہ بگٹی میں حالات اس قدر خراب ہوچکے ہیں کہ انسانی جانیں محفوظ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل، سابق کونسلر پیر جان بلوچ اور صلاح الدین کبزئی ٹیوب ویل کا معائنہ کررہے ہیں

سبی کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی سازش ناکام بنادینگے، نواب باروزئی

معصوم جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، سبی بم دھماکے کی مذمت

امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائیوں سے ہم مرعوب ہونے والے نہیں، سابق وزیر اعلیٰ

سبی (آئی این پی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف سبی تمندار اقوام پنی نواب غوث بخش خان باروزئی نے کہا ہے کہ سبی کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی سازش کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے پشتون معاشرے میں بے گناہ معصوم بچوں کو نشانہ نہیں بنایا جاتا معصوم جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں سبی میں دیسی بم دھماکے میں شہید ہونے والے بچے سمیت دیگر بچوں کے زخمی ہونا افسوسناک ہے ایسے واقعات کی روک تھام کے لئے عملی قدم اٹھایا جائے شہید بچے کے لواحقین کے غم اور .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کا نام و تصویر نشر کرنے کیخلاف درخواست پر حکومت، پیمرا کو نوٹس

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے بانی چیئرمین و سابق وزیراعظم عمران خان کا نام میڈیا پر نشر کرنے کے خلاف درخواست پر وفاقی حکومت اور پیمرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا، جسٹس فاروق حیدر نے پی ٹی آئی سینٹرل پنجاب کے سینئر نائب صدر اکمل خان باری کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار اکمل باری کے وکیل خرم کھوسہ نے دلائل دیتے ہوئے کہا پیمرا کی ہدایات پر بانی پی ٹی آئی کا نام میڈیا پر نشر نہیں کیا جارہا، نام .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

چشمہ اچوزئی سے نوجوان کے اغواء کیخلاف احتجاجاً شاہراہ بلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چشمہ اچوزئی سے نوجوان کے مبینہ اغواء کیخلاف ملوی کے رشتہ داروں اور اہل علاقہ نے بلیلی کے مقام احتجاجاً شاہراہ کو بلاک کرکے ٹریفک معطل کردی، ٹریفک معطل ہونے سے کوئٹہ کا صوبے جنوبی اضلاع سے رابطہ منقطع ہوگیا، پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے چشمہ اچوزئی .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

وندر، ٹریفک حادثہ، موٹرسائیکل پرسوار 2 افراد جاں بحق

وندر (یو این اے) وندر کے قریب ٹرک اور ٹریکٹر کی زد میں آکر موٹرسائیکل پر سوار 2 جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر وندر کے قریب مراد ہوٹل کے مقام پر ٹرک ٹریکٹر اور موٹر سائیکل کے مابین خوفناک تصادم کے باعث موٹر سائیکل پر سوار دو افراد، نواز ولد اللہ بچایا اور اس کا ساتھی زاہد احمد ولد محمد امین قوم صابرہ ہے جن کی شناخت ہوئی ہے جو کہ حب سے وندر آرہے تھے کہ آدم کے مقام پر ٹرک اور .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف قرضے حکمرانوں کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہیں، مولانا ہاشمی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ آئی ایم ایف ورلڈ بنک کے قرضے حکمرانوں، اسٹیبلشمنٹ کی ترقی وخوشحالی کیلئے جبکہ عوام اور ملک کی ترقی وخوشحالی کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ بھاری سودی قرضوں کے شادیانے بجانے والے ملک وقوم کے خیرخواہ نہیں بلکہ ان اداروں کے آلہ کار ہیں جماعت اسلامی ملک وقوم کے دلوں کی آواز بننے کی سب اپنی سیاسی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بارڈر بندش کے خلاف اسمبلی فورم پر آواز اٹھاؤں گا، زابد علی ریکی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے واشک، پنجگور، تربت، چاغی، گوادر، کے بارڈرز بندش میں مزید ایک دن اضافے کے حکومتی احکامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومتی احکامات کے خلاف بلوچستان اسمبلی فورم پر اٹھانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اضلاع کے منتخب نمائندگان پر مشتمل اجلاس کرکے بارڈر بندش کے خلاف .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا انکی رہائش گاہ میں لگنے والے کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور زیادہ تر مسائل موقع پر حل کرائے علی مدد جتک کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری میں تمام عوامی مسائل کو اولین ترجیحات .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

فیصلہ لکھ دینگے تاکہ آئندہ بچے عدالتوں میں رل نہ رہے ہوں، اسلام آباد ہائیکورٹ

شہید ذوالفقار بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کو کیوں بدنام کرنا چاہ رہے ہیں؟ فوری جاکر پیپر اپلوڈ کریں اور عدالت کو آگاہ کریں

کیا بچوں کو پہلے دن سے بے ایمانی کا پیغام دے رہے ہیں؟ جسٹس ارباب طاہر، طلباء کے اونچی آواز میں بات کرنے پر برہم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس ارباب طاہر نے ریمارکس دیئے ہیں، فیصلہ لکھ دیں گے تاکہ آئندہ بچے عدالتوں میں رل نہ رہے ہوں، عدالت عالیہ اسلام آباد میں شہید ذوالفقار بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کے ایم ڈی کیٹ کیخلاف کیس پر جسٹس ارباب طاہر نے سماعت کی، جسٹس ارباب طاہر نے استفسار کیا کمیٹی نے کیا فیصلہ کیا ہے؟ وکیل پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، میر عاصم کرد گیلو، صوبائی مشیر صنعت علی حسن زہری ودیگر ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ میں درخت لگانے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں، کمشنر کوئٹہ

ایسے درخت لگائے جائیں گے جو موسم کے مطابق پروان چڑھ سکیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی زیر صدارت کوئٹہ میں سرکاری اراضی پر درخت لگانے اور پہاڑوں کو سرسبز بنانے کے منصوبے پر عملدرآمد کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ عبداللہ کے علاوہ محکمہ زراعت، جنگلات، کیو ڈی اے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے علاوہ دیگر محکمے کے افسران موجود تھے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار سے ایک شخص کی نعش برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مولہ چٹوک سے بزرگ شخص کی نعش برآمد اطلاعات کے مطابق خضدار سے ڈیڑھ سو کلومیٹر دور سب تحصیل مولہ کنواں چٹوک کے علاقہ سے ایک بزرگ شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے جنہیں مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ شناخت .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سول ہسپتال میں صحت کارڈ علاج بندش پر افسوس، پشتونخوا نیپ

فیصلہ صوبائی حکومت، وزیر اعلیٰ اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام کے لفاظی دعووں کی نفی ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ شہر کے مرکزی سرکاری سول ہسپتال جناح روڈ میں صحت کارڈ کے ذریعے علاج پر بندش لگانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس غیر انسانی اقدام کی پرزور مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ سول ہسپتال جناح روڈ غریب عوام کیلئے علاج معالجے کی سہولت کا اہم مرکز ہے اور اس میں صرف گائنی کے شعبے میں صحت کارڈ کی سہولت موجود ہے جو کہ خوش آئند ہے اور قابل تعریف ہے جبکہ امراض قلب سمیت .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی میں گولڈ میڈلسٹ انتقا کے قتل میں ملوث ملزم خضدار سے دوبارہ گرفتار

خضدار (یو این اے) کراچی میں گولڈ میڈلسٹ انجینئر انتقا معین کے قتل میں ملوث ملزم کو دوبارہ خضدار سے گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ایس پی عبدالعزیز جکھرانی کے مطابق ملزم نے کراچی کے علاقے گلشن اقبال میں گولڈ میڈلسٹ کو قتل کیا تھا ملزم کو پہلے بھی خضدار سے گرفتار .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کسانوں کو درپیش چیلنجوں سے نمٹیں گے، مولانا ہدایت الرحمن

مارکیٹ کی عدم موجودگی کے باوجود جعفرآباد میں مارکیٹ کمیٹی ٹیکس وصول کرتی ہے، ممبرز

ایف سی ایس میں کمیٹی کو اعتماد میں لئے بغیر غیر متعلقہ شخص کی نامزدگی خلاف قانون ہے

کوئٹہ (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے محکمہ زراعت وکوآپریٹو سوسائٹی کی نشست مولانا ہدایت الرحمن کی صدارت میں بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا محکمہ زراعت و کوآپریٹو سوسائٹی کے کام، ذمہ داریوں اور چیلنجوں .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

نصراللہ زیرے ودیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رزاق خان بڑیچ، مرکزی کمیٹی ممبر حاجی سلام خان بڑیچ، ضلع کمیٹی ممبر صادق زرلاندہ، غازی امان اللہ خان، ابتدائی یونٹ سیکرٹری سعداللہ خان نے حاجی ناصر .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، بخت محمد کاکڑ

صوبے کے تمام ہسپتالوں میں شکایات بکس رکھے جائیں گے جس کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے گی اور شکایات کا ازالہ کیا جائیگا

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا وژن ہے صحت کے شعبے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے میں عوام کو صحت کی جدید اور معیاری سہولتیں فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اس مقصد کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج بلوچستان انسٹیٹیوٹ فار نیورولوجی یورولوجی کوئٹہ میں اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے UNHCR کے تعاون سے آکسیجن پلانٹ کے تنصیب کے افتتاحی پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو BINUQ لیاقت آغا، ایڈیشنل سیکرٹری صحت محمد عارف .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ میر زرین مگسی میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار ایک ماہ کی چھٹی پر چلے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار نے ایک ماہ کی چھٹی لے لی، جسٹس بابر ستار کی کورٹ میں 30 ستمبر سے 29 اکتوبر تک کیسز کی سماعت نہیں ہوگی، چیف جسٹس عامر فاروق نے جسٹس بابر ستار کی ایک ماہ کی چھٹی منظور کرلی، جسٹس بابر ستار سوموار کو آئندہ عدالتی ہفتے کے آغاز پر 30 ستمبر سے 29 اکتوبر تک چھٹی پر ہوں گے .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر